ہاشمیہ جنتری

۲۰۰۷ء

Scanned with CamScanner

حی علی خیر العمل

تاریخ گواہ ہے کہ دین اسلام کی بقاء اور مذہب تشیع کی تعمیر و ترقی کو سب سے زیادہ قوت واقعہ کربلا نے بخشی ہے مظلوم کربلا کے ذکر پاک میں ایک خاص قسم کی جاذبیت ہے جس نے ہر باشعور انسان کو مذہب تشیع کی پیروی کی طرف مائل کیا ہے دین اسلام کی حقانیت عزاداری مظلوم کربلا کے ذریعے ہم تک پہنچی ہے اور عزاداری کی بنیاد خواتین نے رکھی ہے۔

کربلا کی شیر دل خاتون شیرؑ خدا کی بیٹی حضرت زینبؑ عالیہ نے اپنے مظلومؑ بھائی کی شہادت کے بعد کربلا ہی سے عزاداری کو شروع فرمایا۔ کربلا کے شہیدوں کی لاشوں پہ بی بی عالیہ کے درد بھرے مرثیے اور بین اور کوفہ و شام کے بازاروں اور درباروں میں درد بھرے خطبے تھے کہ جنہوں نے تخت یزیدیت کو ہلا کر رکھ دیا۔

ام المصائب کے درد بھرے خطبے عزاداری کی بنیاد ہیں بی بی عالیہؑ کے پاکیزہ مشن کو شیعہ خواتین نے ہر زمانہ میں زندہ رکھا اور اس پر فتن دور میں مذہب شیعہ کے خلاف نت نئی خرافات کی جواب دہی اور مقصد و مشن زینبیؑ کو منظم و اجاگر کرنے کے لیے ایسی تربیت و تعلیمُ یافتہ مبلغہ و ذاکرہ و عالمہ کی اشد ضرورت ہے جو خود زیور علم و عمل سے آراستہ و پیراستہ ہو کر آئندہ آنے والی نسلوں کی تعلیم و تربیت کر سکیں۔

لہٰذا اس اشد ضرورت کے پیش نظر اور آپ کے اپنے دینی ادارہ مدرسہ جامعہ ہاشمیہ کے زیر اہتمام ایک ایسا تعلیمی و تربیتی کورس ترتیب دیا گیا ہے جو مجالس خوانی اور دین فہمی کے لیے نہایت مفید ہے لہٰذا مجالس پڑھنے کا شوق رکھنے والی میٹرک یا ایف۔ اے یا بی۔ اے پاس وغیرہ بچیوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ اس تعلیمی و تربیتی کورس میں شامل ہو کر مجلس پڑھنا سیکھیں تاکہ علوم محمدؐ و آل محمدؐ کی ترویج و تبلیغ کر کے عند اللہ مثاب و ماجور ہوں۔

مذکورہ بالا کورس تقریباً ایک سال میں ختم ہوگا تدریسی فرائض کی انجام دہی کے لیے باہر سے ایک تعلیم یافتہ عالمہ فاضلہ کی خدمات حاصل کی گئی ہیں لہٰذا داخلہ کے خواہش مند والدین فوری رابطہ کریں تاکہ منظم طریقہ سے فوراً ایک کلاس کا آغاز کر دیا جائے تاخیر سے رابطہ کرنے والی بچیوں کی کلاس کا آغاز آئندہ سال کیا جائے گا۔

مزید معلومات کے لیے بچیوں کے والدین خود تشریف لائیں یا مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کریں۔

منجانب

شعبہ نشر و اشاعت
جامعہ ہاشمیہ
بلال ٹاؤن جہلم
رابطہ کے لیے
مولانا سید ابرار حسین نقوی
پرنسپل جامعہ ہاشمیہ

فہرست مضامین

دیباچہ 2
فضیلت علماء 2
حی علی خیر العمل 3
دُعائے سریع الاجابۃ 5
دُعائے حاجت 6
نئے سال کی دُعا 7
مختلف دُعائیں 8
درود کے فضائل 9
اسرار غیبی 10
زبان بندی 11
اسم الٰہی یارزاق 12
کمالات جفر 14
مجرب عملیات 15
وسعت رزق 16
نقش سورۂ اخلاص 18
ستارہ زحل عدد 8 اور آپ 19
نقش سورۂ یٰسین 20
نماز جماعت ترک کرنے کی سزا 21
ہیپاٹائٹس کا مؤثر علاج 22
اکثیر نقوش و عمل 23
قرض وصول کرنے کا عمل 25
نوروز 27
عالمی پیشگوئیاں 30
تقویم 34
خمس کی اہمیت 39
مومن کی نشانی علیؑ کی زبانی 45
اسلامی پردے کی اہمیت 47
عدد 6 اور مولائے کائنات 51
شوگر کا علاج 53
پتھری کا علاج 57
نومولود کے اسلامی نام 62
سورہ کوثر کا راز 64
مختلف بیماریوں کا علاج 70
روحانی علاج 71
طلاق 72
لفظ اللہ کے فضائل 74
تعبیر خواب 76
حیدری فالنامہ 78
بچے کی پرورش میں مدد 79
امتحان قدرت 80
اسمائے الٰہی کی برکات 81
گھریلو ٹوٹکے 82
اسلام میں اخلاق اور سیاست 84
تقلید 86
وسعت رزق کے اعمال 89
آپ اور آپ کے برج 90
حیدری فالنامہ 100
قرآنی دُعائیں 103
فہرست کتب 104

دُعائے سریع الاجابة

ایک شخص نے مولائے کائنات امیرالمومنینؑ سے اپنی دُعاؤں کے دیر سے قبول ہونے کی شکایت کی تو آپؑ نے فرمایا تم "دعا سریع الاجابۃ" جلد قبول ہونے والی دُعا کیوں نہیں پڑھتے اس نے پوچھا کہ وہ کونسی دعا ہے آپ نے فرمایا وہ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، تیرے عظیم اعظم بزرگ باعزت،

الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ النُّوْرِ الْحَقِّ الْبُرْهَانِ الْمُبِيْنِ۔ الَّذِیْ هُوَ نُوْرٌ مَّعَ نُوْرٍ

خزانہ شدہ چھپے ہوئے نور حق دلیل اور ظاہر نام کے وسیلہ سے وہ نور کے ساتھ

وَّنُوْرٌ مِّنْ نُّوْرٍ وَّنُوْرٌ فِیْ نُوْرٍ وَّنُوْرٌ عَلٰی كُلِّ نُوْرٍ وَّنُوْرٌ فَوْقَ كُلِّ نُوْرٍ وَّنُوْرٌ

نور نور میں سے نور نور میں نور ہر نور پر دوسرا نور ہر نور کے اوپر ایک اور نور ہے

تُضِیْٓءُ بِهٖ كُلُّ ظُلْمَةٍ وَّيُكْسَرُ بِهٖ كُلُّ شِدَّةٍ وَّكُلُّ شَيْطَانٍ مَّرِيْدٍ وَّكُلُّ جَبَّارٍ

اور وہ نور کہ جس سے ہر تاریکی روشن ہوجاتی ہے وہ کلام ہر سختی کو توڑتا ہے ہر سرکش شیطان کو دباتا ہے۔

عَنِيْدٍ لَّا تَقِرُّبِهٖ اَرْضٌ وَّلَا يَقُوْمُ بِهٖ سَمَآءٌ وَّمَا يَاْمَنُ بِهٖ كُلُّ خَآئِفٍ يَّبْطُلُ بِهٖ

ہر سخت گیر کو نرم بناتا ہے اس نام کو زمین سہار نہیں سکتی اور آسمان اسے اٹھا نہیں سکتا۔ اس کے ذریعے ہر خائف امن پاتا ہے۔

سِحْرُ كُلِّ سَاحِرٍ وَّبَغْیُ كُلِّ بَاغٍ وَّحَسَدُ كُلِّ حَاسِدٍ وَّيَتَصَدَّعُ لِعَظَمَتِهٖ

ہر جادوگر کا جادو ٹوٹتا ہے سرکش کی سرکشی ختم ہوتی ہے حاسد کا حسد مٹ جاتا ہے

الْبَرُّ وَالْبَحْرُ وَيَسْتَقِلُّ بِهِ الْفُلْكُ حِيْنَ يَتَكَلَّمُ بِهِ الْمَلَكُ فَلَا يَكُوْنُ

اس نام کی عظمت سے میدان وسمندر کانپتے ہیں اس کے ذریعے کشتیاں ٹھہر جاتی ہیں

لِلْمَوْجِ عَلَيْهِ وَهُوَ اسْمُكَ الْاَعْظَمُ الْاَجَلُّ النُّوْرُ الْاَكْبَرُ

جب فرشتہ اسے زبان پہ لاتا ہے پھر لہریں اس کشتی پر کچھ اثر نہیں کر پاتیں

الَّذِیْ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ وَسْتَوَيْتَ بِهٖ عَلٰی عَرْشِكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ

اور وہ ہے تیرا عظیم سے عظیم تر نام کہ جو روشن سے روشن تر سب سے بڑا نور ہے

وَّاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَسْئَلُكَ بِكَ وَبِهِمْ اَنْ تُصَلِّیْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ○

میں محمدؐ و اہل بیت محمدؐ کے ذریعے تیری طرف آیا ہوں اور سوال کرتا ہوں تیرے اور ان کے واسطے سے کہ تو رحمت نازل فرما محمدؐ وآل محمدؐ پر اور یہ کہ میرا کام بنا دے۔

☆ وان تفعل بی کذوا کذا. "کذا او کذ کی بجائے اپنی حاجات بیان کرے۔"

ہر حاجت کے لیے دُعا

دُعائے حضرت امام جعفر صادقؑ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَا نُوْرُ یَا قُدُّوْسُ یَآ اَوَّلَ الْاَوَّلِیْنَ یَا اٰخِرَ الْاٰخِرِیْنَ یَا رَحْمٰنُ یَا

اے روشن کرنے والے اے پاک تر اے پہلوں سے پہلے اور پچھلوں سے پچھلے

رَحِیْمُ اغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُغَیِّرُ النِّعَمَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُحِلُّ

اے بڑے رحم والے اے مہربان میرے وہ گناہ بخش دے جو نعمتوں سے محرومی کا باعث ہیں۔

النِّقَمَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَهْتِكُ الْعِصَمَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُنْزِلُ

میرے وہ گناہ بخش دے جو عذاب کا موجب ہیں۔

الْبَلَآءَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تُدِیْلُ الْاَعْدَآءَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ

اور میرے گناہ بخش دے جو پوشیدہ فاش کرنے کا سبب ہیں۔

تُعَجِّلُ الْفَنَآءَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَقْطَعُ الرَّجَآءَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ

میرے وہ گناہ بخش دے جو تباہی میں جلدی کا موجب ہیں میرے وہ گناہ بخش دے جو امیدیں قطع کر دیتے ہیں۔

الَّتِیْ تُظْلِمُ الْهَوَآءَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَكْشِفُ الْغِطَآءَ وَاغْفِرْلِیَ

میرے وہ گناہ بخش دے جو ماحول کو بگاڑتے ہیں میرے وہ گناہ بخش دے جو شرم کا پردہ چاک کرتے ہیں۔

الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَرُدُّ الدُّعَآءَ وَاغْفِرْلِیَ الذُّنُوْبَ الَّتِیْ تَرُدُّ غَیْثَ السَّمَآءِ.

میرے وہ گناہ بخش دے جو دُعاؤں کو رد کراتے ہیں اور میرے گناہ۔ بخش دے جو بارش میں رکاوٹ ڈالتے ہیں۔

☆ دُعا کے بعد اپنی حاجات طلب کریں۔

تقلید کیا ھے؟

تقلید سے مراد ہے کہ ہر انسان کو احکامِ الٰہی اور دستوراتِ دینی اور وظائفِ شرعی پر عمل کرنے میں ایسے مجتہد کی طرف رجوع کرنا چاہیے کہ جس میں اجتہاد کے شرائط موجود ہوں اور پھر اس کے مطابق عمل کرنا چاہیے یا یوں کہا جائے کہ ہر انسان کو اپنے اعمال مجتہد کے کہے کے مطابق انجام دینے چاہیں اور اپنے اعمال کو اس کے قول کی طرف مستند کرنا چاہیے۔

نئے سال کی دعا

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ حضرت رسولؐ خدا ہر سنے سال کی پہلی شب میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے اور دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اِلٰہُ الْقَدِیْمُ وَھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ فَاَسْئَلُکَ فِیْھَا الْعِصْمَۃَ مِنَ الشَّیْطٰنِ وَالْقُوَّۃَ عَلٰی ھٰذِہِ النَّفْسِ الْاَمَّارَۃِ بِالسُّوْءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْکَ یَا کَرِیْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَہٗ یَا ذُخْرَ مَنْ لَّاذُخْرَ لَہٗ یَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَہٗ یَا کَنْزَ مَنْ لَّا کَنْزَلَہٗ یَا حَسَنَ الْبَلَاءِ یَا عَظِیْمَ الرَّجَآءِ یَا عِزَّا لِضُعَفَآءِ یَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰی یَا مُنْجِی الْھَلْکٰی یَا مُنْعِمُ یَا مُجْمِلُ یَا مُفْضِلُ یَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِیْ سَجَدَلَکَ سَوَادُ الَّیْلِ وَنُوْرُ النَّھَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ وَشُعَاعُ الشَّمْسِ وَدَوِیُّ الْمَآءِ وَحَفِیْفُ الشَّجَرِ یَا اَللّٰہُ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا خَیْرًا مِّمَّا یَظُنُّوْنَ وَاغْفِرْلَنَا مَا لَا یَعْلَمُوْنَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَایَقُوْلُوْنَ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اٰمَنَّا بِہٖ کُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا یَذَّکَّرُ اِلَّا اُولُوالْاَلْبَابِ ط رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْھَدَیْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ط۔

..........قارئین ہاشمیہ جنتری کو نیا سال مبارک ہو..........

دُعائے امام زمانؑ

اَللّٰھُمَّ کُنْ لِوَلِیِّکَ الْحُجَّۃِ ابْنِ الْحَسَنِ صَلَوٰتُکَ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰبَآئِہٖ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَۃِ وَفِیْ کُلِّ سَاعَۃٍ وَّلِیًّا وَّحَافِظًا وَّقَآئِدًا وَّنَاصِرًا وَّدَلِیْلًا وَّعَیْنًا حَتّٰی تُسْکِنَہٗ اَرْضَکَ طَوْعًا وَّتُمَتِّعَہٗ فِیْھَا طَوِیْلًا ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ۔

دُعا سید الشہداءؑ

یہ دعا آپؑ نے یوم عاشورہ امام زین العابدینؑ کو تعلیم فرمائی جب کہ خون آپؑ کے بدن سے بہہ رہا تھا پس آپ نے سید سجاد کو سینہ سے لگایا اور یہ دعا تعلیم فرمائی جو اہم حاجتوں، سخت مصیبتوں اور غم اندیشوں کو دور کرنے کیلئے ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ طٰہٰ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ یَا مَنْ یَّقْدِرُ عَلٰی حَوَآئِجِ السَّآئِلِیْنَ یَا مَنْ یَّعْلَمُ مَا فِی الضَّمِیْرِ یَا مُنَفِّسًا عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ یَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ یَا رَاحِمَ الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ یَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ یَا مَنْ لَّا یَحْتَاجُ اِلَی التَّفْسِیْرِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِیْ کَذَا وَکَذَا۔

کذاوکذا کی جگہ اپنی حاجات گنائے۔

دعا قلیل الفظ وکثیر المعانی

شب جمعہ کی دعا

علامہ محمد باقر مجلسی فرماتے ہیں کہ میں درج ذیل دعا شب جمعہ کو تلاوت کی جب دوسری شب جمعہ ہوئی تو میں نے چاہا کہ پھر اس دعا کو پڑھوں ابھی یہ ارادہ کیا تھا کہ گھر کی چھت کی طرف سے آواز آئی کہ اے فاضل کامل، گذشتہ شب جمعہ کی دعا کا اجر وثواب لکھنے سے کاتبان اعمال ابھی فارغ نہیں ہوئے ہیں کہ تم دوبارہ شروع کرنے لگے ہوں۔

(نوٹ: شب جمعہ کے علاوہ بھی یہ دعا پڑھی جا سکتی ہے خداوند عالم نے شب جمعہ کو 36 گھنٹے قرار دیا ہے یعنی شب جمعہ، روز جمعہ اور شب ہفتہ)۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مِنْ اَوَّلِ الدُّنْیَا اِلٰی فَنَآئِھَا وَمِنَ الْاٰخِرَۃِ اِلٰی بَقَآئِھَا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ نِعْمَۃٍ وَاَسْتَغْفِرُو اللّٰہَ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط۔

اول وآخر درود پاک تلاوت کریں۔

امامیہ بک سٹال جعفری الیکٹرک سٹور دولتالہ گوجر خان

فتح آباد کتاب گھر حافظ آباد

انتہائی مشکل اور مصیبت کے وقت کی

دعائیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ وَیَجْعَلُکُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ط ءَاِلٰہٌ مَّعَ اللّٰہِ ط قَلِیْلًا مَّا تَذَکَّرُوْنَ ط

آیت مجیدہ کی تلاوت کی تعداد، ایک نشست میں، بارہ ہزار مرتبہ بتائی جاتی ہے پریشانی کے وقت جتنی زیادہ تلاوت کر سکیں، کر لیں باقی عمل کے طور پر اگر کرنا ہے تو عاملوں سے رجوع کریں یا اعمال کی دیگر کتابیں دیکھ لیں۔

نظر بد

ایک دن حضور نبی کریم ﷺ بقیع کے قبرستان سے گزرے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ قسم بخدا! اس قبرستان کے اکثر لوگ نظر بد کی وجہ سے مرے ہیں آپ نے فرمایا کہ نظر بد اونٹ کو دیگ میں اور انسان کو گور میں پہنچا دیتی ہے۔

نظر بد سے بچنے کے لیے

پارہ نمبر ۲۹، سورہ ن والقلم، آیت نمبر ۵۲ کو لکھ کر پاس رکھیں اور گھر میں لٹکائیں حضرت امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کا ارشاد گرامی ہے کہ نظر بد کی تاثیر کو روکنے کے لیے اس آیت کو پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّہٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا ھُوَ اِلَّا ذِکْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ط

اول آخر درود پاک پڑھ کے گیارہ مرتبہ اس آیت مجیدہ کو پڑھیں۔

نظر بد کے دفع کے لیے ہاتھوں کو منہ کے سامنے بلند کر کے سورہ حمد، سورہ توحید اور معوذتین (یعنی سورہ الفلق اور سورہ الناس) پڑھ کر منہ پر پھیر لیں۔

نظر بد

☆ تفسیر مجمع البیان میں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد ہے "تحقیق نظر بد کا ہونا صحیح ہے اور نظر بد پہاڑ کی چوٹی کو بھی گرا دیا کرتی ہے"۔

☆ حضرت نبی اکرم ﷺ کا حسنین شریفین کے لیے نظر بد کا تعویذ کرنا منقول ہے۔

☆ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے دونوں بیٹوں کو نظر بد کا تعویذ دیا تھا۔

☆ ایک روایت میں ہے کہ حضرت جبرائیلؑ جو تعویذ..... نظر بد کے لیے حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے تھے وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ حَاسِدٍ اللّٰہُ یَشْفِیْکَ۔

☆ حضرت رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کر سکتی ہوتی تو نظر بد تقدیر سے سبقت کرتی۔ (تفسیر انوار النجف، ص ۱۶۵)

☆ غزوہ خندق میں حضرت سلمان محمدی کو قیس بن صعصعہ کی نظر بد لگی اور وہ بیمار ہو گئے جب حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیس کو سلمان کے لیے وضو کرنے کا حکم دیا اور اس کے اس پانی کو برتن میں جمع کر کے حضرتِ سلمان کو اس سے نہلانے کا حکم دیا اور یہ کہ خالی برتن کو حضرت سلمان کی پشت کے پیچھے الٹا رکھ دیا...... پس اس عمل سے نظر بد کا اثر جاتا رہا۔ (تفسیر انوار النجف، جلد ۱۱ ص ۱۶۵)

استخارہ تسبیح

یہ استخارہ حضرت صاحب العصر علیہ السلام سے منسوب ہے اس کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو ہو کر کعبہ کی طرف منہ کر کے تسبیح ہاتھ میں لیجئے جس کام کی نیت کی ہے اس کو ذہن میں رکھتے ہوئے پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھیے اس کے بعد یہ دعا بسم اللہ پڑھیں۔

اَسْتَخِیْرُ اللّٰہَ بِرَحْمَۃٍ خِیَرَۃٍ فِیْ عَافِیَۃٍ۔

اس کے بعد پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھیے اور آنکھیں بند کر کے تسبیح کے دانوں پر ہاتھ ڈالیے اور دو، دو کر کے شمار کریں۔ اگر ایک دانہ باقی رہے تو خوب ہے اگر کوئی دانہ نہ رہے تو بد ہے وہ کام ہرگز نہ کریں۔

دن	اوقات استخارہ
جمعہ	صبح صادق سے طلوع آفتاب تک زوال سے عصر تک۔
ہفتہ	صبح صادق سے چاشت تک ظہر سے عصر تک۔
اتوار	صبح صادق سے ظہر تک، عصر سے مغرب تک۔
سوموار	صبح صادق سے طلوع آفتاب تک چاشت سے ظہر تک عصر سے عشاء تک،
منگل	چاشت سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک۔
بدھ	صبح صادق سے ظہر تک، عصر سے عشاء تک۔
جمعرات	صبح صادق سے طلوع آفتاب تک ظہر سے عشاء تک۔

بچیوں کے رشتے کے لیے

یہ اس دور کا بہت ہی بڑا مسئلہ ہے۔ جس سے والدین کی اکثریت پریشان ہے اس کا آسان حل یہ ہے کہ جس بچی کی شادی نہ ہو رہی ہو وہ سورہ مبارک یوسف کی آیت نمبر ۴ کا ورد اپنے نام مع والدہ کے اعداد کے برابر رات کو زیرِ آسمان کریں ان شاء اللہ بخت کشائی ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

اِنِّیْ رَاَیْتُ اَحَدَ عَشَرَ کَوْکَبًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ رَاَیْتُھُمْ لِیْ سٰجِدِیْنَ۔

نماز میں سستی

حضرت زہراؑ فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے بابا رسول خداﷺ سے ان افراد کے بارے میں معلوم کیا جو اپنی نمازوں میں سستی کرتے ہیں۔

آپﷺ نے فرمایا جو مرد یا عورت نماز میں سستی دکھائے اور اسے معمولی سمجھے، خداوند عالم اسے پندرہ بلاؤں میں مبتلا کرتا ہے۔

۱۔ اس کی عمر سے برکت اٹھالے گا۔
۲۔ اس کی روزی سے برکت اٹھالے گا۔
۳۔ اس کے چہرے سے صالحین کے نور کو محو کر دے گا۔
۴۔ وہ جو کام بھی کرے گا اس کا صلہ نہیں ملے گا۔
۵۔ اس کی دعائیں قبول نہیں ہوں گی۔
۶۔ صالحین کی دعائیں بھی اس کے حق میں بے فائدہ ہوں گی۔
۷۔ ذلیل ہو کر مرے گا۔ ۸۔ بھوکا مرے گا۔
۹۔ پیاسا مرے گا۔ اس طرح کہ اگر دنیا کی تمام نہروں کا پانی بھی اسے پلایا جائے تب بھی اس کی پیاس نہیں بجھے گی۔
۱۰۔ اس کی قبر میں ایک فرشتہ مقرر کیا جائے گا جو مسلسل اسے تکلیف پہنچاتا رہے گا۔
۱۱۔ قبر اس کے لیے تنگ ہو جائے گی۔
۱۲۔ قبر اس کے لیے تاریک ہو جائے گی۔
۱۳۔ اللہ ایک فرشتے کو مقرر کرے گا جو اسے منہ کے بل زمین پر اس طرح کھینچے گا کہ سب اس کو دیکھ رہے ہوں گے۔
۱۴۔ حساب کتاب کے وقت اس پر بہت زیادہ سختی کی جائے گی۔
۱۵۔ اور خدا اس کی طرف نہیں دیکھے گا اور پاکیزہ نہیں کرے گا اور اس پر دردناک عذاب نازل ہوگا۔

غیبی امداد

اگر ہر طرف سے مشکلات گھیر لیں چارہ کار نظر نہ آتا ہو تو ہر روز سورہ فتح پڑھیں حسب ذیل آیت نمبر ۷ پر آئیں تو اس آیت شریف کو ۳۰۰ مرتبہ تکرار کریں اور دعا مانگیں پھر سورہ مکمل کر لیں۔ آیت یہ ہے۔

وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ط

رفع حاجت کے لیے مجرب ترین عمل

ایسی مشکل جو حل ہوتی نظر نہ آتی ہو اس کے لیے یہ عمل بہت موثر ہے ہر روز ۱۴ مرتبہ سورہ مبارک جن پڑھ کر اس کا ہدیہ زعفر جن اور مومن جنات کو کریں انشاءاللہ حتماً غیب سے امداد ملے گی۔

دُرود کے فضائل

تفسیر انوار النجف کی روشنی میں مفسر قرآن علامہ حسین بخش جاڑا اعلی اللہ مقامہ

حضرت امام حسن عسکری سے مروی ہے کہ بنی اسرائیل پر جب فرعون کے مظالم سخت ہوئے تو حضرت موسیٰ پر وحی نازل ہوئی کہ اپنی قوم محمد وآل محمد پر درود بھیجنا سکھائیں جب انہوں نے یہ عمل شروع کیا تو درود کی برکت سے ان کے مصائب کم ہو گئے جب ان کے ہاں بچہ کی پیدائش ہوتی تو فرعون کے ڈر سے اس کو کسی غار میں چھپا دیتے تھے اور اس پر دس مرتبہ درود پڑھ دیتے تھے۔

خداوند کریم اس کی تربیت کو ایک فرشتہ بھیج دیتا تھا اور بقدرت خدا وہ اپنی انگلی کو چوستا تھا تو اس سے دودھ جاری ہو جاتا تھا جس سے اس کی نشو ونما ہوتی تھی اور یہی وجہ تھی کہ باوجود فرعون کے تشدد کے بنی اسرائیل کی تعداد میں کمی واقع نہ ہوئی اور عورتوں نے بھی درود پاک کو ورد زبان بنایا جس سے فرعونیوں کو ان کی آبروریزی پر قدرت نہ ہو سکتی تھی ہر روز درود شریف ایک سو دفعہ اور بروز جمعہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا وسعت رزق کا موجب ہے۔

معصومؑ نے متعدد جگہ پر فرمایا ہے کہ دعا کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خدا کی حمد وثنا کی جائے پھر محمد وآل محمد پر درود بھیجا جائے اور پھر اپنی حاجات کا تذکرہ کیا جائے اور آخر میں بھی درود پڑھا تو دعا ضرور پوری ہوگی۔

ہاں! بعض اوقات دعا کا تاخیر میں پڑ جانا رد دعا کی علامت نہیں بلکہ اس میں مصلحت خداوندی کارفرما ہوتی ہے۔ نیز بعض اوقات مطلوبہ چیز واقع میں نقصان دہ ہوتی ہے۔ اس لیے بھی ظاہراً دعا قبول نہیں ہوتی اور خداوند کریم کی آخرت میں اس کے بدلہ میں اس کو زیادہ سے زیادہ نعمات کرامت عطا فرمائے گا۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ جس کی کوئی حاجت ہو تو پہلے درود پڑھے پھر اپنی حاجت کا ذکر کرے اور آخر میں پھر درود پڑھے کیونکہ خدا اس سے اجل وارفع ہے کہ دعا کی دو طرفوں کو قبول کرے اور درمیان کو قبول نہ کرے کیونکہ درود شریف نے ضرور ہی قبول ہونا ہے۔

نماز باجماعت کی پہلی صف پر فرشتے درود بھیجتے ہیں۔

درود پڑھنا آل محمدؑ کی تعظیم ہے

حضرت امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ شب جمعہ لاتعداد فرشتے زمین پر اترتے ہیں جن کے ہاتھوں میں سونے کے قلم اور چاندی کے ورق ہوتے ہیں اور وہ ہفتہ کی رات تک محمدؐ وآل محمدؐ پر درود بھیجنے والوں کا درود وسلام لکھتے ہیں۔

پس! آپ نے راوی حدیث سے فرمایا کہ جمعہ کی شب و روز میں درود وسلام زیادہ پڑھا کرو اور سنت یہ ہے کہ ہر روز ایک سو مرتبہ اور جمعہ کے روز ایک ہزار مرتبہ درود پاک پڑھا جائے اور آپ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے تو خدا اس کی ایک سو حاجات پوری کرے گا جس میں سے ۳۰ دنیا میں ستر آخرت میں۔

اسرار غیبی

افادات: علامہ آغا السید محمد ابوالحسن موسوی مشہدی

بیت الزہرا 44 سٹریٹ 106 آئی 8/4/8 اسلام آباد
فون نمبرز: 051-4443094
موبائل: 0300-509081,0345-5457551

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خداوند کریم بحق محمدؐ و آل محمدؐ ہاشمیہ جنتری کے قارئین گرامی کی حاجات ظاہری و باطنی و دنیاوی و آخروی کو پورا فرمائے اور مدیران و نشران جنتری کو موفق و موید فرمائے تاکہ وہ علمی روحانی تحائف عوام تک پہنچاتے رہیں جامعہ ہاشمیہ سے علماء و ذاکرین تیار ہو کر محراب و منبر کی ضروریات کو نہ صرف پورا کریں بلکہ دفاع مقدس کا فریضہ بڑھ چڑھ کر ادا کریں اور ولایت امیر المومنینؑ اور عزا سید الشہداء کا معنوی پیغام عوام تک پہنچا سکیں تمام اہل ایمان سے التماس ہے کہ جامعہ ہاشمیہ کے ساتھ تعاون فرمائیں۔

عمل ہمزاد

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَدُّوْحُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ عَلِیٌّ وَّلِیُّ اللّٰهِ۔

۱۰۰ مرتبہ شب جمعرات بلا ناغہ ۵۲ شب نوچندی جمعرات سے ابتداء کریں قطب کی طرف رخ کر کے پڑھیں، مٹی کے نئے چراغ میں تازہ روئی کی بتی بنائیں اور روغن زیتون ڈال کر چراغ روشن کر کے سامنے رکھیں نماز عشاء کے بعد چراغ کی لو کو دیکھ کر عمل پڑھیں اختتام عمل پر ہمزاد ظاہر ہوگا حسب قواعد شرائط طے کریں عمل سے پہلے اجازت ضروری ہے۔

عمل مجرب

ہر قسم کی حاجت اور پریشانی کے دور کرنے کے لیے یہ عمل بہت ہی موثر و مجرب ہے دو رکعت نماز ہدیہ حضرت سید الشہداء پڑھیں پھر ۱۲۸ بار یہ پڑھیں۔

اِلٰهِیْ بِحَقِّ الْحُسَیْنِ وَاَخِیْهِ وَجَدِّهٖ وَاَبِیْهِ وَ اُمِّهٖ وَ بَنِیْهِ وَشِیْعَتِهٖ وَمَوَالِیْهِ وَزَائِرِهٖ وَسُکَّانِهٖ وَمُجَاوِرِهٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَخْرِجْنِیْ مِنَ الْهَمِّ الَّذِیْ اَنَا فِیْهِ وَمِنَ الْغَمِّ الَّذِیْ اَنَا فِیْهِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط۔

(اول آخر ۵ بار صلوات پڑھیں)

ہر مرض کا علاج

ہر مرض کے لیے مندرجہ ذیل آیت کو چینی کے برتن پر عرق گلاب، زعفران سے لکھنے کے بعد پانی میں دھو کر پلا دیں انشاء اللہ شفا ہوگی۔

۷۸۶

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ سَلَامٍ قَوْلًا مِّنْ رَّبِّ الرَّحِیْمِ

حب شرطیہ

یُحِبُّوْنَهُمْ یَا جَبْرَائِیْلُ جَزَاكَ كَحُبِّ اللّٰهِ یَا مِیْكَائِیْلُ فَتَبَارَكَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِسْرَافِیْلَ وَاَتْرَاكَ اَشَدُّ حُبِّ اللّٰهِ یَا جَبْرَائِیْلُ۔

فلاں بنت فلاں کو حاضر کرو۔ حاضر کرو۔ حاضر کرو اول و آخر درود شریف (۱۱) مرتبہ بعد نماز عشاء ایک تسبیح پیر کی رات کو شروع کرے اور پیر کی رات کو ختم کر دے یعنی ۸ رات کا عمل ہے۔

آیات کریمہ یعنی دعائے یونس

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

عمل بلا ناغہ وقت کی پابندی کے ساتھ کرے اور ۴۱ شب بلا ناغہ ہر شب ۱۰۰ مرتبہ پڑھے اللہ کے حکم سے جس کام کے لیے پڑھے گا فتح نصیب ہوگی۔

۴۳۹ /6	۴۳۳ /1	۴۳۲ /8
۴۳۱ /7	۴۳۸ /5	۴۳۶ /3
۴۳۵ /2	۴۴۰ /9	۴۳۷ /4

۴۱ دن تک ہر روز ۱۰۰ نقش لکھ کر بہتے پانی میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈالے نقش کے نیچے اپنا مقصد ضرور لکھیں اس عمل کو ۴۱ دن لگا تار ۱۳۱۵ مرتبہ بلا ناغہ پڑھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

الحب فلاں بن فلاں حاضر شود۔ انشاء اللہ ضرور بہ ضرور حاضر ہوگا اور عاجزی کرے گا۔

محبت کے لیے

ذیل عبارت کو نقش پر ۲۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نقش کو وزن کے نیچے دبا دیں۔

یَا بَدُّوْحُ تَبَدَّحْتُ یَا لَبَدُّوْحِ وَالْبَدُّوْحِ فِیْ بَدُّوْحِ بَدُّوْحَكَ یَا بَدُّوْحُ

فلاں بنت فلاں سے فلاں بنت فلاں

یَا بَدُّوْحُ تَبَدَّحْتُ یَا لَبَدُّوْحِ وَالْبَدُّوْحِ

۱۰	[illegible]	۸
۴	[illegible]	۹
۶	۱۱	۳

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

مطلوب کا نام طالب کا نام

حاضری مطلوب

۷۸۲ ا، ب، ج، د، ہ، و، ز، ح، ط فلاں ابن فلاں علےحبہ فلاں بن فلاں ولقدعلمت انهم الجنة المحضرون.

۳۷۳	۳۷۶	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۶۹	۳۷۷
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۴	۳۷۱
۳۷۵	۳۷۰	۳۶۸	۳۸۰

الحب فلاں بن فلاں علے محبت وعشق اطاعت فلاں بنت فلاں

لکھنے کا دن اتوار ۱۲ بجے دن، لکھنے کا دن جمعرات ۱۲ بجے دن۔

ایک نقش کالی مرغی کے انڈے پر لکھ کر آگ کے نیچے دبا دیں اس کے بعد چار نقش سفید کاغذ لکھے ایک نقش وزن کے نیچے دبا دیں دوسرا پھل دار درخت کے ساتھ باندھنا ہے کہ ہوا میں جھولتا رہے مطلوب کے راستے میں دفن کریں۔ چوتھا نقش کسی قبر میں دائیں طرف دفن کریں اور پانچویں نقش کو سبز ریشمی کپڑے پر لکھیں اور عطر لگا کر اپنے بازو پر باندھ لیں انشاءاللہ کامیابی ہوگی۔

نقش برائے زبان بندی

زبان بندی کے واسطے مجرب ہے۔

یا قابض ۷۸۶ یا قابض

۲۸	۱۳	۳۳	۲۱
۳۳	۲۲	۲۷	۳۲
۳۳	زبان بندی بحکم خدا فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں	۲۹۰	۲۶
۳۰	۲۵	۲۴	۲۵

یا قابض یا قابض

وقت کی کوئی پابندی نہیں۔

مٹی کی چھوٹی سی ڈولی میں بند کر کے دریا یا نہر کے کنارے جا کر دفن کر دیں اللہ کے حکم سے ہمیشہ کے لیے مخالفت وبدزبانی بند ہوگی۔

رفع بندش کے لیے

سورہ مبارکہ تکویر ہر قسم کی بندش کو توڑنے کے لیے مجرب وموثر ہے اگر آپ بندش محسوس کریں تو ہر روز نماز فجر وعشاء کے بعد ۷ مرتبہ سورہ تکویر پڑھیں اگر بارش کے دوران ایک سو مرتبہ سورہ تکویر پڑھی جائے حاجت فوراً پوری ہوگئی اور بندش بھی رفع ہوگئی روزگار شادی بیاہ ہر کام کے لیے موثر ہے خود پڑھنا سونے پر سہاگہ اور بارش کے دوران اگر کوئی دوست یا عزیز پڑھ کر آپ کے حق میں دعا کرے تب بھی اثر ہوگا کئی بار تجربہ ہے۔

ارسال ھاتف

کسی بھی شخص سے اگر آپ کوئی حاجت رکھتے ہوں اور وہ اس کو پورا کرنے پر قادر بھی ہو مگر رابطہ نہ ہو یا وہ شخص ٹال مٹول کر رہا ہو، خواہ وہ دنیا کے کسی بھی حصہ میں ہو یہ عمل کریں انشاءاللہ آپ کا پیغام اس تک نہ صرف پہنچے گا بلکہ وہ آپ کی حاجت بھی فوراً پوری کرے گا عمل یہ ہے رات کو تنہائی میں پاکیزہ لباس پہن کر بخورات کو سلگانے کے بعد ایک سو مرتبہ عبارت عمل پڑھیں۔

يَاسِطِيعُ النُّورِ اَنْتَ الَّذِىْ وَضَعْتُ الْمُذِلَّةَ عَلَى رِقَابِ الْجَبَابِرَةِ فَلَايَسْتَطِيعُوْنَ رَفَعَ رَؤُسَهُمْ مِنْ خَوْفِ سُوْطِكَ.

پھر ایک مرتبہ یہ پڑھے۔

اَجِبْ يَاطَرُوْنَ السَّحَابِىْ اِذْهَبْ اِلٰى فلاں بن فلاں میرا یہ کام کرے اَلْوَاحًا اَلْوَاحًا اَلْوَاحًا اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلْعَجَلْ اَلسَّاعَةِ اَلسَّاعَةِ اَلسَّاعَةِ

اس طرح دس مرتبہ یہ عمل پڑھے یعنی ایک ہزار مرتبہ عبارت اول اور دس مرتبہ عبارت ثانی جس میں موکل کو حکم دیا جاے اختتام عمل پر ایک کالا بلا حاضر گی اس سے ڈرنے کی ضرورت نہیں آپ آرام سے اس کو اپنا کام کہہ دیں۔

ان آیات کی تلاوت ایک مرتبہ کریں موکل کو کام کہنے کے بعد موکل کو سلام کہیں اور سورہ جمعہ آیت نمبر ۱۰۔

فَاِذَاقُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِى الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُو اللّٰهَ كَثِيْرًا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ اور سورہ توبہ آیت ۴۱ اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اور سورہ نساء آیت ۴۷ يَا اَيُّهَاالَّذِيْنَ اُوْتُوالْكِتَابَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًالِّمَا مَعَكُمْ مِنْ قَبْلُ اَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَى اَدْبَارِ هَا اَوْنَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا اَصْحٰبَ السَّبْتِ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُولًا اِنْصَرَفُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ.

یہ عمل اگر نئے چاند میں متواتر ایک دن کریں تو عجیب اسرار دیکھیں گے۔

اسم الٰہی یارزاق

رزق ضروریات زندگی کا نام ہے اسم الٰہی ''یارزاق'' پڑھنے والے کو ازغیب روزی ملتی ہے جو شخص طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں ۱۰۔۱۰ بار اسم الٰہی یارزاق کی تلاوت کرے کبھی اس گھر میں مفلسی نہ ہو۔

تاجدار ہفت اقلیم امام ہشتم سرکار علی رضا فرماتے ہیں جو شخص روزانہ اس اسم اعظم کو ۳۰۸ تین سو آٹھ مرتبہ بعد نماز فجر پڑھے تو رزق کشادہ ہوگا جو شخص نیمہ شعبان میں کثرت سے پڑھے اور اسم الٰہی یارزاق انگوٹھی میں کندہ کر کے پہنے رزق میں فروانی ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْن

آیت مبارکہ کہ مندرجہ بالا کا نقش مربع چال آتشی سائل اپنے کو کبھی سیارے کے شرف میں زعفران مشک اور عنبر کی سیاہی سے لکھ کر پہنے رزق میں بے پناہ اضافہ ہوا گر چاندی پر کندہ کر کے لوح بنائے تو مزید فائدہ حاصل ہو۔

حامل لوح پر رزق کی فروانی ہو بند ھا ہوا بخت کشادہ ہو نقش لکھنے والا کم از کم حروف تہجی کا صاحب زکوٰۃ نصاب ہو، ورنہ فقیر کی خدمات حاصل کریں۔ (دق ہے۔۲۲۴۱)۔

یا اوپر درج شدہ عمل ''یارزاق'' پر اکتفاء کریں۔

الحق | قولہ

المتین ۵۶۰	ذوالقوۃ ۵۶۳	ھوالرزاق ۵۶۶	ان اللہ ۵۵۲
ان اللہ ۵۶۵	ھوالرزاق ۵۵۳	ذوالقوۃ ۵۵۹	المتین ۵۶۴
ذوالقوۃ ۵۵۴	المتین ۵۶۸	ان اللہ ۵۶۱	ھوالرزاق ۵۵۸
ھوالرزاق ۵۶۲	ان اللہ ۵۵۷	المتین ۵۵۵	ذوالقوۃ ۵۶۷

ولہ | الملک

چال آتشی

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نوٹ:

ہمارے ہاں شرفات کواکب میں الواح بنائی جاتی ہیں اگر قارئین ہاشمیہ جنتری میں سے کوئی شخص بنوانا چاہے تو درج ذیل کوپن بھیج کر صرف ہدیہ بمع ڈاک خرچ دوصد روپے ./200 حاصل کر سکتا ہے۔

کوپن برائے قارئین
ہاشمیہ جنتری

نام............................

نام والدہ............................

تاریخ پیدائش/اندازاً عمر............................

زوار سید سردار علی شاہ بخاری۔۔۔۔۔ قائد اعظم کالونی نزد ریلوے اسٹیشن، بہاول پور
فون: 062-28877144 ۔۔۔۔۔ موبائل: 0300-7805452

قرآن کے ذریعے بیماریوں اور مسائل کا فوری علاج

سید ندیم اختر زیدی الحسینی:
مکان نمبر B-276 سروے،
627 جعفر طیار سوسائٹی ملیر ٹاؤن کراچی فون: 0334-3131478

بواسیر کا مجرب علاج ہر قسم کی بواسیر کا فوری علاج

چاندی کی تختی پر یہ نقش نیک ساعت میں بنوائیں اور مریض کے گلے میں یا سیدھے بازو پر باندھیں (مجرب ہے)

۷۸۶

۱۹۸	۹۱	۱۹۴
۱۹۳	۱۹۵	۱۹۷
۱۹۴	۱۹۹	۱۹۲

مریض کا نام بمعہ والدہ کا نام

کاروبار میں ترقی کے لیے

طلوع آفتاب سے قبل اتوار یا جمعرات یا دوشنبہ کو یہ نقش کالی سیاہی سے لکھ کر دوکان وغیرہ میں رکھیں (مجرب ہے)

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم کو اکسٹھ بار لکھوا اور اس عورت کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈال دو جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو، بفضل پروردگار زندہ رہے گی۔ (بار بار تجربہ کیا گیا ہے)۔

حصول دولت کے لیے

بعد نماز مغرب ''یالطیف'' ۲۰۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں غنی ہو جائے گا۔ تجربہ شدہ ہے۔

کسی کو بھی مطیع کرنے کے لیے

نوٹ: صرف جائز مقصد کے لیے استعمال کریں ورنہ نقصان ہو سکتا ہے۔

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

جمعہ کی رات کو اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر مٹھائی یا کسی شیریں چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دیں انشاء اللہ مطیع ہوگا۔ تجربہ کیا گیا ہے۔

حصول دولت، بے حساب اور بلند درجات

جو شخص ان تین اسماء مبارک کو بار بار پڑھنے میں مداوت کرے گا تو اللہ کے حکم سے فوری اس کی تنگی معاش وسعت رزق میں تبدیل ہوگی ایسی جگہ سے دولت میسر ہوگی جہاں گمان نہ ہوگا بلند درجات ہوں گے۔ (عجیب وغریب اثرات ہیں)

اسماء مبارک: الکریم والوھاب وذوالطول۔

آغا حسنین احمد عامل

فون:0622274109
موبائل:0300-6802983
آغا ہاؤس رئیس گامن ٹاؤن۔
عقب قدریہ پٹرول پمپ اندرون جی ٹی روڈ
GPO۔ احمد پور شرقیہ نمبر 5 ضلع بہاولپور پنجاب پاکستان

ضرورت علم

اس میں کوئی شک نہیں کہ نعمت وجود کے بعد خزانہ وحدت میں علم سے بڑھ کر اور کوئی نعمت نہیں۔ اس لیے تمام انبیاء علیہم السلام کو اس نعمت سے نوازا گیا اور انہیں جہلاء کی ہدایت پر مبعوث فرمایا گیا۔ حضرت آدمؑ کو خلقت علم سے آراستہ فرما کر ملائکہ کی گردنیں جھکائی گئیں تب آدم بوجہ علم ملائکہ پر افضل قرار پائے۔

طالوت اور جالوت کے قصہ خوانی میں خلافت الٰہیہ کا معیار علم ہی کو قرار دیا گیا حتیٰ کہ حضرت رسالت مآب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو نعمات الٰہیہ کے جامع حامل تھے جن کا وجود مقدس تمام کائنات کے لیے باعث رحمت ہے تاہم ذات باری تعالیٰ نے ان کو بھی انہی بارگاہ میں طلب علم پر معمور فرمایا تب ارشاد ہوا۔

قل رب زدنی علما (القرآن)

اے پروردگار میرے علم میں اضافہ فرما۔

طلسم بخت کشائی

ایا قاشیا هنیوثا فاطیو قاهطا هو جاقایاعاذنا ابریشا هبا هیثا الافقایو قایر نوسقا همادا ها لیقا غوثا سوافسااهایاهیولا اشراهیا هبوطا حیااحسنا هوجا هو جاجطا یر قناقاادا قرها قاقر ها ساسوها هسا الواحا سویو شادر یوشا لوما هاشاجب عانوشاد عانوهشا علیقایا مالیقا ساعتا اشا شوها اشوها سواها۔

طلسم اس چیز کو کہتے ہیں جو سمجھ میں نہ آئے مثلاً عصائے موسیٰ، مثلاً عجب مخلوق گذرنگی مگر کام کر جائے طلسم بالا میرا ۳۰ سال سے تجربہ میں ہے۔

نوٹ: جو کرم فرما اس طلسم نافع العظیم کا عمل یا ورد نہ کر سکیں وہ یہی طلسمی لوح سونا پالش ہم سے حاصل کریں اور گھر میں رکھیں۔

طلسم بخت کشائی کے فوائد

رزق کا دروازہ کھولنے کے لیے

☆ رزق کا دروازہ کھولنے کے لیے صبح و شام سو بار پڑھیں۔

☆ ۴۰ امیر لوگوں کی چھتوں کے پرنالہ کے نیچے ایک ایک کنکر اٹھالائیں جب قمر زائد النور ہو یہ طلسم ایک بار پڑھ کر ہر کنکر پر ورد کریں اور ورد شدہ کنکروں کو اپنے مکان کے پاکیزہ حصہ میں شب کو دفن کرے اسی مدفن پر صبح ۱۱ بار ۴۰ یوم تک طلسم مذکورہ بالا ورد کر کے دم کرے مفلسی دور ہوگی روزی فراخی ہوگی مقدر بختاور ہوگا۔

☆ مفلسی وفقر بحتاجی کو رفع کرنے کے لیے ذبح شدہ بکری کے دل پر ۱۱ بار پڑھیں اور اس طلسم کی عبارت کو کاغذ پر لکھ کر بکری کے دل میں سوراخ کر کے تعویذ طلسم اس کے اندر داخل کریں اور اس دل کو گھر کے بیرونی دروازہ کی دہلیز کے نیچے دفن کریں۔

☆ قرض کی ادائیگی کے لیے طلوع فجر سے قبل ۴۰ یوم تک ۱۱ بار پڑھیں۔

☆ مخالف قوی کی بربادی کے لیے ۱۱ دانہ مرچ سیاہ لے کر منگل کی صبح ہر دانہ پر ایک طلسم ورد کر کے دم کریں پھر ایک ایک کر کے تمام دانہ مرچ کو دھکتے انگاروں میں جلا ڈالیں۔

☆ واپسی گریختہ کے لیے ہر روز بعد نماز پنجگانہ گیارہ بار طلسم مذکورہ کو ورد کریں اور کاغذ پر لکھ کر اس تعویذ کو بوجھ تلے دبا دیں گھر سے بھاگ جانے والے کو واپس بلانے کے لیے نصف شب کو گریختہ کے مکان کے ہر چار اطراف کھڑے ہو کر اس طلسم کو ۷ بار پھونک مارے اسی ہفتہ میں غائب کی خبر معلوم ہو جائے گی۔

☆ ناحق قیدی کی رہائی کے لیے جمعہ کی صبح ۶ تا ۷ بجے ساعت زہرہ میں یہ طلسم نئے قلم محلول زعفران+عرق گلاب سے ہرن کی کھال پر لکھے اور قیدی کو دیں کہ اپنے پرس میں رکھے انشاء اللہ رہا ہو جائے گا۔

☆ بیٹی یا بیٹے کا رشتہ نہ آتا ہو اس طلسم کو ہر جمعرات کی صبح کو ۱۱ بار پڑھ کر بیٹی یا بیٹے کی پیشانی پر دم کرلیا کریں اور طلسم کو سفید کاغذ پر محلول زعفران سے لکھ کر تعویذ کی طرح لپیٹ کر چاندی کی پڑی میں بند کرا کر سبز ریشمی ڈوری ڈال کر بیٹی یا بیٹے کے گلے میں پہنائیں۔ نصیب کھل جائے گا۔

☆ محبت زوجین کے لیے بیوی اس طلسم کو بروز جمعرات بعد نماز فجر شیرینی پر ۱۱ بار ورد کر کے دم کرے اور خاوند کو دودھ میں چائے مٹھائی، چاول، حلوہ پکا کھلائے تو مرد فریفتہ ہو جائے گا۔

☆ مہربانی افسران کے لیے یہی طلسم روزانہ دفتر جا کر ۱۱ بار ورد کر کے افسر کے بیٹھنے کی جگہ پر دم کریں۔

حکیم سرفراز احمد زاہد چشتی صابری

مکان نمبر 1 گلی نمبر 5 رحمان کالونی

کالرو روڈ اللہ شافی چوک نزد کپل برارواں ملتان

فون:061-4512350 موبائل:0300-6331210

کمالات جعفر (لوح فتحنامہ)

پہلی حاضری کو یادگار بنانے کے لیے ایک خاص عمل لوح فتحنامہ کے نام سے دے رہا ہوں نیچے جو نقش خاص دے رہا ہوں اسے اپنے عمل میں لانے کے لیے پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کریں اس کا طریقہ یہ ہے کہ مندرجہ ذیل نقش کو روزانہ ایک سوایک بار زعفران و مشک ملا کر عرق گلاب کی سیاہی سے تیار کریں اور اس سے لکھیں رجال الغیب کا خیال رکھیں یہ کام نوچندی اتوار سے شروع کریں اور ساعت شمس میں عمل کا آغاز کریں ایک سوایک نقش لکھ کر ایک بار سورت ھود کی تلاوت کریں نقوش کی آٹے میں گولیاں بنا کر مچھلیوں کو ڈال دیں۔

۴۰ ویں دن نقش لکھ کر دریا میں ڈالیں اسی دوران ایک نقش پانی کی مخالف سمت سفر کرے گا اسے پکڑلیں اور بازو پر باندھ لیں گھر آ کر بارہ امام چودہ معصومینؑ کی نیاز دیں اب آپ میں اس نقش کے خواص مندرجہ ذیل ہیں۔ ☆اس لوح کا حامل شخص حسب منشا حکام کرواسکے گا۔ ☆افسران کی قربت حاصل ہوگی۔ ☆دوکان میں یا کاروبار کی جگہ لگائیں تو بے انتہاء برکت ہوگی اور بہت منافع ہوگا۔ اس نقش کو لکھ کر اس کے اوپر العزیز العلیم دائیں جانب ذوالجلال والاکرام بائیں جانب البدیع اور نیچے الکبیر لکھ کر لڑکی یا لڑکے کے گلے میں ڈال دیں۔ اور روزانہ ۱۰۰ مرتبہ الغنی پڑھنے کو بتائیں انشاء اللہ شرطیہ ۲۷ یوم میں شادی ہوگئی یا بات پکی ہوجائے گی۔ لیکن نقش مکمل شرائط کے ساتھ تیار کریں یہ لوح جہاں ہوگی وہاں چوری نہ ہوگی آگ نہیں لگے گی۔ ☆اگر قیدی اس نقش کو پاس رکھ کر یاذوالجلال والاکرام کا ورد کرے تو ایک ماہ کے اندر اندر قید سے رہائی پائے گا اگر اس لوح مبارکہ کو بچے کے گلے میں ڈالیں تو حفاظت رہے گی خوف بدخوئی اور بدخوابی دور ہوجائے گی اس لوح کا حامل سفر میں محفوظ رہے گا اور کامیاب لوٹے گا۔ حامل لوح پر دشمن غالب نہیں آئے گا خاندانی ناچاکی دور ہوکر صلح ہوجائے گی اس کی برکت سے نظر بد سے محفوظ رہے گا سحر و جادو، آسیب سے نجات ہوگی اگر کوئی شخص گم ہوگیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو، یا بیوی خاندانی جھگڑوں کی بنا پر روٹھ کر میکے بیٹھی ہو یا کوئی عورت گھر سے بھاگ جائے تو اس لوح کے نیچے مغرور یا گم شدہ یا بیوی کا نام لکھ کر رہائش گاہ میں پتھر کے نیچے دبا دیں تو فوراً واپس آجائے گا اس نقش لکھنے کے اتنے فوائد ہیں کہ قلم لکھنے سے قاصر ہے۔ بلکہ اس لوح مبارکہ کی نورانیت سے خصوصی عمل کے ذریعے ایسی روحانیت حاصل ہوتی ہے جسے سفر روحانیت میں تکوین کی صلاحیت کہتے ہیں یہ کام ہر شخص کی طاقت سے باہر ہے۔ یہ لوح مبارکہ آپ شرف قمر، نوروز عالم، شرف زہرہ، شمس، شب برات، ۲۷ رمضان شریف، رجب کی یکم تا چار تاریخ کے مبارک اوقات میں لکھ سکتے ہیں۔

نوٹ: مندرجہ ذیل ایڈریس پر جوابی لفافہ کے ساتھ راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں اگر ضرورت ہو تو!

۱۷۲۱۰۰	۱۷۲۱۰۲	۱۷۰۹۶
۱۷۲۰۹۵	۱۷۲۰۹۹	۱۷۲۱۰۴
۱۷۲۱۰۳	۱۷۲۰۹۷	۱۷۲۰۹۸

وکفٰی باللہ شھید احمد رسول اللہ

☆☆☆

نہ دور ہونے والے غم کے دفعیہ کے لیے

روٹی یا بسکٹ پر تین بار یاغفور لکھے اور بعد میں حروف کو الگ کر کے ''ی، ا، غ، ف، و، ر'' نیچے لکھے اور تین دن کھلائے سارا غم دور ہو کر خوشی میں تبدیل ہوجائے گا۔

گناہوں کی معافی کے لیے

سجدے میں تین یارب اغفرلی روزانہ پڑھے سارے گناہ معاف ہوجائیں گے۔

علاج نسیان

یہ وظیفہ نسیان کے علاج کے لیے بہت مفید ہے جس کا حافظہ کمزور ہو اور اسے فوراً بات بھول جاتی ہو تو اسے چاہیے کہ جمعہ کے دن اسی دن کے پہلے حصے میں تین ہزار مرتبہ پڑھے اور پانی دم کر کے پی لیے۔ اگر کسی دوسرے کو بلانا چاہے تو بھی دے سکتا ہے اسی طرح گیارہ جمعہ تک یہ عمل جاری رکھے نسیان دور ہوجائے گا اور حافظہ درست ہوجائے گا وظیفہ یہ ہے۔

یا قوی. یا عزیز.

کند ذہنی کا علاج

صبح نہار منہ تازہ روٹی پکا کر اس پر سات مرتبہ ''یا اللہ'' لکھیں اور کند ذہن بچے کو کھلائیں ۲۱ دن تک یہ عمل کریں انشاء اللہ بچے کا ذہن کھل جائے گا اور خوب لگن سے پڑھنے لگے گا۔ (عقیل عباس۔ اٹک)

مجرب عملیات

سحر کاظمی (J-98 ماڈل ٹاؤن لاہور موبائل 0304-44149072)

برادر جناب محمد صادق جعفری صاحب

مدیر اعلیٰ ہاشمیہ جنتری

سلام مسنون!

ہاشمیہ جنتری کی اشاعت پر مبارک باد پیش کرتا ہوں میری دعا ہے خدا آپ کو ہمت دے اور اس جنتری کو باقاعدہ نکالتے رہیں اور جنتری دن بدن ترقی کرے۔ آمین ثم آمین۔ دعا گو: سحر کاظمی

آج کل وباء عام ہے کہ جس کو دیکھو یہی کہتا ہوا نظر آتا ہے مجھ پر کسی نے کچھ کروا دیا ہے میرے کاروبار کی آمدن میں کمی آگئی ہے یا میری بیٹی کا رشتہ کسی نے باندھ دیا ہے یا مجھ کو جادو کے ذریعے بیمار کر دیا ہے اور جب پریشان حال لوگ کسی بازاری نجومی کے پاس جاتے ہیں تو ان کا ایک ہی فتویٰ ہوتا ہے آپ پر کسی نے کچھ کیا ہوا ہے یا آپ پر کالے علم کا اثر ہے۔

جبکہ حقیقت میں ایسا نہیں ہوا ہوتا، ان پریشان حال لوگوں میں سے آدھے تو جہالت، حماقت، ناواقفیت کی وجہ سے ہزاروں روپے جعلی پیر، بازاری نجومی کو دے کر بھی سکون حاصل نہیں کرتے۔ میرا یہ مضمون ان ہی لوگوں کے لیے ہے جو چھوٹی چھوٹی بیماری، پریشانی دیکھ کر جعلی نام نہاد پیر کے پاس جانے کا سوچتے ہیں ایسے تمام بہن بھائیوں سے یہ عرض ہے آپ اپنا صدقہ ضرور نکالا کریں۔ صدقہ صرف نیت کا نام ہے جو چیزیں صدقہ میں دی جاتی ہیں وہ اللہ کے پاس نہیں جاتی صرف آپ کی نیت جاتی ہے پھر صدقہ تو اللہ سے تجارت کرنا ہے اور اللہ کے ساتھ تجارت میں کبھی نقصان ہو ہی نہیں سکتا اس مضمون میں آپ کے لیے چند عمل تحریر کر رہا ہوں ایسے عمل جو ہر کوئی کر سکتا ہے اور آسان بھی ہیں اور تجربہ شدہ ہے۔

عمل برائے شادی

ایسی بچیاں جن کی عمر کافی ہوتی جا رہی ہے یا وہ کسی خاص جگہ رشتے کی خواہش مند ہیں تو اس عمل کو ہر روز بعد از نماز عشاء پانچ سو بار پڑھ لیا کریں یہ عمل ۲۱ روز کا ہے اول وآخر ۷ مرتبہ درود شریف۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَا مُغِیْثُ

حصول اولاد کے لیے

ہر نماز کے فرضوں کے بعد یہ دعا تین بار خلوص دل سے پڑھ کریں۔ ۴۱ دن کا عمل ہے خواتین وقفہ کے بعد پڑھ کر ۴۱ دن پورے کریں۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ۔

برائے حب

اس عمل کو آغاز ماہ میں کریں خود نہ کر سکتے ہوں تو کسی اور سے کروالیں کسی چوراہے سے ۴۱ کنکریں لے کر آدے اور ایک کوزہ اپنے پاس رکھے اور ہر ایک کنکر پر سورہ مزمل پڑھ کر دم کریں اور اس کنکر کو کوزہ میں ڈال دیں ہر بار یہ کہیں فلاں بن فلاں کو حاضر ہو یا میری محبت فلاں بن فلاں کے دل میں ڈال ۴۱ کنکر پر عمل ہو چکے تو کوزہ کو ایک گڑھے میں دفن کر دے اس پر اس قدر آگ روشن کرے کہ سات یوم تک یہ جگہ گرم رہے یہ عمل صرف ایک یوم کا ہے عمل کے دوران صندل ولوبان کی خوشبو ملائے۔ انشاء اللہ سات یوم تک حاضر ہو جائے گا۔

تسخیر خلق کے لیے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے حاکم کو مہربان کرنے کے لیے یا لوگوں میں باعزت ہونے کے لیے یا اگر شوہر بیوی سے ناراض ہے یا بیوی بدمزاج ہے تو سونے سے پہلے وضو کرلیں پھر سو مرتبہ بسم اللہ الواسع جل جلالہ کا ورد کریں۔ اور مقصود علیہ کا تصور کریں اور پھونک ماردیں پھر سو جائیں یہ عمل ۲۰ روز کا ہے۔

بچوں کا خواب میں ڈرنا

اگر بچہ خواب میں ڈر جاتا ہو یا چیخ کر روتا یا سوکھ کر کانٹا ہو گیا ہو یا آنکھوں میں حلقے بن گئے ہوں تو یہ عمل کریں۔ کسی موی کاغذ پر یہ اعداد لکھ کر موم جامہ کر کے آسمانی رنگ کے کپڑے میں سی کر گلے میں باندھیں۔

۱۱ ۹۳ ۹۳ ۹۳ ۹۳ ۹۳

اور اگر بچہ صرف روتا ہے تو اس نقش کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

نیند میں بڑبڑانا

کچھ لوگوں کو بیماری ہوتی ہے وہ نیند میں بڑبڑاتے ہیں یا گالیاں دیتے ہیں ایسے تمام مریضوں کے لیے ایک سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں بڑبڑانے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

الغفار الوهاب القهار الفتاح القدوس

الرحمن الرحيم الشهيد الصمد الملك العظيم

الكريم الاكرام

وسعت رزق

اگر کوئی شخص روزانہ ۱۴۱ بار یا عزیز کہے وہ ہرگز محتاج نہ ہوگا۔ اگر روزانہ نماز صبح کے بعد ۹۹ بار اس اسم کا ورد کرے تو وہ کبھی محتاج نہ ہوگا اگر رات کے تیسرے پہر اٹھ کر ننگے سر اور پاؤں آستینیں الٹ کر رو بقبلہ ہو کر سو دفعہ یا عزیز یا عزیز کا ورد کرے گا وہ لوگوں میں ہر دلعزیز ہوگا رزق اس کا زیادہ ہوگا۔

جو کوئی دو رکعت نماز بہ نیت حاجت پڑھے نماز کے بعد سورہ الکوثر ۴۰ مرتبہ پڑھے اللہ اس کو غنی کرے گا یہ عمل بدھ کی رات یا دن شروع کرے۔

کھانسی یا دمہ

جو شخص کو دمہ کی بیماری ہو وہ ۷ عدد نمک کی کنکریاں لے کر اس پر ۹ دفعہ آیت الکرسی کا دم کرے اور پھر ہر روز ایک کنکری کا ٹکڑا یعنی ایک کنکری کو منہ میں ڈال کر چوسے اللہ کے حکم سے دمہ کا خاتمہ ہوگا۔

جوڑوں کا درد

اکثر لوگوں کو یہ بیماری ہوتی ہے اس کے لیے زیتون کے تیل پر ۱۲۵ مرتبہ سورہ فاتحہ اور ۷۰ مرتبہ دعا ناد علی پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں روزانہ رات کو مالش کریں اس کے ساتھ ساتھ یہی عمل ایک بوتل پانی کی لے کر کریں مالش کے بعد چند گھونٹ پانی پی لیا کریں انشاء اللہ جوڑوں کے درد سے ہمیشہ کے لیے شفا مل جائے گی۔

شوہر کا غصہ ختم کرنے کے لیے

اگر کسی کا شوہر ہر وقت غصے میں رہتا ہو تو اس کے لیے بعد نماز عشاء اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ

اگر آپ کسی مشکل میں ہیں یا قرض کی ادائیگی کی پریشانی ہے یا بچیوں کے رشتے کے لیے فکرمند ہیں یا کاروباری حالات ٹھیک نہیں نیز یہ کہ تمام قسم کے مسائل کے حل کے لیے اس عمل کو شب جمعہ شروع کریں عمل شروع کرنے سے پہلے غسل کریں نصف شب کو عمل کرنا ہے تمام راتوں میں غسل ضروری نہیں۔

پہلی رات (بروز جمعہ) ۵۰۰ بار اللھم صلی علی محمد وال محمد

دوسری رات (بروز ہفتہ) ۵۰۰ بار اللھم صل علی امیر المومنین علیہ السلام۔

تیسری رات (بروز اتوار) ۵۰۰ بار اللھم صل علی فاطمہ الزھرہ۔

چوتھی رات (پیر کی شب) ۵۰۰ بار اللھم صل علی الحسن

پانچویں رات (منگل کی شب) ۵۰۰ بار اللھم صل علی الحسین شھید کربلا۔

ہر روز پڑھنے کے بعد خلوص دل سے دعا مانگیں انشاء اللہ جلد دعا قبول ہوگی یہ عمل ۵ شب کرنے کے بعد شب جمعرات کو زیارت امام حسین پڑھنی ہے اس طرح ۵ جمعرات تک عمل کرنا ہے کوئی ایسی حاجت نہیں جو پوری نہ ہو۔

☆☆☆

ہاشمیہ میرج سنٹر

فرمان معصوم ہے کہ کسی کا رشتہ کروانے کے لیے ایک قدم چلنا ایک سال کی عبادت کے مترادف ہے پریشان حال مومنین کی خدمت کے پیش نظر جامعہ ہاشمیہ کی زیر نگرانی ادارہ ہذا کا قیام عمل میں آیا ہے۔ لہٰذا بیٹے اور بیٹیوں کے ملکی وغیرہ ملکی، سیّد و غیر سیّد، سنی وشیعہ، تسلی بخش رشتوں کے لیے درج ذیل ایڈریس پر رجوع کر سکتے ہیں۔

رابطہ کے لیے

جناب راجہ محمد افضل
جامعہ ہاشمیہ
بلال ٹاؤن جہلم
موبائل: 0306-5816572
0544-731512

☆☆☆

نقش سورہ اخلاص

تحریر: سید فضل عباس نقوی۔
مقام وڈاکخانہ مبارکپور تحصیل احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور۔
فون:062-2780105 موبائل:0300-7815241

جناب قارئین کرام! امسال 2007ء ہاشمیہ جنتری میں آپ تمام قارئین کی خدمت میں نقش سورہ اخلاص لے کر حاضر ہوا ہوں یہ سورۃ جلال صفات کی حامل ہے اور اپنے اندر بہت سے فوائد اور کمالات پوشیدہ رکھتی ہے یوں تو اس کے بے شمار فوائد ہیں لیکن یہاں میں صرف قارئین کی خدمت میں 25 فوائد عرض کروں گا جو بندہ حقیر کے تجربے اور معمولات میں ہیں۔ لیکن اس کے لکھنے والا پرہیزگار اور حروف ابجد کی زکات کا حامل ہونا ضروری ہے تاکہ اس کا اثر پورا ہو عام آدمی کے لکھنے سے اس کا فائدہ نہیں ہوگا نقش سورہ مبارکہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قولہ — الحق

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	احد

الملک — ولہ

۱۔ اس نقش کے کونے قولہ الحق ولہ الملک سے بنائیں حضرت علیؑ سے منقول ہے کہ سورہ اخلاص اسی ترتیب سے لوح محفوظ میں لکھی ہوئی۔

۲۔ اس نقش کو لکھ کر دریا کے پانی سے دھو کر دردِ شکم کو پلائیں انشاءاللہ شفا پائے گا۔

۳۔ اس نقش کو لکھ کر اس کے گمشدہ یا بھاگے ہوئے کے نام مع نام والدہ کے لکھ کر مسجد کے بیچ دفن کرے گمشدہ یا بھاگا ہوا حاضر ہو۔

۴۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر بخار والے کو پلائے اور ایک اس کے بازو پر باندھے بخار سے نجات ہو۔

۵۔ اس نقش کو لکھ کر دیوانے یا پاگل کے گلے میں باندھیں اس کو صحت حاصل ہو۔

۶۔ اگر کسی کو آسیب، دیو یا جن کا خلل ہو اس نقش کو لکھ کر گلے میں باندھیں نجات حاصل ہو۔

۷۔ اس نقش کو لکھ کر قرآن مجید میں رکھے جو آرزو ہو خواب میں معلوم ہو جائے۔

۸۔ اس نقش کو لکھ کر دریا میں ڈالے جو مراد ہو وہ پوری ہو جائے۔

۹۔ دردِ سر کے واسطے سر میں باندھے درد دور ہو۔

۱۰۔ شرف آفتاب یا ساعت مشتری یا ساعت قمر میں زعفران سے لکھ کر کسی میٹھی چیز میں یا شربت میں گھول کر اپنے مطلوب کو کھلاوے یا پلاوے یک لحظہ جدا نہ ہونا چاہے۔

۱۱۔ اس نقش کو لکھ کر کسی پرانی قبر میں دفن کرے نقش کے نام مخالف مع نام والدہ مخالف مقہور ہوں۔

۱۲۔ جن عورتوں کے حمل ساقط ہو جاتے ہوں زعفران سے لکھ کر کمر سے باندھے پورے دنوں میں بچہ پیدا ہوگا۔

۱۳۔ جو بچہ رات کو خواب میں ڈرتا ہو اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں بچہ ڈرنے سے محفوظ رہے۔

۱۴۔ اس نقش کو تانبہ یا چاندی کی پلیٹ پر ساعت مشتری میں لکھ کر اپنے پاس رکھیں رزق میں فراخی ہو۔

۱۵۔ اس نقش کو زعفران سے لکھ کر اپنے بازو پر باندھے ہمیشہ فتح و نصرت اس کا نصیب ہو۔

۱۶۔ تانبہ کی تختی پر ساعت شمس میں لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمن دوست بن جائیں۔

۱۷۔ اگر مردے کے کفن پر لکھے عذاب قبر سے نجات ہو۔

۱۸۔ اگر اس نقش کو چاندی کی تختی پر ساعت زہرہ میں لکھ کر اپنے پاس رکھے تو خلق کی نگاہوں میں عزیز ہو۔

۱۹۔ اگر شوہر اپنی عورت کو کھلائے یا دھو کر پلائے تو اس کا دل کبھی کسی دوسرے مرد کی طرف مائل نہ ہو۔

۲۰۔ جو اسے لکھ کر اپنے پاس رکھے دنیا سے باایمان جائے۔

۲۱۔ اگر یہ نقش لکھ کر عورت کے سینے پر رکھے تو جو اس کے دل میں وہ اپنے مرد سے کہہ دے۔

۲۲۔ اگر اس نقش کو زعفران سے لکھ کر دریا کے پانی سے دھو کر پئیں تو ابلیس کے مکر و شر سے محفوظ رہیں۔

۲۳۔ اگر ہرن کی کھال پر لکھ کر پاس رکھیں ہرگز مصیبت میں گرفتار نہ ہو۔

۲۴۔ اگر زعفران سے نامہربان عورت کے گلے میں نام عورت مع نام والدہ نام طالب مع نام والدہ کے لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں مہربان ہو جائے۔

۲۵۔ جو کوئی لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام عالم علوی سفلی مطیع فرمانبردار ہو۔

۲۶۔ اس نقش کو بروز جمعہ المبارک لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ خلل مسانی دور ہو۔

محترم قارئین:
میں نے تمام پہلوؤں کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی کوئی جز سمجھ میں نہ آئے تو خط مع جوابی لفافہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

نوٹ: اپنا معلوماتی زائچہ بنوانے کے لیے نام مع نام والدہ، تاریخ پیدائش یا اندازاً عمر اور مقصد، گھریلو ناچاقی، جادو، آسیب، بچے، بچیوں کے رشتوں کی بندش اور اپنے ہر روحانی مسائل کے حل کے لیے خط مع جوابی لفافہ سے رابطہ کریں انشاءاللہ آپ کو مایوس نہیں کیا جائے گا۔

قبض دائمی شکل اختیار کر جائے تو آنتوں کا کینسر بن سکتی ہے۔

(ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری ملتان)

قبض کیا ہے؟

قبض در حقیقت کوئی بیماری نہیں بلکہ یہ ایک علامت ہے جو زیادہ تر خواتین اور بوڑھوں میں محسوس ہوتی ہے بڑی آنت کی کارکردگی میں چھوٹی آنت سے بڑی آنت تک آنے والے فضلے سے پانی کو علیحدہ کرنا پاخانے کو جسم سے گزرنے اور خارج ہونے میں مدد فراہم کرنا ہوتا ہے لیکن جب اس بڑی آنت کی کارکردگی کسی وجہ سے متاثر ہوتی ہے اس وقت قبض ہو سکتی ہے جب کہ سخت پاخانے کا آنا ہفتہ میں ۳ یا تین سے کم بار پاخانہ آنا ضرورت سے زیادہ زور لگانا اور یہ احساس پیدا ہونا کہ پیٹ صحیح طور پر خالی نہیں ہوا قبض کی شکایت بڑھ جائے تو یہ دیگر طبی اور سرجیکل بیماری کا موجب بن سکتی ہے۔

قبض کی علامت

قبض کی مختلف علامات ہیں جیسے اکثر سر درد ہونا، پیٹ کا درد، متلی ہونا، بھوک نہ لگنا، منہ کا ذائقہ خراب ہونا، اس قسم کی شکایت ہو تو ڈاکٹر کی ہدایت پر عمل کرنا چاہیے ورنہ سنگین مسائل ہو سکتے ہیں۔

89

قبض کی وجوہات

قبض کئی بیماریوں کی وجہ سے ہو سکتی ہے دوران حمل خواتین کو اکثر قبض کی شکایت ہو جاتی ہے حاملہ خواتین کو غذائی بے احتیاطیوں سے پرہیز کرنا چاہیے اس طرح شوگر اور گلہڑ کے مریضوں کو بھی قبض ہو سکتی ہے علاوہ ازیں مریضوں کو چاہیے کہ وہ ایسی دواؤں سے پرہیز کریں جن سے قبض کا خطرہ ہو سکتا ہے۔

قبض کا علاج

قبض کی شکایت ہونے پر علاج ضروری ہو جاتا ہے اور پھر کسی مستند ڈاکٹر کی رائے کے بغیر قبض کی دوائیاں خود لینا انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ کیونکہ قبض کی دوائیاں آنتوں کی حرکت پر سخت اثر انداز ہوتی ہیں اور بعض اوقات تو آنتوں کی حرکت کے لیے دوائیوں کی مستقل ضرورت پڑ سکتی ہے جن ادویات کو ڈاکٹر نے مریض کے لیے لازمی قرار دیا ہے انہیں قبل از وقت ترک نہیں کرنا چاہیے قبض کے مریضوں کو مناسب غذا استعمال کرنا چاہیے اگر دو دن تک کسی کو رفع حاجت کی ضرورت نہ ہو تو ڈاکٹر کے مشورہ سے دوا لیں۔

قبض کے مریضوں کے لیے مناسب غذا

جن لوگوں کو قبض کی شکایت ہوتی ہے انہیں اپنی غذا کا خاص خیال رکھنا چاہیے مریض کو ریشے والی غذا کھانی چاہیے اسے چاہیے کہ اپنی خوراک میں سبزیوں اور پھلوں کا استعمال کرے تیز مرچوں اور مصالحہ جات والے کھانے سے اجتناب کرے کیونکہ اس قسم کے کھانے آنتوں پر اثر انداز ہوتے ہیں پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں کم از کم پانی کے روزانہ ۸ گلاس ضرور پئیں۔ اور اسبغول کا چھلکا ضرور استعمال کریں اور ریشے والی غذائیں فائدہ مند ہیں کیونکہ یہ چھوٹی اور بڑی آنت سے اپنی شکل کی تبدیلی کے بغیر گزرتی ہے اور اس ریشے میں پانی موجود ہوتا ہے جو پاخانے کو نرم بناتا ہے اور مریض کو فضلہ خارج کرنے میں دشواری نہیں ہوتی۔

قبض سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر

اس سے بچاؤ کے لیے ضروری ہے کہ اپنی روزمرہ زندگی میں ورزش کو باقاعدہ حصہ بنایا جائے جو لوگ باقاعدگی سے ورزش کرتے ہیں انہیں قبض کی شکایت ہونے کے امکان نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں اگر کسی کو ورزش کا وقت نہیں ملتا یا کوئی اور پرابلم ہے تو اسے زیادہ سے زیادہ واک کرنی چاہیے کم از کم روزانہ آدھ سے ایک گھنٹہ تیز واک کرنی چاہیے ورزش اور واک کی عادت اپنانے سے نظام انہضام بہتر طور پر کام کرتا ہے اور فضلہ چھوٹی آنت اور بڑی آنت سے آسانی سے گزرتا ہے۔

علاوہ ازیں لوگوں کو چاہیے کہ ناشتہ ضرور کریں ناشتے کے بعد حاجت محسوس ہو تو فوراً باتھ روم جائیں، مریضوں کے لیے پاخانے کرنے کی عادت کو باقاعدہ بنانا بہت ضروری ہے رفع حاجت کو روکنے پر قبض ہوتی ہے لیکن بار بار باتھ روم جانے سے گریز کرنا چاہیے جب یہ محسوس کریں کہ مکمل طور پر پاخانہ آ گیا ہے تو باتھ روم جائیں اور اس وقت تک ٹوائلٹ میں بیٹھیں جب تک یہ محسوس کریں کہ پیٹ خالی ہو گیا ہے اور زور لگائیں قبض سے بچاؤ کے لیے بلڈ پریشر کنٹرول میں رکھنا چاہیے اور وزن نہ بڑھنے دیا جائے جبکہ اس کے علاوہ ڈیپریشن (ذہنی تناؤ) بھی ہاضمے کو متاثر کرتا ہے کوشش کی جائے کہ چھوٹی چھوٹی پریشانیوں سے خود کو پریشان نہیں کرنا چاہیے بلکہ ہمت اور حوصلے سے ان کا حل ڈھونڈنا چاہیے۔

قبض کی تشخیص کے لیے ٹیسٹ

پاخانہ اور خون ٹیسٹ کرائے اس طرح پراکٹوسکوپی، سگمائیڈوسکوپی، کلونوسکوپی وغیرہ کے ٹیسٹ کرائے جیسے ہی اسے معلوم ہو جائے کہ اس کو ہونے والی شکایت کا تعلق قبض سے ہے تو پھر علاج اور احتیاطی تدابیر پر فوراً عمل درآمد شروع کر دے کیونکہ علاج نہ کرانے سے آنتوں میں کسی بھی وجہ سے رکاوٹ بڑھ سکتی ہے جو آنتوں کے کینسر اور معدے کا السر بن سکتی ہے۔

Scanned with CamScanner

ستارہ زحل عدد 8 اور آپ

علمائے نجوم کی کامل تحقیق نے اس امر کو واضح کیا ہے کہ ستارہ زحل نحس اکبر ہے اس کی نحوستوں کے چکر میں پھنس جانے والا فرد کبھی بھی منزل مراد تک نہیں پہنچ پاتا چونکہ زحل نحس ترین سیارہ ہے لہٰذا اس کی نظر جس بھی سیارہ پر پڑی ہے اسے بھی اپنی نحوستوں کے زیر اثر لے آتا ہے میری دعا ہے کہ رب کریم ہر فرد بالخصوص امت مسلمہ کو زحل کی نحوستوں سے محفوظ رکھے۔

جن افراد کا ذاتی سیارہ زحل ہوتا ہے ان کے لیے ایک ہی راستہ ہے تخت یا تختہ ان کے لیے درمیانی راستہ کوئی نہیں بنتا زحل کی نحوستوں کے شکار افراد ہر طرف سے شاکی نظر آتے ہیں کبھی رب سے شکوہ، کبھی نظم جہاں سے، کبھی والدین سے اور کبھی معاشرہ سے گلہ کر رہے ہوتے ہیں انہیں یہ علم ہی نہیں ہوتا کہ وہ اپنے سیارہ کے زیر اثر پریشان و سرگرداں ہیں انہیں گلہ ہوتا ہے کہ......

زندگی جبر مسلسل کی طرح کاٹی ہے
جانے کس جرم کی پائی ہے سزا یاد نہیں

ایسے افراد گردش سیارگان کا شکار ہو کر دربدر رہتے ہیں بعض اوقات کروڑ پتی والدین کی اولاد بھی پائی پائی کو ترستے ہیں یہاں تک کہ فاقوں کی نوبت تک آجاتی ہے زحل واحد سیارہ ہے جو چوکھیا گھومتا ہے اس لیے سب سے زیادہ گردش نحوست اسی کے حصہ میں آتی ہے زحل کا ذاتی عدد (۸) ہے لہٰذا اس خطرناک عدد میں زحل کی تمام تر نحس خاصتیں پائی جاتی ہیں یہ عدد جہاں پڑتا ہے بجلی کی سی کاٹ رکھتا ہے جس پر پڑتا ہے اسے ہر طرف سے کاٹ کر دور پھینک دیتا ہے زحل ترتیب عنصری کے لحاظ سے بادی ہے بادی کے عدد بھی (۸) ہی بنتے ہیں۔

اسی طرح زحل زمین سے (۷۴۳) گنا بڑا ہے جن کا مرکب (۸) ہی بنتا ہے زحل کا قطر (۷۱۰۰) میل ہے اس کا مفرد عدد بھی (۸) ہی بنتا ہے اسی طرح زحل زمین سے (۸۷۵۵۰۰۰۰۰) میل دوری پر ہے ان اعداد دوری کو جمع کیا تو خاص جمع (۸) ہی نکلتا ہے ثابت ہوا کہ زحل کے تمام تر اثرات عدد (۸) میں موجود ہیں ثابت ہوا کہ زحل کے تمام تر اثرات عدد (۸) میں موجود ہیں یعنی سیارہ زحل اور عدد (۸) دونوں نحس اکبر ہیں میں نے جو عددی نقشہ کھینچا ہے یہ صرف اتفاقی بات نہ ہے بلکہ قدرت کاملہ کی حکمت عالیہ کا مظہر ہے۔

اتفاق سے شہر لاہور کا تعلق بھی سیارہ زحل اور عدد (۸) سے ہی ہے یعنی لاہور کا ذاتی سیارہ زحل اور ذاتی عدد (۸) ہے زحل کے حامل افراد اور اہل لاہور کے لیے ضروری ہے کہ وہ نیک اعمال کریں نماز روزے کی پابندی کریں۔ بروز ہفتہ جو کہ یوم زحل ہے کالے ماش، کالے تل، تیل سرسوں، کالا مرغا، بکرا یا کالا کپڑا بوقت دوپہر صدقہ دیا کریں۔ طلسم زحل پہنیں یا پھر خاتم یا لوح تیار کر کے پاس رکھیں سنگ حدید (سیاہ رنگ کا پتھر جس میں مقناطیسیت ہوتی ہے) انگلی میں پہنیں اس سے بھی زحل کی نحوستیں زائل ہونے کے امکانات ہوتے ہیں رب کریم اہل وطن کو زحل کی نحوستوں سے محفوظ رکھے۔

طلسم زحل کی انگشتری اور لوح زحل نحوستوں کے تدارک کا واحد ذریعہ ہیں تاہم صدقات دینے سے بہت فرق پڑتا ہے ہر روز صبح کی نماز کے بعد یا فتاح یا رزاق ۹۷۷ مرتبہ مع اول و آخر درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دعائے دافع نحوست زحل جو درج ذیل ہے روزانہ سات مرتبہ پڑھ لیا کریں مع اول و آخر درود پاک۔

دعائے دفع نحوست زحل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا نَاصِرُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا مُتَكَبِّرُ يَا مَالِكُ يَوْمِ الدِّيْنِ اِنِّي نَسْتَعِيْنُكَ اَحْفِظْنِي مِنْ نحوسَتُ الزُّحْلِ والرَّاسِ وَالذُّنْبِ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا حَكِيْمُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ.

دعا گو:

سید ابن مظفر شیرازی

روحانی مشیر

ادارہ اصلاح عملیات وفیض روحانی

673/3/D-2 گرین ٹاؤن لاہور (پاکستان)

فون:042-5111015 موبائل0333-4291732

E-Mail:Peershirazi@hitmail.com

ہر کام کرنے سے پہلے رکیے، سوچیے کیا یہ کام؟

واجب ہے تو......ضرور کیجئے۔

حرام ہے تو......ہرگز نہ کیجئے۔

سنت ہے تو......بہتر ہے کر لیجئے۔

مکروہ ہے تو......بہتر ہے بچ جائیے۔

مباح ہے تو......آپ کی مرضی کریں یا نہ کریں۔

یاد رکھیے!......آپ کا ہر کام یا واجب ہے یا حرام یا مکروہ یا مباح یا سنت۔

نقش سورۂ یٰسین

تحریر: سیدہ عطیہ فاطمہ نقوی
ڈاک خانہ مبارکپو تحصیل احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور فون:
062-2780105،
موبائل 0301-3191643

محترم قارئین کرام ہاشمیہ جنتری 2007 کیلئے نقش سورۂ یٰسین پیش کر رہی ہوں۔ سورۂ یٰسین قرآن مجید کا دل ہے اس سورہ کے بے شمار فضائل برکات ہیں اس متبرک سورہ کا نقش بڑی جستجو کے بعد دستیاب ہوا ہے صاحب کنز الحسنین تحریر کرتے ہیں کہ اس نقش کی تعریف کرنے سے زبان قاصر ہے میں یہاں چند ایک مجربات پیش کروں گی کیونکہ زیادہ کے جنتری کے صفحات متحمل نہیں ہوسکتے۔

(۱) اگر کوئی مفقود الخبر اگر چہ پچاس سال سے ہو اس کے مرنے جینے تک کی خبر نہ ہو تو اس نقش معظم کو لکھ کر اور بالباس پاکیزہ بعد از نماز عشاء سر کے نیچے رکھ کر سو جائے یقیناً وہ خواب میں نظر آجائے گا۔ نقش کی پشت پر غائب کا نام مع نام والدہ ضرور لکھیں۔

(۲) اگر غائب کی واپسی کے لئے اس نقش کو لکھ کر نقش کے نیچے نام مع نام والدہ لکھ کر کسی بھاری پتھر کے نیچے رکھ دیں تو غائب جہاں بھی ہوگا واپس آجائے گا۔

(۳) اگر میاں بیوی کا جھگڑا ہو تو اس نقش کو زعفران سے لکھ کر معطر کر کے چراغ نو میں خوشبودار تیل ڈال کر بصورت فتیلہ روشن کریں اور اس کا رُخ خانہ مطلوب کی طرف کریں تین ہی فتیلوں میں انشاء اللہ مطلوب حاضر ہوگا۔

(۴) اگر کوئی کسی سے آزردہ خاطر ہو کر مخالف ہوگیا ہو تو یہی نقش تین عدد لکھ کر قند میں کھلائیں مخالف مطیع و فرمانبردار ہوگا نقش زعفران سے تحریر کریں اور ساعت زہرہ میں لکھیں۔

(۵) بانجھ عورت کو اگر چالیس روز عرق گلاب میں دھو کر پلائیں نقش زعفران سے لکھیں تو یقیناً صاحب اولاد ہو جائیگی۔

(۶) اگر کسی پر جادو کا اثر ہو تو تین روز یہ نقش زعفران سے لکھ پیئے تو بے شک صحت یاب ہو۔

(۷) اگر کوئی مریض ہو تو یہ نقش زعفران سے لکھئے اور ہر روز تازہ پانی سے دھو کر پئے اگر زندگی باقی ہے تو روز بروز حالت بہتر ہوگی۔

نقش سورۂ مبارکہ یٰسین یہ ہے

۱۰۱	۷۸۶			۲۴۵
۴۳۱۲۴	۴۳۱۳۰	۴۳۳۱۳۶	۴۳۱۴۲	۴۳۱۱۸
۴۳۱۳۷	۴۳۱۳۸	۴۳۱۱۹	۴۳۱۲۵	۴۳۱۳۱
۴۳۱۲۰	۴۳۱۲۶	۴۳۱۳۲	۴۳۱۳۳	۴۳۱۳۹
۴۳۱۲۸	۴۳۱۳۴	۴۳۱۴۰	۴۳۱۲۱	۴۳۱۲۷
۴۳۱۴۱	۴۳۱۲۲	۴۳۱۲۳	۴۳۱۲۹	۴۳۱۳۵
۳۱۹				۳۸۲

(۸) اگر دو شخصوں میں جدائی اور دشمنی کرانا ہو تو اس نقش کو دو طرح سے لکھے ایک ساعت مریخ میں پرانے کپڑے پر جو سفید ہو اور ان دونوں میں کسی کی پوشاک ہو اور دن سہ شنبہ کا ہو اور اس نقش کی پشت پر یہ عبارت لکھے ''وَالْبُغْضُ الْعَدَاوَتُ بین فلاں بن فلاں واقع ہو بحق نقش'' سورۂ یٰسین اور اس کپڑے کو پرانی قبر میں دفن کردے اور دوسرا نقش دوسرے کپڑے پر سیاہی اور سرکہ ملا کر ایک چھوٹے سے کوزے میں رکھ کر اس پر گرم راکھ ڈال دے کوزہ کا منہ بند کردے اور دریا کے کنارے دفن کردے پس چند روز میں ہی ہر دو کے مابین دشمنی ہو جائیگی۔

(۹) اگر کسی سے شادی کی آرزو ہے تو اس نقش کو تین مرتبہ زعفران سے لکھ کر نام مطلوب مع نام والدہ شربت میں گھول کر عورت کو پلائیں تو وہ فوراً نکاح کیلئے رضامند ہو جائے گا۔

(۱۰) یہ نقش زعفران سے لکھ کر آسیب زدہ اور پاگل کو تین دن پلائیں بفضل خدا صحت پائے۔

(۱۱) جس مکان میں خلل آسیب ہو اس نقش کی تانبہ پر لوح بنا کر کمرے میں لٹکائیں آسیب بھاگ جائے گا۔ جس گھر میں آسیب یا جنات پتھر پھینکتا ہو اس نقش کی تانبہ پر لوح بنوا کر لٹکائیں پتھر پڑنے بند ہو جائیں گے۔ لیکن ان نقوش کو لکھنے والا نماز کا پابند ہو اور حروف ابجد کی زکات کا حامل ہو ورنہ اثر نہیں ہوگا۔ محترم قارئین کرام میں نے حتی المقدور تمام گوشوں کی وضاحت کردی ہے۔ اگر پھر بھی کسی بات کی سمجھ نہ آئے تو خط مع جوابی لفافہ سے رابطہ کرسکتے ہیں۔

﴿نوٹ﴾ گھریلو ناچاقی آسیب، جنات، جادو، رشتوں کی بندش اور اپنی معلوماتی زائچہ بنوانے کے لئے نام مع نام والدہ تاریخ پیدائش یا اندازاً عمر خط مع جوابی لفافہ سے رابطہ کریں۔

نماز جماعت ترک کرنے کی سزا

حضرت محمد ﷺ نے فرمایا
''جو شخص نماز جماعت میں سستی کرے اللہ اسے بارہ قسم کی سزائیں دے گا، تین دنیا میں ملیں گی، تین موت کے وقت، تین قبر میں، تین قیامت کے دن۔''

ا۔ دنیاوی سزائیں

اللہ اس کی کمائی سے برکت ہٹالے گا، اسکے چہرے سے صالحین کی علامت دور ہو جاتی ہے مومنین کے دلوں میں منحوس قرار پائے گا۔

۲۔ وقت نزع کی سزائیں

موت کے وقت پیاسا ہو کر مرے گا۔ بھوکا ہو کر مرے گا۔ خوف و ہراس میں مبتلا ہو کر مرے گا۔

۳۔ قبر کی سزائیں

منکر و نکیر اس پر سختی کریں گے۔ اس کی قبر تاریک رہے گی لحد تنگ ہو جائے گی۔

قیامت کی سزائیں

(ا) حساب کی سختی
(ب) اللہ کی ناراضگی
(ج) دوزخ کا عذاب

ایام ہفتہ کے خواص

نام ایام	ایام کے خواص
جمعہ	بعد از نماز صبح 256 بار ''یا نور'' پڑھے تو چشم خلائق میں عزیز ہوگا۔
ہفتہ	بعد از نماز صبح 1060 مرتبہ ''یا غنی'' پڑھے تو بارگاہ خدا سے بے حد مال ملے گا۔
اتوار	بعد از نماز صبح 489 مرتبہ ''یا فتاح'' پڑھے تو کامیابی نصیب ہوگی۔
سوموار	بعد از نماز صبح 129 ''یا لطیف'' پڑھے تو خدا اپنی رحمت سے مالا مال کرے گا۔
منگل	بعد از نماز صبح 903 مرتبہ ''یا قابض'' پڑھے تو حاجات پوری ہوں گی۔
بدھ	بعد از نماز صبح 541 مرتبہ ''یا متعال'' پڑھے تو دنیا و آخرت میں عزت ملے گی۔
جمعرات	بعد از نماز صبح [illegible] مرتبہ ''یا رزاق'' پڑھے تو خداوند عالم روزی میں اضافہ فرمائے گا۔

ہر قمری مہینے کی ابتداء کا بہترین عمل

ہر قمری مہینے کی پہلی کے دن دو رکعت نماز نفل ادا کریں۔ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ ''سورہ قل ہو اللہ اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ القدر، ''انا انزلنا'' پڑھے اور نماز کے بعد صدقہ دے اس عمل سے گویا اس نے خداوند عالم سے اس مہینے کی سلامتی خرید لی۔

قرض کو ادا کرنے کے لئے بہترین دُعا

حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ ادائے قرض کے لئے یہ دُعا پڑھو!

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَللّٰهُمَّ لَحۡظَةٌ مِنۡ لَحَظَاتِكَ تَيۡسَّرۡلِىۡ عَلٰى غُرَمَائِىۡ بِهَا الۡقَضَاءَ وَتَيۡسَّرۡلِىۡ بِهَا الۡاِقۡتِضَاءَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ O

ترجمہ: اے معبود تیری نظروں میں سے ایک ہی نظر میرے قرض خواہوں کا قرض ادا کرا دے گی اور ان کے تقاضے مجھ پر ہلکے کردے گی کیونکہ تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

استخارہ ذات الرقاع

حضرت امام جعفر صادق سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جب کسی اہم کام کرنے کا ارادہ کرو تو 6 ٹکڑے کاغذ کے لے کر ان میں سے تین پر لکھو (بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ خِيَرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ لِفُلَانِ بۡنِ فُلَانَه افعل) فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام اور اپنی والدہ کا نام لکھو اور دوسرے تین ٹکڑوں پر یہی کلمات لکھو لیکن بجائے (افعل) کے (لاتفعل) لکھے پس ان پرچوں کو جائے نماز کے نیچے رکھے اور دو رکعت نماز پڑھے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور 100 مرتبہ کہ ''استخیر اللہ برحمتہ خیرۃ فی عافیہ'' پھر سیدھا ہو کر بیٹھ جائے اور کہے ''اَللّٰهُمَّ اخۡتَرۡ لِىۡ فِىۡ جَمِيۡعِ اُمُوۡرِىۡ فِىۡ يُسۡرٍ مِنۡكَ وَعَافِيَةٍ'' پھر ہاتھ سے ان پرچوں کو باہم ملا دے اور ایک ایک کر کے ان کو باہر نکالے اگر تین افعل مسلسل نکلیں تو جس کام کا ارادہ کیا ہے کرلیں اگر تین لاتفعل مسلسل نکلیں تو نہیں کرنا چاہیے اگر بعض لاتفعل نکلیں تو پانچ پرچوں تک نکالو اگر ان میں افعل کی مقدار زیادہ ہو تو کام کرلیں ورنہ نہ کریں۔

سانس کی تکلیف

طبی علاج کے ساتھ ساتھ صبح و شام اکیس بار یا فارق پڑھ کر نیلی شعاعوں سے تیار کردہ پانی دم کرکے پئیں اس کے علاوہ جب پانی یا کوئی مشروب لیں تین بار فارق پڑھ کر دم کریں کھانوں میں دودھ دہی، کیلا، کھٹی اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔

یرقان، ہیپاٹائٹس بی و سی کا موثر علاج

از قلم حکیم غضنفر مہدی

سب سے پہلے میں مدیر اعلیٰ ہاشمیہ جنتری محمد صادق جعفری صاحب کا ممنون ہوں جن کی وساطت سے میں قارئین کی خدمت میں یرقان اور ہیپاٹائٹس کا موثر علاج پیش کرنے جا رہا ہوں۔

جگر کے تینوں امراض صدیوں پرانے ہیں۔

(۱) پیلا یرقان۔ (پیلیا) (۲) ورم جگر (ہیپاٹائٹس بی) (۳) جگر کا سکڑنا (ہیپاٹائٹس سی) طب جدید نے انہی تینوں امراض کو نئے نام دے کر دہشت کی علامت بنا دیا ہے، یہ امراض قابل علاج ہیں بشرطیکہ کسی بھی مستند طبیب سے ان کا علاج کروایا جائے۔

اسباب

تینوں امراض کے اسباب تقریباً ملتے جلتے ہیں۔ اس لئے ان کو اکٹھا بیان کر دیتا ہوں۔ (۱) چکنی اشیاء کا بکثرت استعمال (۲) مصالحے دار غذائیں (۳) مرغن غذائیں۔ (۴) پکوڑوں، سموسوں کا بکثرت استعمال (۵) بازاری تیز مصالحہ جات والے تکہ کباب (۶) مریض کے جھوٹے برتنوں میں کھانا پینا (۷) شراب نوشی (۸) یخ ٹھنڈے مشروبات کا بکثرت استعمال زیادہ اہم اسباب میں شامل ہیں۔

علامات پیلا یرقان

☆ جسم کا رنگ زرد ہونا ☆ بھوک کا اڑ جانا
☆ پیلا پیشاب آنا ☆ جسم پر خارش ہونا
☆ آنکھوں کا رنگ زردی مائل ہونا
☆ اور مرض کے بگڑنے کی صورت میں ہر چیز کا پیلے رنگ کا نظر آنا شامل ہے

علامات ہیپاٹائٹس بی

☆ جگر کا بڑھ جانا
☆ دائیں جانب پسلیوں کے نیچے اُبھار نظر آنا
☆ پسلیوں میں دائیں جانب شدید درد ہونا
☆ سانس لینے میں تنگی ہونا
☆ جسم کا رنگ پھیکا پڑنا
☆ سستی تھکاوٹ کا ہر وقت طاری رہنا شامل ہے

علامات ہیپاٹائٹس سی

☆ جگر کا سکڑ جانا ☆ جسم کی رنگت کا کالا ہونا
☆ بھوک اُڑ جانا ☆ کالے پاخانے آنا
☆ کپڑوں پر سیاہ دھبے لگنا ☆ ناک سے خون جاری رہنا
☆ شدید قبض ہونا
☆ سستی و تھکاوٹ کا احساس ہونا اور وزن کا روز بروز کم ہونا اہم علامات میں شامل ہیں

نسخہ پیلا یرقان

قلمی شورہ، تخم کاسنی، کشنیز، الائچی، صندل سفید، پانچ پانچ تولے، گل سرخ چالیس تولے، مصری 65 تولے۔

مقدار خوراک

تین ماشہ صبح، تین ماشہ رات ہمراہ شربت بزوری۔

نسخہ ہیپاٹائٹس

صبح دس قطرے چیلی ڈونیم کیو (مدر ٹنچر) پانی میں ملا کر پییں۔ دوپہر انتیس رومی اور برنجاسف ہم وزن کا سفوف بنا کر کھائیں۔ پانچ ماشہ ہمراہ شربت بزوری معتدل۔

رات: گل عافت، گل بنفشہ، گل سرخ، ریوند چینی، ریوند خطائی، تخم کاسنی، ٹھیکری نوشادر (ہم وزن لے کر سفوف بنائیں)

مقدار خوراک

چھ ماشہ ہمراہ عرف برنجاسف ایک کپ۔

ہیپاٹائٹس کے دوران قابل استعمال سبزیاں: کدو، گھیا، توری، ٹینڈے، مولی، کھیرا س بر ترمولی کے پتے زیادہ استعمال کریں۔

ہیپاٹائٹس میں مفید پھل: پپیتہ، آڑو، انار، تربوز، سیب، آلو بخارا، خوبانی، گنڈیریاں، فالسہ، خربوزہ استعمال کریں۔

دعا گو:

حکیم غضنفر مہدی (فاضل طب و جراحت)
مطب: حیدر روڈ اسلام پورہ (کرشن نگر) لاہور
فون: 042-7159348/7159172 موبائل:
0333-4356949

اکثیر نقوش و عمل

تحریر: عامل حکیم شاعر اہلبیت درویش خضر عباس پیاسی
فاضل پورنز د پولیس چوکی تحصیل وضلع راجن پور موبائل:
0333-64744494

اگر کسی نقش کی سمجھ نہ آئے تو ہمراہ جوابی لفافہ مفت پوچھ سکتے ہیں،
تمام نقوش ان کی چال کے مطابق لکھیں۔

نقش جملہ حاجات

ذیل میں سورہ النصر کا نقش دیا گیا ہے اس نقش کو زعفران سے شرف قمر کے وقت ساعت سعد میں تحریر کریں یا چاندی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھیں تو متفرق معاملات میں کامیابی ہوگی، اس نقش یا لوح کے اثرات کے تحت مرد وزن میں مقبول ہو، لوگ عزت کریں، وقار میں اضافہ ہو، دشمن خوف زدہ اور مغلوب ہوں، مخالفین منہ کی کھائیں اور کبھی غالب نہ آ سکیں، مقدمے میں فتح ہو، کسی سے مقابلہ درپیش ہو تو اس میں کامیابی ہو۔ غرضیکہ ایسے لاتعداد اُمور میں یہ نقش مفید ہے۔

ازا	جآء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین
جآء	نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ
نصر	اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا
اللہ	والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح
والفتح	ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد
ورایت	الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک
الناس	یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر
یدخلون	فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر	انہ
فی	دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر	انہ	کان
دین	اللہ	افواجا	فسبح	بحمد	ربک	واستغفر	انہ	کان	توابا

کینسر کا علاج

کینسر کے جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ درج ذیل روحانی علاج کو بھی کریں، شفا منجانب اللہ ہے وہی صحت دینے والا ہے اور وہی زندگی دینے والا ہے، بندے کا کام اس سے مانگنا ہے۔ یقین اور اعتماد کے ساتھ اس سے فوراً اپنی درخواست پیش کریں۔

درج ذیل نقش کو زعفران سے تحریر کر کے مریض کو پلا

۸۹	۷۵	۸۴	۸۶
۸۱	۸۷	۸۸	۸۶
۸۳	۸۰	۷۷	۹۱
۷۸	۹۰	۸۵	۷۹

اس نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر یا کاغذ پر زعفران اور مشک سے تحریر کر کے مریض کو گلے میں پاس رکھنے کیلئے دیں، اس کے ساتھ ساتھ روزانہ ایک تسبیح ''یا اللہ یا سلام'' کی پڑھیں سورہ ابراہیم اور سورہ فاتحہ کو اپنے روزانہ ورد میں شامل کرلیں۔ اللہ شفا دینے والا ہے۔

..........☆☆☆..........

دشمن / سحر سے حفاظت

دشمن سے حفاظت، مخالفین سے محفوظ رہنے شفا اور صحت یابی، سحری اور آسیبی امراض سے بچاؤ کیلئے درج ذیل نقش کو تانبے یا چاندی کی پتری پر کندہ کروا کر پاس رکھیں یا لاکٹ کی صورت میں پہن لیں۔ اس کے ساتھ ساتھ درج ذیل اسماء الٰہی کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر تحریر کر کے روزانہ پی لیا کریں۔ ''یاسلام یا کافی یا شافی یا نافع یا کبیر یا حفیظ''

ا ل ح ف ی ظ

ح	ف	ی	ظ
ی	ظ	ح	ف
ظ	ی	ف	ح
ف	ح	ظ	ی

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنَ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هُمَزَاتِ الشَّيْطٰنِ

ملاپ زوجین / دوست / رشتے دار / محبوب

جب کچھ افراد کا آپس میں مثبت تعلق قائم کرنا مقصود ہو۔ چاہے میاں بیوی ہوں یا محبوب یا دوست یا رشتے دار، درج ذیل طلسم کو کسی دھات پر کندہ کروالیں اور روزانہ اس کو مقررہ وقت میں حدت زیادہ کریں۔ حدت زیادہ نہ ہو اور صرف اس قدر ہو کہ لوح سرخ نہ ہو۔ بس یہ عمل سات سے دس روز میں کرنا ہے۔ دوران عمل سورہ فاتحہ پڑھتے رہیں اور اختتام پر دُعا کریں۔ جو بھی مقصد ہو اس کے حوالے سے پورا ہوگا۔

بسم الٓمّ	اللّٰہ الٓمّ	الرحمن المص	الرحیم المص	الحمد الٓرٰ	للّٰہ الٓرٰ	رب الٓرٰ
العالمین	الرحمن	الرحیم	مالک	یوم	الدین	ایاک
الٓرٰ	الٓرٰ	کھیعص	للّٰہ	طسم	طس	طسم
نعبد	وایاک	نستعین	اھدنا	الصراط	المستقیم	صراط
الٓمّ	الٓمّ	الٓمّ	الٓمّ	یٰسٓ	صٓ	حٰمٓ
الذین	انعمت	علیھم	غیر	المغضوب	علیھم	ولاالضالین

حصول صحت

کسی بچے یا بڑے مرد یا عورت غرضیکہ کوئی بھی فرد ہو صحت یاب نہ ہو اور زندگی کا چراغ بجھنے والا ہو جائے تو درج ذیل عبارت زعفران، مشک، اور آب زم زم سے تحریر کر کے اس کے گلے میں ڈال دے۔ ساتھ ہی اسی عبارت کو چینی یا شیشے کی پلیٹ پر تحریر کر کے بیمار کو اکیس دن تک پلائے۔ یعنی صحت یابی کے باوجود پلاتا رہے۔ یہ تمام شرف قمر کے اوقات میں کریں۔ اوج قمر کے وقت کو بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ عبارت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O
یا اللہ یا اللہ یا اللہ
یا اللہ یا اللہ یا اللہ
یا اللہ یا حفیظ یا اللہ یا وکیل یا اللہ
یا اللہ یا رقیب یا اللہ یا وارث یا اللہ
یا اللہ یا قائم یا اللہ یا واحد یا اللہ
یا اللہ یا اللہ یا اللہ
یا اللہ یا اللہ یا اللہ

خاتمہ سحر

خاتمہ سحر کے لئے ذیل کی سطور میں ایک عمل درج ہے اس کو بیان کردہ ترتیب کے مطابق عمل میں لائیں۔ بالیقین سائل، سحر، جادو صحت پائے گا۔

ذیل میں پہلے "سورہ الکوثر" تحریر ہے، اس کے بعد اس کی بسط حرفی اور پھر اس کی تلخیص تحریر ہے۔

سورہ الکوثر
انا اعطینک الکوثر O فصل لربک و النحر O
ان شانئک ھو الابتر O
بسط حرفی ان اا ع ط ی ن ک ا ل ک
و ث ر ف ص ل ر ب ک و ا ل ن ح ر ا ن
ش ا ن ک ھ و ا ل ا ب ت ر

تلخیص

ان ع ط ی ک ل و ث ر ف ص ب ح ش ھ ت

کرنا یہ ہے کہ پہلے سحر کے مریض کو سطر تلخیص زعفران سے تحریر کر کے پانی میں ملا کر پلائیں، ساتھ ہی اس سطر تلخیص کو تحریر کر کے اس کی دھونی مریض کو دیں۔ یہ عمل سات دن کرنا ہے۔

عمل عجیب (استخارہ، بانڈ نمبر وغیرہ)

ذیل میں سورہ اخلاص باموکل تحریر ہے۔ سو پہلے اس کو دیکھ لیں پھر عمل تحریر کرتا ہوں۔

سورہ اخلاص باموکل

قل ھو اللہ احد بحق یا جبرائیل اللہ الصمد بحق یا اسرافیل لم یلد ولم یولد بحق یا میکائیل و لم یکن لہ کفواً احد بحق یا عزرائیل O

اس باموکل سورہ کا عامل بننے کے لئے سوا لاکھ کی تعداد میں اس کو اکیس دن کے اندر ختم کرے۔ اب جب بھی کسی سوال کا جواب مطلوب ہو، بانڈ کا نمبر معلوم کرنا ہو، کسی سوال یا کلیے یا کیمیا کے کسی فارمولے کے بارے میں جاننے کے خواہش مند ہو کہ درست ہے یا نہیں یا کسی امر کے بارے میں استخارے کا خواہشمند ہو تو بعد از عشاء اکیس دفعہ اس سورہ کو باموکل پڑھ کر سو جائے حسب منشا جواب ملے گا۔

مخصوص جگہ پر شادی کیلئے

اگر کوئی شخص کسی مخصوص جگہ پر شادی کرنا چاہے یا کسی کو کوئی رشتہ نہ دیتا ہو یا رشتہ کی سبیل پیدا نہ ہوتی ہو یا لڑکی کا نکاح باندھ دیا گیا ہو اور اسے کوئی لینے کیلئے تیار نہ ہو تو اس وقت یہ عمل ایک کرامت کا کام دیتا ہے۔ یہ عمل بہت ہی مجرب ہے چند دنوں میں کام دکھاتا ہے۔ عمل یہ ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِی خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْبِتُ الارضُ و مِنْ اَنْفُسِهِمْ و مِمَّا لَایَعْلَمُوْنَ (سورہ یاسین ۳۵)

ترکیب: لوچندی جمعرات بعد از نماز عشاء تین ہزار تین سو تیرہ (۳۳۱۳) مرتبہ ۲۱ روز تک پڑھیں۔ اول و آخر ۱۱-۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں دوران عمل مطلوب کا تصور رکھیں۔

برائے حب: لوچندی جمرات بعد از نماز فجر ۲۱ عدد سیاہ مرچوں پر تین تین مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ کہیں۔

اَلْحُبُّ فلان بنت فلان علٰی حُبَّ وَ عشقِ و اُلفتِ فلان بن فلان اَلْعَجَلْ وَ وَالْوَحا، اَلْیُوْم، السَاعَة

پڑھ کر آگ میں ڈال دیں۔

نوٹ: صرف تین دن کا عمل ہے یہ اپنی گواہی خود دے گا۔

حل مشکلات

دائرہ اسماء اللّٰہ الحسنیٰ

"قال اللّٰہ تبارك و تعالیٰ و للّٰہ اسماء الحسنیٰ فَادْعُو بِھاً"

اللہ تعالیٰ کو اس کے پاس ناموں سے پکارنا دافع بلیات ہے ناقابل علاج بیماریوں کا شافی علاج ہے ہر مشکل میں آسانی کلیہ ہے۔

اسماء حسنیٰ	معانی	خواص اسماء
اللّٰہ	اسم ذات ہے	جملہ مقاصد کیلئے
الرحیم	رحمت سے بھر دینے والا	برائے فلاح دارین
السلام	سلامت رکھنے والا	برائے شفائے مریض وسلامتی
المومن	بے خوف کرنے والا	برائے تحفظ اشرار جن وانس
العزیز	غالب، عزت دینے والا	برائے عزت وسعت رزق
الجبار	غلبہ و جبر والا	برائے امان و مغلوبی دشمن
المصور	صورت نقش کرنے والا	برائے زن عقیمہ
الرزاق	رزق دینے والا	برائے توسع رزق
العلیم	ہر شے سے باخبر	برائے حصول معرفت
القابض	حکمت کے سبب تنگی کرنے والا	برائے تحفظ دشمنان
الباسط	رزق کھولنے والا	برائے وسعت رزق
الرافع	رفعت دینے والا	برائے رفعت
السمیع	سننے والا	برائے استجابت دعا
الحکیم	صاحب حکمت	برائے تنگی معیشت

قرض وصول کرنے کا عمل

علامہ مجلسی نے حیات القلوب میں داؤد رقی کا نذر قرطاس فرمایا ہے اس معزز صحابی نے عرض کیا کہ ایک شخص پر میرا قرض باقی ہے اور ڈر ہے کہ میرے ہاتھ نہیں آئے گا فرمایا جب مکہ جانا تو ایک طواف اور دو رکعت نماز حضرت ابو المطلب کی نیابت سے اور اسی طرح ایک ایک طواف اور دو رکعت نماز جناب آمنہؑ اور حضرت فاطمہؑ بنت اسد کی طرف سے پڑھ کر دُعا کرنا داؤد کہتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا اسی دن وہ روپیہ مجھے حاصل ہو گیا۔ جو لوگ حج کی استطاعت نہیں رکھتے وہ اس عمل کا اجر قرار دے کر دوسرے حاجیوں سے پڑھا سکتے ہیں۔

اپیل

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا!

طالب علم بنو! یا عالم دین بنو یا ان سے محبت کرنے والے بنو چوتھی کوئی چیز نہ بنناورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ نیز فرمایا! کہ جس کسی نے بھی دینی طالب علم کی ایک قلم سے اعانت کی گویا اس نے ستر مرتبہ تعمیر کعبہ کا سامان کیا۔ لہٰذا مومنین سے اپیل ہے کہ اپنی رقوم نذر، فطرہ، چرمائے قربانی وغیرہ سہم امامؑ خصوصی عطیات و صدقات جامعہ ہاشمیہ کو دیکر عنداللہ ماجور و مثاب ہوں۔

ماہ رمضان المبارک و محرم الحرام میں دینی و مذہبی تبلیغ و خدمت اور مجالس عزاداری سید الشہداء کیلئے بہترین مقررین و مبلغین و پیشنماز و ذاکرین کیلئے جامعہ ہاشمیہ بلال ٹاؤن جہلم کی طرف مراجعت فرمائیں۔

منجانب

اراکین جامعہ ہاشمیہ جہلم

رابطہ کیلئے

حجۃ الاسلام والمسلمین علامہ

سید ابرار حسین نقوی

(پرنسپل جامعہ ہاشمیہ بلال ٹاؤن جہلم)

فون نمبر: 0544-734216/0544-731512

موبائل: 0306-5816572

محبت، زوجین و دیگر حلال اُمور کیلئے

قرآن کی آیت محبت ''وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّی'' کا یہ نقش مربع بہت موثر ہے ایسے زوجین جن کے درمیان ناچاقی ہے۔ میاں بیوی ازدواجی زندگی نہایت تلخ گذار رہے ہیں۔ ہر وقت لڑائی جھگڑا، زدو کوب اور علیحدگی تک کی نوبت آ جاتی ہے۔ وہ اس پاک آیت سے استفادہ کریں انشاء اللہ باہمی محبت قائم ہو جائے گی۔ ازدواجی زندگی خوشگوار ہو جائے گی، ناراض شوہر یا روٹھی بیوی کے دل میں محبت قائم ہو جائے گی اور ایسے لوگ جن کی منگنی ہو چکی ہو اور شادی میں رکاوٹ ہو خاندانی نفرت دور کرنے اور ہر قسم کی جائز محبت کیلئے آیت پاک کا نقش بہت موثر ہے۔ صحیح حاجت مند ہدایات و شرائط کے مطابق استعمال کریں۔

شرائط: ☆اس نقش کو وہی حضرات لکھ سکتے ہیں جنہوں نے حروف تہجی کی زکوٰۃ ادا کی ہوئی ہو۔☆صرف جائز و حلال مقصد کیلئے استعمال کریں۔

ہدایات: ☆اس نقش کو در تثلیث، تسدیس زہرہ و مشتری یا قمر و زہرہ یا قرآن اسعدین، زہرو مشتری میں سفید کاغذ ہو، خالص مشک و زعفران و آب گلاب سے سرکنڈے کے قلم نو سے باطہارت لکھیں۔ (نقش میں کونے کے بند ہونے نقش کی چال ہے۔ اصل نقش میں نہ لکھیں۔) لکھتے وقت رجال الغیب ہرگز ہرگز سامنے ہو۔☆اگر تثلیث یا قرآن وزہرہ و مشتری میسر نہ ہو تو پھر عروج ماہ میں بروز جمعرات ساعت مشتری یا بروز جمعہ ساعت زہرہ میں لکھیں۔☆نقش لکھتے وقت متعلقہ ستارہ کا بخور کی دھونی دیں۔ ☆نماز صبح و نماز عشاء کے بعد ایک تسبیح آیت مذکور کی معہ درود اول و آخر تین تین مرتبہ پڑھیں تصور دیکھیں۔☆اگر نقش خود تیار نہ کر سکیں تو درج ذیل پتہ پر رجوع کریں۔☆نقش میں کونے والے بند سے نقش کی چال ہے اصل نقش میں نہ لکھیں۔

دفعیہ بخار و دیگر

اسم ذات اللہ جامع جمیع صفات کمال ہے اور بعض مصنفین کے نزدیک یہی اسم اعظم ہے۔ بخار کے دفعیہ کے لئے اس کے اعداد کا نقش مربع کوئی پابند صوم و صلوٰۃ شخص باطہارت مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کو دے، بخار سے نجات ملے اور واسطے شفاء دیگر امراض کے اس نقش کو اس کے اعداد موافق 44 مرتبہ مشک و زعفران سے لکھ کر مریض کو پلائیں تو انشاء اللہ شفا ہو گی۔ حضرت شیخ بوعلیؒ نے اس کی بہت صفات و فوائد لکھے ہیں۔ لیکن یہاں لکھنے کی گنجائش نہیں نقش مکرم یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱۱	۴۶	۱
۴۵	۲	۷	۱۲
۳	۴۸	۹	۶
۱۰	۵	۴	۴۷

اطلاع درخواب

قدیم کتاب بلد الامین کفعمی اور دیگر مستند کتب میں مذکور ہے کہ اگر کسی کو ایسی کوئی مہم یا مشکل درپیش ہو کوئی اہم حاجت ہو جس کا حل سمجھ میں نہ آئے تو سات شب یہ عمل کریں۔

شب جمعہ عروج ماہ میں رات کو سوتے وقت پاک صاف لباس ہو اور پاک بستر ہو تنہائی میں سوئیں اوّل و آخر سات سات مرتبہ درود پڑھیں اس کے بعد سات مرتبہ سورہ الشمس، سات مرتبہ سورہ اللیل پڑھ کر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ.........

(یہاں حاجت کا تصور کریں) فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا

اور سات مرتبہ درود پڑھ کر داہنی کروٹ پر باوضو سو جائیں۔ انشاء اللہ اوّل شب یا تیسری یا پانچویں یا ساتویں شب کو بزرگ خواب میں اس کا حل بتا دیں گے۔

بزرگ کی آمد کے بعد چاہے پہلی یا تیسری شب ہو، عمل ختم کر دیں۔ عمل پڑھنے کے بعد نہ کچھ کھانا پینا ہے نہ کسی سے بات کرنی ہے یقین کے ساتھ عمل کریں۔

مقبولیت دعا

حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ میری دعا قبول ہو، اور حاجتیں پوری ہوں تو اس کو چاہئے کہ یہ اسماء مقدس پڑھے

یَا کَافِیْ یَا هَادِیْ یَا عَالِمُ یَا رَزَّاقُ یَا حَلِیْمُ یَا صَادِقُ

تو حق تعالیٰ اس کی دعا کو ایسے قبول کرتا ہے جیسے حضرت ذکریاؑ کی دعا قبول فرمائی۔ خلوص دعا عاجزی و گریہ شرط ہے۔

نوٹ: دیگر ہر قسم کے نقوش حوالوں شرفیات کو اب دستیاب ہیں۔

طالب دُعا سید شہزاد بخاری شہزاد پی سی او نزد امام بارگاہ حسینیہ سین باغ خورد تحصیل و ضلع اٹک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ہاشمیہ جنتری 2007 عیسوی
ہجری ۱۴۲۸

نوروز عالم افروز

تحویل شمس در برجِ حمل

مورخہ 21 اپریل 2007 بروز بدھ بمطابق ۲ ربیع الاوّل ۱۴۲۸ھ

بوقت صبح 5 بج کر 2 منٹ بمطابق پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم

بادشاہ سال = عطارد | سپہ سالار = شمس | وزیرِ سال = مشتری

احکام نوروز

رنگ اور عنصر	=	سفید
طالع حوت	=	6-6 درجہ
مشتری در قوس	=	فرح
زہرہ در ثور	=	تروغ

Langtitude=75-10E   Letitude= 32-11



نوٹ: نوروز کا وقت پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ بیرونِ ملک کے لوگ نوروز کے پاکستانی وقت 5:2 سے 5 گھنٹے نفی کرلیں تو گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔

نوروز کے احکام

بفضل تعالیٰ عزوجل بطفیل ختم المرسلین حضرت محمد مصطفےٰؐ بصدقہ امام مشرقین و مغربین امیر المومنین حضرت علیؑ و قائم آلِ محمدؑ اس سال نوروز عالم افروز 21 مارچ بمطابق 2007 عیسوی بروز بدھ پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق صبح 02-05 منٹ پر تحویل آفتاب سفر درجہ برج حمل میں ہوگا۔ اسلام آباد میں اس وقت ساعت مشتری شروع ہوگی بروز بدھ کو نوروز ہوئے ہے اس سال کا نوروز عطاردی ہوگا عنصر ہوا اور رنگ سبز ہے۔

اس سال سردی کم پڑے گی لیکن سردی خشک اور موسمی نزلہ زکام اور ہوائی بیماریاں عروج پر ہوں گی گرمی اس سال زیادہ گرمی پڑے گی اور لوگوں میں عداوت، بدنیتی اور بخل کا دور دورا ہوگا۔ اکابرین شہر اعلیٰ شخصیات اور بادشاہ و امرا کا قتل یا ان کے قتل کی سازشیں اس سال زیادہ ہوں گی۔ اس سال حکومتی امراء وزراء کے درمیان عداوتیں زیادہ ہوں گی اور مکر و فریب و حیلہ سازی زیادہ ہوگی۔ قحط سالی کا اندیشہ ہو سکتا ہے آندھیاں اور ہوائی طوفان زیادہ ہو سکتے ہیں ان سب باتوں سے قطع نظر بادشاہ لوگ با قوت رہیں گے اور اس سال روئی دانہ دار اشیاء خشک میوہ جات زیادہ ہوں گے۔ تل، جو میانہ ہوں گے اور سردا، خربوزہ مہنگا ہوگا سیلابی ریلوں اور سیلاب کی تباہی کا امکان ہو سکتا ہے۔ یہ سال مجموعی طور پر فتنہ فساد کا سال ہوگا۔ افواہوں کی زیادتی ہوگی۔ غلط خبریں سننے کو ملیں گی۔ شہروں میں خرابی زیادہ ہو سکتی ہے اور وبائی بیماریوں کے پھوٹنے کا امکان ہو سکتا ہے اخبارات، رسالوں، ٹیلی ویژن اور سیٹلائیٹ پر عورتوں کا راج ہوگا۔ قومی شرح نمو میں اضافہ اس سال ممکن ہو سکے گا۔

آبِ نیساں

نوروز کے تیس دن بعد نیساں کا مہینہ شروع ہو جاتا ہے جو تیس روز کا ہوتا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اسے آبِ نیساں کہتے ہیں جو شخص اس پانی کو جمع کرے اور اس پر سورۃ الحمد اور آیت الکرسی اور چاروں قل اور سورۃ انا انزلناہ کو ستر ستر مرتبہ پڑھے اور پھر اسی لئے تو خداوند عالم اس کے دل کو نوروز روشنی اور فہم و فراست و بینائی سے بھر دے گا اور اس کی زبان پر کلمات حکمت جاری کرے گا اور اس کے دل سے خیانت و غیبت اور بخل و حسد اور غرور و تکبر و حرص کو دور کر دے گا اور تمام مصیبتوں سے دور رکھے گا جو شخص سات روز تک صبح و شام آبِ نیساں کو پیے گا اس کا جسم اور ہڈیوں اور لوگوں سے ہر قسم کے درد اور بیماریاں دور ہو جائیں گی۔ جو عورت بانجھ ہو بفضل خدا حاملہ ہوگی۔ جس عورت کو لڑکا نہ ہوتا ہو تو خداوند عالم اسے فرزند عطا کرے گا۔

نوروز کے اعمال

نوروز کے دن آفتاب کا برج حمل میں داخل ہونا مبارک وقت ہے اس وقت میں دعائیں قبول ہوتی ہیں مقررہ وقت سے پہلے غسل کریں پاک و پاکیزہ کپڑے پہنیں۔ خوشبو لگائیں، دسترخوان پر میٹھی چیزیں پکا کر اور فروٹ وغیرہ رکھیں اور حضرت علیؑ کے نام کو نذر دیں۔ کسی برتن میں پانی بھریں اور اس میں سرخ گلاب کا پھول ڈالیں۔ مقررہ وقت پر ساکن پھول خود بخود حرکت میں آجائے گا اس وقت اپنی حاجتیں طلب کریں۔

366 مرتبہ "یا ذالجلال والاکرام" کا ورد کریں اور اس کے بعد یہ دعا پڑھیں

"يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ يَا مُرِيدَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ يَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَ الْاَحْوَالِ حَوْلَ مَا لَنَا اِلٰى اَحْسَنِ الْحَالِ"

نوروز کے دن نماز ظہرین کے بعد چار رکعتیں دو دو کر کے اس طرح بجالائیں نیت یہ کرنا ہے کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں قربۃً الی اللہ کہ پہلی رکعت میں "الحمد" کے بعد دس مرتبہ "سورۃ انا انزلنا" اور دوسری رکعت میں "الحمد" کے بعد دس مرتبہ "سورۃ قل ایھا الکافرون" پڑھیں۔

اور بعد سلام ختم کریں۔ دوسری رکعتیں اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے دس مرتبہ قل ہو اللہ اور دوسری رکعت میں بعد الحمد دس مرتبہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برالناس پڑھیں۔

اور بعد سلام نماز تمام کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

"اللهم صلى علىٰ محمدٍ و ال محمدن الا وصياء المرصين و على جميع انبيائك و رسلك بافضل صلواتك و بارك عليهم بافضل بركاتك و صل على ارواهم و اجساء هم اللهم بارك علىٰ محمدٍ و بارك لنا فى يومنا هذا الذى فضلته و ركرمته و شرفه و عظمت خطره الهم بارك لى فيما انعمت به علىٰ حتىٰ لا اشكر احدًا غيرك و وسع على فى رزقى يا ذوالجلال و الاكرام الهم ماغاب عنى فلا يغيبن عنى عونك و حفظك و ما فقدت من شئٍ فلا تفقدنى عونك عليه حتىٰ لا تكلف ما لا اتكلف مالا احتاج اليه يا ذوالجلال والاكرام"

بعد ازاں تمام اعمال کے دسترخوان رکھی ہوئی نیاز غرباء میں تقسیم کریں۔

سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک و زعفران سے چینی کے برتن میں لکھ کر گلاب سے دھو کر پیئے تو وہ سال بھر تک درد و رنج اور جانوروں کے زہر سے محفوظ رہے گا۔

۱. سلام علی نوحٍ فی العالمین۔
۲. سلام قولًا من رب رحیم
۳. سلام علیٰ ابراھیمؑ
٤. سلام علیٰ موسیٰ و ھارونؑ
٥. سلام علی الیاسین
٦. سلام علیکم طِبْتُم خلوھا خالدین
٧. سلام ھی حتی مطلع الفجر۔

اشتہار برائے زائچہ

زندگی میں درپیش روز مرہ مسائل آپکی پریشانیاں اور ان کا صحیح روحانی حل کیا ہے؟ نئے کام، کاروبار، شادی بیاہ، مکان، جائیداد کی خرید وفروخت کے لیے صحیح اور مناسب وقت کا انتخاب کریں اپنے حال اور اپنے مستقبل کے لیے بہترین راہنمائی حاصل کرنے کے لیے اپنا زائچہ بنوائیں صرف ۴۰۰ روپے میں آپ جان سکتے ہیں اپنی پریشانیوں کی اصل وجہ اور اس کا تدارک کیا، کیسے اور کب ہوگا؟

علم نجوم علم الساعات کی روشنی میں آپ کا زائچہ وقت اور حیات بنایا جاتا ہے اپنا نام مع والدہ لکھیں تاریخ پیدائش اور وقت پیدائش کے ساتھ جائے پیدائش اگر آپ کو درست وقت و تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو تو سوال کرتے یا لکھتے وقت کا ٹائم نوٹ کر کے لکھیں آپ کا زائچہ اس وقت سے بنایا جائے گا۔

منی آرڈر اور خطوط اس پتہ پر ارسال کریں۔

غلام رضا عسکری.....آسٹرولوجی ہاؤس جفر نجف

مکان نمبر 2146/129، کیمپ نمبر 2 کارمورا کالونی

نواب شاہ پوسٹ کوڈ 67450۔فون: 0333-7014915

مجرب ترین عمل برائے قضائے حاجات وحصول مرادات

تحریر لعل بخش قلندری روحانی عامل

مکان نمبر P505 قلندری چوک گلی نمبر 7 منیر آباد فیصل آباد

فون: 041-8001254 موبائل: 0333-8147274

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سورۃ مبارک توحید بغیر موکل ایک ہزار مرتبہ تلاوت کریں۔ بعد مندرجہ ذیل دعا چند بار مکرر مانگیں۔ حالت شدت میں یہ دعا سورۃ مبارکہ توحید کے ساتھ ساتھ ہزار بار پڑھیں تو دامن آرزو گوہر مراد سے بھر پائیں گے۔ انشاء اللہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا فَرۡدُ یَا صَمَدُ یَا مَنۡ لَّمۡ یَتَّخِذۡ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یَا مَنۡ لَّمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَسۡئَلُکَ بِحَقِّ اَسۡمَائِکَ الۡعِظَامِ وَ اَنۡبِیَائِکَ الۡکِرَامِ اَنۡ تُسَخِّرَلِیۡ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوۡرَۃِ الۡعَظِیۡمَۃِ عَبۡدَکَ عَبۡدَالرَّحۡمٰنِ وَ عَبۡدَکَ عَبۡدَ الصَّمَدِ وَ عَبۡدَکَ عَبۡدَ الۡوَاحِدِ یَکُوۡنُوۡنَ لِیۡ عَوۡنًا عَلٰی قَضَاءِ حَوَائِجِیۡ اَلۡعَجَلَ اَلۡعَجَلَ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ اَلۡوَاحَا اَلۡوَاحَا بَارَکَ اللّٰہُ فِیۡکُمۡ وَ عَلَیۡکُمۡ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہِ الطَّاھِرِیۡنَ وَ اَصۡحَابِہِ الصَّالِحِیۡنَ۔

ہر قاری ہاشمیہ جنتری کو عام اجازت ہے۔ خصوصی اجازت کیلئے ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ تین مرتبہ سورۃ توحید پڑھ کر بطفیل محمد و آل محمد قبلہ علامہ زوار حسین قلندری مرحوم کی روح کو ہدیہ کریں۔

مجرب ترین عمل برائے دفعیہ نظر بد

فی زمانہ حسد عام ہے بچوں کو بڑوں کو، گھر بار کو، کاروبار کو نظر بد لگ جانا عام ہے۔ حاسدین اور مخالفین کے ساتھ ساتھ اکثر اپنے خیر خواہوں کی بھی نظر لگ جاتی ہے۔ نظر بد کے دفعیہ کے واسطے ایک نہایت مجرب اور آسان عمل قارئین ہاشمیہ جنتری کی خدمت میں تبرکاً پیش ہے۔

یہ تمام اعمال راز سینہ اور مجرب ترین ہیں۔ جو میرے بزرگ قبلہ علامہ زوار حسین قلندری سلطان الافضل کے اور میرے بلا مبالغہ ہزاروں بار کے آزمودہ ہیں۔

اول آخر 3.5 مرتبہ درود شریف کے ساتھ درمیان میں مندرجہ ذیل ورد 3 یا 5 مرتبہ پڑھ کر متاثرہ پر دم کریں۔ اس کو لکھ کر بچے، بڑھے کے گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں اور فریم کروا کر مکان، گھر میں لٹکا سکتے ہیں۔

اس کے لئے ہدیہ بس دعائے خیر قبلہ زوار حسین قلندری مرحوم کیلئے اور جناب محترم محمد صادق صاحب مدیر اعلیٰ ہاشمیہ جنتری اور جامعہ ہاشمیہ کیلئے اللہ کریم کی بارگاہ میں کر دیا کریں۔ اللہ کریم محترم محمد صادق صاحب کی کاوشوں کو قبول فرمائے آمین!

بِسۡمِ اللّٰہِ جَبۡسٌ حَابِسٌ وَ شَجَرٌ یَابِسٌ وَ شِھَابٌ قَابِسٌ رَدَدۡتُ عَیۡنَ الۡحَائِنِ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیۡہِ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ھَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ثُمَّ ارۡجِعِ الۡبَصَرَ کَرَّتَیۡنِ یَنۡقَلِبۡ اِلَیۡکَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّ ھُوَ حَسِیۡرٌ۔

دعا گو

لعل بخش قلندری

علم نجوم وعلم الاعداد کی روشنی میں روحانی امداد

اپنی مشکلات، پریشانیوں اور مسائل کی وجہ اور اُن کا حل معلوم کرنے کے لئے اپنا زائچہ علم الاعداد اور علم نجوم کی روشنی میں بنوائیں۔

نام، والدہ کا نام، درست تاریخ پیدائش اور مین مسئلہ تحریر کریں Rs. 300/- برائے دفتری اخراجات منی آرڈر کریں۔

برائے رابطہ:

لعل بخش قلندری۔ روحانی عامل۔

مکان نمبر P505 قلندری چوک گلی نمبر 7 منیر آباد فیصل آباد

فون: 041-8001254 موبائل: 0333-8147274

عالمی پیشن گوئیاں برائے 2007ء

پاکستان

بین الاقوامی سطح پر صدارتی اور حکومتی کاوشوں کے نتیجے میں پاکستان کا وقار بلند ہوگا قومی محاسل اور مالیاتی ذرائع کے راز افشاء ہونے یا غلط اعداد شمار ظاہر ہونے کے خدشات کا امکان ہے موجودہ حکومت اور وزیر اعظم کے ذرائع ان معاملات کو سنبھال لیں گے جبکہ سفارتی اور بین الاقوامی ذرائع حکومت کو اچھے تعلقات قائم کرنے اور پڑوسی ملکوں سے نئے سفارتی معاہدے ہونے یا پرانے معاہدوں کی تجدید کا امکان ہے مارچ، اپریل زمین دار، زراعت پیشہ طبقے اور اپوزیشن اور حکومتی افراد میں کھینچا تانی اور رسہ کشی کا وقت ہوگا حکومتی اداروں کی جانب سے صحت اور عوام الناس کی بھلائی کے کاموں کی جانب پیش رفت ہوسکتی ہے۔

سفرات میں حادثات کی زیادتی ہوسکتی ہے مسلح افواج اور عوام یا کسی سیاسی تنظیم خصوصاً مذہبی، سیاسی تنظیم کے خلاف محاذ آرائی کا امکان خارج نہیں کیا جا سکتا بیرون ملک سفرات میں امیگریشن پالیسی میں سختی اور پیچیدگی پیدا ہوسکتی ہے ایسا ممکن ہے کہ کسی مذہبی رہنما پر قاتلانہ حملہ حالات خراب کرنے کی سازش کے طور پر سامنے آئے یا کسی عالم دین کے خلاف فوجی کارروائی ممکن ہوسکتی ہے صدر پرویز مشرف حکومت وزراء اور کابینہ کے ساتھ مل کر آئندہ پانچ سال کے لیے اپنے آپ کو صدر کے طور پر نامزد کرلیں۔اس کا قوی امکان زائچہ میں موجود ہے خفیہ دشمنوں اور دشمن ممالک کی خفیہ تنظیموں کی جانب سے پاکستان میں انتشار پھیلانے اور تخریبی کارروائیوں کے سامنے آنے کا وقت ہوسکتا ہے منافع خور بروکرز اور افواہوں کی وجہ سٹاک مارکیٹ کرش ہونے کا مکان ہوسکتا ہے عورتوں کے خلاف پروپیگنڈہ یا اسکینڈل سامنے آسکتا ہے جبکہ عورتوں کے حقوق سلب کیے جانے کے امکانات ہوسکتے ہیں۔

بیرون ملک سے امداد یا فارن ایکسچینج مالی پوزیشن کو مضبوط اور مستحکم کرنے اور عدلیہ کا وقار بلند ہونے کی جانب بھی اشارہ ملتا ہے مذہبی تنظیموں کے خلاف ایکشن لئے جانے یا اسکینڈل بنائے جانے یا سیاسی محاذ آرائی کا سامنا ہوسکتا ہے جبکہ صدارتی پوزیشن کچھ کمزور ہوسکتی ہے عوام الناس بھلائی کے کاموں کا فقدان ہوسکتا ہے پڑوسی ممالک میں کشیدگی ممکن ہوسکتی ہے لیکن صلح صفائی سے وقت اچھا کٹ جائے گا۔حکومت مخالف لوگوں کی جانب سے الزامات اور فتنہ طرازی کا سامنا ہوسکتا ہے یاد رہے کہ یہاں یہ وقت نئے انتخابات کی تیاری کا ہوگا حکومت عوام کو بیوقوف بنا چکی ہوگی لیکن ان انتخابات کے نتائج حیران کن حد تک چونکا دینے والے ہوں گے سابق وزیر اعظم بے بس اور لاچار نظر آتے ہیں خفیہ دشمنوں کو بے نقاب ہونے اور جرائم پیشہ افراد اور دہشت گردوں کو پکڑنے اور سزا دیئے جانے کے حالات کا سامنا ہوسکتا ہے جبکہ کسی تفریحی مقام پر حادثہ یا آگ لگنے کے امکانات ہوسکتے ہیں جواء اور گیمبلنگ کے الزام قومی کھیلوں کی ٹیموں پر لگائے جاسکتے ہیں۔

امریکہ

اس سال امریکہ کے خارجی تعلقات مزید متاثر ہوں گے اور امریکہ دوسرے ممالک کے اندرونی معاملات میں مزید مداخلت کرتا رہے گا جو کہ امریکہ کے مورال اور عزت وقار کو نقصان پہنچائے گی امریکہ کی دوسرے ممالک سے بات بگڑ سکتی ہے اور امریکہ فارن افئیرز میں ناکام نظر آئے گا جبکہ فارن منسٹر کو بدلنے کی کوشش کرتا نظر آتا ہے طلاق کی شرح امریکہ میں بڑھے گی جبکہ امریکہ کے سفارتی تعلقات متاثر ہوں گے جبکہ امریکہ کی غلط سفارتی پالیساں امریکہ کے گلے کا ہار بن سکتی ہے۔حکومت کی مخالفت میں عوامی اجتماعات اور بیانات عام ہوں گے امریکہ کی ہوس اور لالچ کسی مسلم ملک کو نشانہ بنا سکتی ہے خصوصاً فروری میں کسی ملک پر فوج کشی کرتی نظر آتی ہیں مارچ میں مریخ اور زحل پہلے ساتویں مقابل ہوں گے۔

فوج اور عوام کا مقابل ہونا ممکن ہوسکتا ہے جنسی زیادتیوں، جرائم اور وبائی امراض پھوٹنے کا امکان ہے اس سال ۲۰۰۷ء تک امریکہ کی جانب سے بین الاقوامی طور پر اپنے دوست بنانے کی جانب قدم اٹھائے گا اور دوست ممالک کی آرزوں کی تکمیل اور اسلحہ کی فراہمی کے ساتھ مراعات کا سامان فراہم کرسکتا ہے امریکہ میں تفرح مقام پر کسی خطرناک قسم کی تخریب کاری ہوسکتی ہے۔اور جانوں کا ضیاع ممکن ہوسکتا ہے ایسا شمال مغربی علاقوں میں ممکن ہوسکتا ہے یا جنوب مشرقی علاقوں میں ایسا ممکن ہو سکتا ہے کہ افواہوں کی وجہ سے امریکہ کی اسٹاک مارکیٹیں تاریخی زوال کا شکار ہوجائیں جون کا مہینہ اہم ہوگا سمندری طوفانوں یا قدرتی آفات سے امریکہ میں بڑی تباہی واقع ہوسکتی ہے اور اس دوران میں امریکہ کو مدد درکار ہوسکتی ہے۔

بھارت

اس سال کے آخر تک ٹرین روڈ اور ہوائی سفرات میں ایکسڈنٹ ہونے اور مواصلات کے نظام میں خرابیاں پیدا ہونے کے امکانات ہیں جبکہ ہمسایہ تعلقات میں بھارت بدستور پڑوسی ممالک پر در اندازی کے بیانات لگاتا رہے گا عوامی طور پر فراڈ اور دھوکے باز کمپنیوں کا اسکینڈل واضح نظر آتا ہے کسی ایکسیڈنٹ میں اجتماعی اموات یا بڑے جانی نقصان کی جانب اشارہ کرتے ہیں اور تخریب کاری کے امکان بھی ہوسکتے ہیں بھارت کے دوست ممالک کی جانب سے بھارت کی کھلی اور عام حمایت سامنے لائے گا بھارت کے بیرون ملک معاملات میں بہتری اور اچھائی لاسکتا ہے شادی بیاہ کی شرح بلند ہوگی اور طلاق کی شرح اس سال کم رہے گی جبکہ بیروزگاری بڑھے گی اور نوکریوں میں کمی ہوگئی نوجوان طبقہ حکومتی امراء حکومت سے بدظن ہوسکتا ہے۔جبکہ فصلوں اور زرعی آمدنی میں کمی یا زرعی مسائل کی حکومت انڈیا کو مشکلات سے دوچار کرسکتا ہے لیکن یہاں معدنی وسائل اور تیل اور قدرتی وسائل کے حصول کی جانب حکومتی اقدامات دیکھنے میں آئے گی۔

بھارت کی کوشش قدرتی وسائل میں ترقی کی ہوگئی بھارت میں خشک سالی سے کئی ایک علاقے متاثر ہونے کے خطرات ہوسکتے ہیں عبادت گاہوں پر مذہبی

تنازعات ہوسکتے ہیں اور ایسا جون یا جولائی میں ممکن ہوسکے گا موسمی حالات وتغیرات بھارت کی ساحلی پٹی سے نزدیک علاقوں میں تباہی لاسکتے ہیں اپوزیشن میں سوشل ازم اور مذہبی شدت پسند حامی تنظیمیں مذہبی فسادات پیدا کرسکتی ہیں حکومت مخالفت تنظیمیں اچانک ابھر کر حکومتی دھڑوں کو پریشان اور عدم استحکام کی کیفیات پیدا کرسکتی ہیں۔

چین

چین کی ملکی شرح نمو میں سستی پیدا نظر آتی ہے جبکہ فارن لیول پر چین کے مقابل ملک چین کی شرح نمو میں رکاوٹیں اور مختلف حیلے استعمال کرتے رہیں گے بیرون ملک تعلقات میں چین کو سست رفتاری کا سامنا کرنا پڑے گا جبکہ چین کے دوست ممالک کی تعداد میں کمی یا سہی لیکن کچھ سرد مہری واقع ہوسکتی ہے جبکہ بعض بین الاقوامی کی خلاف ورزی یا نہ ماننے پر چین کو عالمی سطح پر تنقید کا سامنا ہوسکتا ہے اور یہ ایک مشکل وقت ہوگا قومی و بین الاقوامی سطح پر اپنی نیک نامی قائم رکھنے کی کوشش میں کامیاب ہوجائے گا اور چین کی معیشت اس سال مزید بہتر طریقے سے ابھر کر سامنے آئے گی۔

عوامی فلاح وبہبود کے کاموں اور نچلی سطح پر عوامی نمائندوں کو عوام کی بھلائی کے کاموں کے لیے مزید اختیارات سونپے جاسکتے ہیں چین تجارتی اور مالیاتی ذرائع میں جدید سہولتیں اور جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب قدم بڑھائے گا چین کی الیکٹرک مصنوعات کو دنیا میں پھیلانے اور قومی دولت کا ایک بڑا حصہ ان آلات کی فروخت کی آمدنی سے حاصل ہو جبکہ چین کی جانب سے آزاد سرمایہ کاری کا اعلان بھی متوقع ہوسکتا ہے چین اپنی معیشت کو مزید بہتر کرنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر کئی ایک چھوٹے بڑے مشترکہ مالی استحکام کے منصوبوں پر اس سال زور وشور سے عمل پیرا ہوگا۔ چین کی مجموعی صورتحال اس سال اوسط سطح سے کچھ بہتر رہے گی پڑوسی ممالک سے بگڑے ہوئے تعلقات اور ہمدردیاں سمیٹنے میں کامیابیاں حاصل کرلے گا اور چین کی مخالفت پر کمر بستہ ممالک کسی حد تک مخالفت ترک کرسکیں گے سفارتی تعلقات کے ذریعے سے آمدنی اور فارن ریزرو کے حصول میں کچھ مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔

افغانستان

اس سال افغانستان کی قومی دولت میں اضافہ کرے اور انٹرنیشنل لیول پر بھی افغانستان کی شرح نمو میں بہتری آئے گی بے روزگاری میں افغان قوم کو مشکلات کا سامنے ہوگا اس سال کے آخر تک حکومت کی جانب سے بے روزگاری کے خاتمے کے لیے کیے جانے والے کاموں میں ناکامی ظاہر کرتے ہیں جبکہ عوام الناس کی حالت زار میں اضافہ ہوگا اور حکومت کی جانب سے آزاد معاشی پالیسیاں وضع کی جانے کی امید کی جاسکتی ہے بے حیائی اور سنسر کی پالیسوں میں مزید نرمی ہونے کی وجہ سے افغان قوم دوبارہ جدید میڈیا کی جانب جاتی نظر آتی ہیں اور ہائی سوسائٹی میں ماڈرن ازم کی پرورش زور وشور جانے کی توقع ہے نشریاتی اداروں میں سرمایہ کاری اور نئے سٹیلائٹ چینل شروع ہوں گے۔ میڈیکل اور عوام الناس کی بہبود اور صحت کے اداروں کی جانب افغان حکومت اس سال خصوصی توجہ دے گی۔

افغان حکومت کی جانب سے دوست ممالک پر الزام تراشی ہوسکتی ہے جبکہ ایسے بیانات حکومت کی جانب سے دیئے جانے کے امکانات ہیں کسان اور مزدور دار لوگوں کے ساتھ ساتھ عوام اور اپوزیشن کے ساتھ تعلقات کی بہتری کی نوید بھی دیتا ہے جبکہ سفرات اور ذرائع نقل وحمل کا انفرا اسٹرکچر بہتر بنانے کی جانب حکومتی کارندے کام کرتے نظر آتے ہیں جبکہ طالبان کی جانب سے خفیہ کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا اور اس سال ایک بار پھر اکتوبر کے بعد اتحادی افواج کی جانب سے دہشت گردوں کی تلاش کے عوض عوام پر گولہ بارود برسائے جانے اور افغان عوام کو ہراساں کئے جانے کے امکانات ممکن ہوسکتے ہیں افغان اس سال کافی بہتر دکھائیں دیں گے۔

ایران

ایران کو امریکہ اور یورپ متحدہ گروپ کی جانب سے جن کے پیچھے صیہونی سازشیں اور دماغ کارفرما ہیں ان کی جانب سے اقتصادی پابندیاں لگائے جانے اور بین الاقوامی طور پر ایران کو مالی طور پر تجارتی طور پر تنہا کرنے کی جس سازش کا نقشہ یہودیوں نے تیار کیا ہے اس سازش کا خاتمہ اس سال ستمبر تک ہوجائے گا اور بین الاقوامی لیڈروں کا یہ گروہ ایران کو دنیا میں تنہا کرنے کے مزموم مقاصد میں ناکام ہوگا ایران مسلحہ افواج میں اضافے کے ساتھ ساتھ افواج کی صلاحیتوں میں اضافہ کرے گا اور ایرانی مسلح افواج کو جدید اسلحہ سے لیس کیے جانے کے اعلانات سننے کو ملیں گے بین الاقوامی سطح پر ایران کے دستوں میں اضافہ اور ان کی حمایت اضافے کو ظاہر کرتا ہے اس سال ایک بار پھر ایران کے سپریم کمانڈر آیت اللہ خامنائی اور دیگر سپریم کونسل کے ارکان کے فیصلوں کی زبردست حمایت اور پاسداران کی مقبولیت کو ظاہر کرتا ہے ایران کی مذہبی قوتیں اس سال مزید مستحکم نظر آتی ہے اور صیہونی قوتوں کو کردار کشی کے لیے نشریاتی ذرائع استعمال کرتی نظر آتی ہیں۔

ایران کی دوست ممالک میں حمایت کو مزید بہتر بنائے گا ایرانی قوم اور اس کے خلاف اٹھنے والے منفی پروپیگنڈے کا موثر اقدام ایران کی جانب سے نشریاتی اداروں کو مزید فعال بنا کر کیا جائے گا یہ وقت ایران کے لیے خاصہ احتیاط کرنے کا ہوگا ایران میں یہودی اور صیہونی خفیہ ایجنسیوں اور ایسے سی آئی اے کے اہلکار یا مواد پکڑے جانے اور امریکہ ویورپی ٹولے بے نقاب ونے کی جانب کوئی خبر ملنے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ یکجہتی اور اجتماعی طور پر عوام میں تنفر پیدا نہ ہوسکنے کی جانب اشارہ دیتا ہے جبکہ امریکہ اور یورپ کی جانب سے افواج ایران میں بغاوت پیدا کرنے یا عوام میں بغاوت کرنے کی کوششوں کی ناکامی کو ثابت کرتی ہیں اور امریکہ ویورپ کو منہ کی کھانی پڑے گی اور بفضلہ تعالیٰ ایران کے آئین کے مطابق مملکت ایران امام زمانہ مہدی کی امانت ہے اور امام زمانہ کی امانت کو کوئی یہودی یا صیہونی سازش قبضے میں نہیں لے سکتی مولائے آخرالزمان تک ایران آزاد رہے گا۔ آمیں (خدا ہم سب کی دعائیں قبول کرے اور ایران کو تابندہ اور پابندہ رکھے)۔

عجائبات روحانیت

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی (ماہر ستارہ شناس و علم مخفی جھنگ صدر)

محترم قارئین ہاشمیہ جنتری السلام علیکم! پہلی مرتبہ اس جنتری میں حاضر ہوا ہوں اس سال میں شائقین عملیات کیلئے صدری و اسراری اعمال اپنی خصوصی بیاضوں سے پیش کر رہا ہوں انشاء اللہ جو بھی کرے گا اسے ضرور فائدہ ہوگا۔ فیض اٹھانے والوں کو چاہئے کہ میرے اور مدیر اعلیٰ ہاشمیہ جنتری کے لئے دُعا ضرور کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ہر جگہ کامیاب کرے۔ (آمین)

صدری عمل برائے شفائے امراض

اگر کوئی شخص خطرناک مرض میں مبتلا ہو اور اس سے شفا نہ مل رہی ہو یا اتنا طویل عرصہ گزر گیا ہو کہ وہ مایوس ہو جائے تو اسے چاہئے کہ 40 روز تک روزانہ اوّل و آخر 11۔11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ درج ذیل عبارتِ عمل 1100 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور روزانہ پانی پی لیا کرے۔ انشاء اللہ مرض جو بھی ہوگا اسے شفا ملے گی۔ عبادتِ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَاشَافِيُ يَا سَلَامُ يَاحَفِيْظُ يَا بَدِيْعُ يَا رَحِيْمُ فلاں بن فلاں کو فلاں مرض سے شفا ملے وَ بِحَقِّ يَا حُسَيْنُ يَا حُسَيْنُ يَا حَسَنُ وَ بِحَقِّ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ يَا مُغِيْثُ○

لوح مشتری

جس شخص کی مالی حالت کمزور ہو تو وہ یہ لوح مشتری تیار کروا کر پاس رکھے انشاء اللہ تعالیٰ دن بدن مالی حالت بہتر ہوتی جائے گی۔ اس لوح کو شرف مشتری یا اوج مشتری میں لکھیں اس کے علاوہ زہرہ و مشتری، تسدیس و تثلیث یا قمر و مشتری کی تسدیس و تثلیث میں بھی تیار کر سکتے ہیں اور ہر روز درود شریف کوئی سا بھی 101 بار پڑھ کر لوح مشتری پر دم کر دیا کریں۔ اسی طر 40 روز تک دم کریں پھر 110 روپے کی خیرات دیکر لوح اپنے پاس رکھیں لوح مشتری یہ ہے۔

یامغنی　　　　　　　　یامغنی

۹۲۳۶۹	۹۲۳۷۲	۹۲۳۷۵	۹۲۳۶۲
۹۲۳۷۴	۹۲۳۶۳	۹۲۳۶۸	۹۲۳۷۳
۹۳۲۶۴	۹۲۳۷۷	۹۲۳۷۰	۹۲۳۶۷
۹۲۳۷۱	۹۲۳۶۶	۹۲۳۶۵	۹۲۳۷۶

یامغنی　　　　　　　　یامغنی

۹۲۴۴۴۱۰۱۱ی۴۴۴

ســـــه

یاجبرائیل یا میکائیل یا

اسرافیل

یادردائیل مال و دولت لاؤ

وبحق یا مغنی یا غنی یا علی

لاجواب عمل برائے بیوی و بچوں کا خرچہ

جس بیوی کا شوہر اس کو گھریلو کاموں کے لئے اور بچوں کے لئے خرچہ وغیرہ نہ دیتا ہو تو یہ عمل ضرور پڑھے انشاء اللہ اس کا شوہر اپنی بیوی اور بچوں کیلئے روزانہ خرچہ دے گا۔ عمل کی مدت صرف ایک دن ہے۔ اول و آخر 11۔11 مرتبہ دورد شریف کے ساتھ یہ عمل پڑھے۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم بِحَقِّ يَا وَدُوْدُ يَا وَهَابُ يا كَرِيْمُ يَا رَزَّاقُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ.

ہر نماز کے بعد عمل 192 مرتبہ پڑھیں بعد عمل اپنے مقصد کیلئے دُعا مانگے انشاء اللہ اگلے دن پڑھنے کی ضرورت محسوس نہ ہوگی آزمائش شرط ہے۔

صدری عمل نادِ علی

نادِ علی اسم اعظم ہے لیکن جو میں یہاں تحریر کر رہا ہوں یہ صدری و اسراری عمل نادِ علی ہے۔ اس کی برکت سے ہر مشکل حل ہوتی ہے۔ یہ عمل تسخیرات، فتوحات، کشائش رزق، تسخیر حکام، صحت، حصول اولاد، ملازمت، مال و دولت میں اضافہ، بیرون ملک جانے کیلئے، دشمنوں سے حفاظت، انعامی سکیموں میں کامیابی، قرض، نحوست و بدبختی کے خاتمہ کیلئے، دل پسند شادی کے علاوہ ہزاروں مسائل کے حل کیلئے سریع الاثر ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ بعد از نماز عشاء علیحدہ کمرہ میں داخل ہوں۔ پھر 11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا مانگیں۔ اسی طرح 11 روز کریں پھر نقش پنجتن پاک سفید کاغذ پر زعفران و عرق گلاب سے لکھ کر پاس رکھیں۔ انشاء اللہ جو بھی حاجت ہوگی وہ پوری ہو جائے گی آزمائش شرط ہے۔ نادِ علی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ نَادِ عَلِيًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تجده عَوْنًا لَكَ فِي النَّوَائِبِ فَنَا دَيْتَهٗ لِيُظْهِرَ عَلَىٰ مِنْ عَجَائِبِ اٰثَارِ وَلَايَتِهٖ وَ غَرَائِبِ اَسْرَارِ اِمَامَتِهٖ حَتّٰى يَنْجَلِيْ كُلَّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ بِوَلَايَتِهٖ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِيْ بِسِرٍّ وَلَا يَتَكَ الْخَفِي الْجَلِيِّ.

☆ بقیہ: اگلے صفحے پر

بسم الله الرحمن الرحيم

محمدؐ	فاطمهؑ	حسنؑ	حسينؑ
حسينؑ	حسنؑ	فاطمهؑ	محمدؐ
فاطمهؑ	محمدؐ	حسينؑ	حسنؑ
حسنؑ	حسينؑ	محمدؐ	فاطمهؑ

وكفى بالله شهيداً محمد رسول الله

میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے۔ اگر کسی مسئلہ میں میری مدد کی ضرورت ہو تو معقول ہدیہ کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں نیز ملکی و غیر ملکی انعامی سکیموں میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے زائچہ انعامی بمعہ لوح حصول انعام بنوائیں اور لوح مشتری باموکل نورانی وزائچہ شادی وغیرہ حاصل کرنے کیلئے جوابی لفافہ ارسال کریں۔

محمد اسد اللہ سلیمانی (ماہر علم مخفی)......ادارہ روحانی علاج،
مکان نمبر......193 محلہ الٰہی بخش کالونی مین بازار،
نزد برف والا کارخانہ جھنگ صدر کوڈ 35200

☆☆☆

امتحان میں پاس ہونے کی دُعا

عشاء کی نماز کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیار مرتبہ درود کے ساتھ تین سو مرتبہ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ پڑھ کر خلوص نیت سے دُعا کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔ اس عمل کو نتیجہ آنے تک جاری رکھنا ہے۔

رات سونے سے قبل عمل

حضرت رسالتمآبؐ ہر شب و صبح 360 مرتبہ بقدر رز کھائے بدن

الحمد اللہ رب العالمین کثیراً علیٰ کل حال

پڑھتے تھے آپ نے فرمایا انسان کے جسم میں 360 رگیں ہوتی ہیں جن میں 180 ساکن اور 180 متحرک ہوتی ہیں۔ اگر ساکن رگوں میں سے کوئی ایک متحرک ہو جائے یا متحرک رگوں میں کوئی ایک ساکن ہو جائے تو اس کو نیند نہیں آئے گی لہٰذا سوتے وقت یہ عمل کریں۔

لقوہ کیلئے بہترین نسخہ

جب لقوہ کی شکل ہو فوراً بلا تاخیر مریض کو خالص شہد نیم گرم پانی میں ملا کر دیں اور غذا میں جنگلی کبوتر کا شوربہ صبح و شام پلائیں اس کے سوا کچھ نہ دیں کم از کم پاؤ شہد روزانہ صبح و شام پلائیں انشاء اللہ جلد آرام آجائے گا۔

اسباب خیر و برکت

(۱) مغرب کی اذان سنتے ہی گھر میں روشنی کرنا (۲) گھر میں داخل ہوتے وقت سورہ قل ہو اللہ احد پڑھنا (۳) مومن کے واسطے غائبانہ دعا کرنا (۴) سویرے اٹھنا (۵) نماز پنجگانہ اول وقت ادا کرنا (۶) عموماً باوضو رہنا (۷) مسجد میں اذان سے پہلے جانا اور نماز با جماعت پڑھنا (۸) ہر نماز کے بعد تسبیح پڑھنا اور تعقیبات نماز پڑھنا (۹) اپنے عزیزوں اور ہمسایوں کے ساتھ احسان کرنا (۱۰) مومن کی مدد کرنا (۱۱) بہت زیادہ استغفار کرنا (۱۲) کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا (۱۳) ہر وقت پاک وصاف رہنا (۱۴) داہنے ہاتھ میں فیروزہ، یاقوت یا عقیق کی انگوٹھی پہننا (۱۵) ہر روز صبح کے وقت سورۂ یٰسین پڑھنا (۱۶) ہر روز رات کو سورہ واقعہ پڑھنا (۱۷) ہر شب جمعہ حدیث کساء پڑھنا یا سننا (۱۸) ہمیشہ سچ بولنا (۱۹) گھر کو پاک صاف رکھنا (۲۰) خدا کا شکر کرنا (۲۱) فرش پر دسترخوان بچھانا۔

نحوست و افلاس کے اسباب

(۱) جھوٹی قسمیں کھانا (۲) فقیروں کو دھتکارنا (۳) غسل خانہ یا حمام میں پیشاب کرنا (۴) گھر کو گندا رکھنا (۵) کھڑے ہو کر پیشاب کرنا (۶) طہارت نہ کرنا (۷) رات کو جھاڑو دینا (۸) حسد کرنا (۹) نجس جگہ پر وضو کرنا (۱۰) مٹی سے ہاتھ دھونا (۱۱) قبر پر بیٹھنا (۱۲) رزق کا احترام نہ کرنا (۱۳) والدین سے گستاخی کرنا (۱۴) غیبت کرنا (۱۵) پکے راگ گانے اور گانا سننا (۱۶) جواء کھیلنا (۱۷) ناپاکی کی حالت میں مسجد میں جانا (۱۸) مومن کو دھوکا دینا (۱۹) جھوٹ بولنا (۲۰) زنا (۲۱) برے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنا (۲۲) صبح سویرے دیر سے سو کر اٹھنا (۲۳) کھڑے ہو کر کھانا کھانا (۲۴) کم تولنا (۲۵) غلہ یا عوام کی چیزیں زیادہ منافع کرنا (۲۶) کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹ کرنا (۲۷) مغربین کے درمیان سونا (۲۸) دانتوں سے ناخن کاٹنا۔

آسمانی آفات اور زلزلے سے محفوظ رہنے کی دُعا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

(پارہ نمبر 22 آیت نمبر 41 سورہ فاطر)

رات کو سونے سے قبل 21 مرتبہ پڑھیں اول و آخر تین مرتبہ درود پڑھیں۔

ماہ ذوالحجہ کا چاند دیکھ کر سورہ نمبر پارہ نمبر ۱۱۳ ویں سورت یا آب رواں دیکھیں

ہاشمیہ جنتری ماہ جنوری 2007 ذوالحج /محرم الحرام ۱۴۲۸ ہجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ جنوری	دن	ہجری ذوالحج ۱۴۲۷	ہندی پوہ	اسلامی معلومات ویادداشت	سعد و نحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	پیر	11	18		نیک	7-00	5-12	7-16	5-55
2	منگل	12	19		نیک	7-00	5-13	7-16	5-55
3	بدھ	13	20		نحس	7-01	5-14	7-17	5-56
4	جمعرات	14	21		نیک	7-01	5-14	7-17	5-56
5	جمعہ	15	22	ولادت امام علی نقیؑ	نیک	7-01	5-15	7-17	5-57
6	ہفتہ	16	23	وفات علامہ غلام ناصر نجفی بھلوال 1995	نحس	7-01	5-16	7-17	5-58
7	اتوار	17	24	قرض کے لئے بد	میانہ	7-01	5-17	7-18	5-59
8	سوموار	18	25	عید غدیر	نیک	7-01	5-17	7-18	5-59
9	منگل	19	26	شب رخصتی حضرت فاطمہ زہرا	نیک	7-01	5-18	7-18	6-00
10	بدھ	20	27	تعمیر کیلئے نیک	نحس اکبر	7-01	5-19	7-18	6-01
11	جمعرات	21	28	سانحہ مومن پورہ 1998	نحس	7-01	5-20	7-18	6-02
12	جمعہ	22	29		[redacted]	7-01	5-21	7-18	6-02
13	ہفتہ	23	ماگھ		[redacted]	7-01	5-22	7-18	6-03
14	اتوار	24	2	عید مباہلہ	[redacted]	7-01	5-22	7-18	6-04
15	سوموار	25	3	وفات حافظ سید ذوالفقار علی شاہ 1982	[redacted]	7-01	5-23	7-18	6-05
16	منگل	26	4	نکاح وسفر کیلئے بد	نیک	7-00	5-24	7-18	6-05
17	بدھ	27	5	شہادت سید محسن نقوی 1999	نیک	7-00	5-25	7-18	6-06
18	جمعرات	28	6		نحس اکبر	7-00	5-26	7-18	6-07
19	جمعہ	29	7	نکاح وسفر کے بد	نیک	7-00	5-27	7-18	6-08
20	ہفتہ	محرم	8	ایام عزا یکم یوم تا ۸ ربیع اول	نیک	7-00	5-28	7-18	6-08
21	اتوار	2	9	حضرت امام حسینؑ کی کربلا آمد	نیک	6-59	5-29	7-18	6-09
22	سوموار	3	10		نحس	6-59	5-30	7-18	6-10
23	منگل	4	11	سفر کیلئے بد	نیک	6-59	5-31	7-17	6-11
24	بدھ	5	12		نحس	6-58	5-32	7-17	6-11
25	جمعرات	6	13		نیک	6-58	5-33	7-17	6-12
26	جمعہ	7	14	بندش آب در کربلا	نیک	6-57	5-34	7-17	6-13
27	ہفتہ	8	15	سفر کیلئے بد	نیک	6-57	5-35	7-16	6-14
28	اتوار	9	16	وفات مولانا اشیر جاڑوی مع فرزند کوثر 1992	نیک	6-56	5-35	7-16	6-14
29	سوموار	10	17	شہادت امام حسینؑ اور 72 شہداء	نحس اکبر	6-55	5-36	7-15	6-15
30	منگل	11	18		نحس	6-55	5-37	7-15	6-15
31	بدھ	12	19	سوئم شہدائے کربلا (اسیران کربلا کوفہ میں آئے)	نیک	6-54	5-38	7-14	6-16

ہدایات حضرت امام رضاؑ: اس ماہ میں بلغم پیدا ہوتا ہے۔ گرم پانی کے چند گھونٹ پینا مفید ہے۔ دن کے اولین حصے میں مالش مفید ہے۔ گرم سبزیاں اور پودینہ استعمال کریں۔

غیبت

خداوند عالم سورۂ حجرات آیت نمبر 12 میں فرماتا ہے۔اے وہ لوگوا جوایمان لائے ہوتم بہت گمان کرنے سے پرہیز کرو۔یقیناً بعض گمان گناہ ہے اورتم جاسوسی نہ کرواورتم میں سے کوئی ایک دوسرے کی غیبت نہ کیا کرے کیاتم میں سے کوئی ایک پسند کرتا ہے کہ وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے بس تم اسے مکروہ جانو گے اورتم اللہ تعالیٰ سے ہی ڈرو یقیناً اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

غیبت کی تعریف

کسی مومن کواس کی غیر موجودگی میں اس طرح کہ اگر وہ سنے تو آزردہ ہو اور مومن کے کسی عیب کا ذکر جو مومن کی آزردگی کا باعث بنے خواہ عیب خلقی یا عیب اعمال وافعال مثلاً لنگڑا،کانا،کاذب،بخیل،زانی،وغیرہ یانسبی عیب ہوعیب چاہے زبان سے ہو یا اشارہ سے غیبت ہے پس وہ صفت ہے جو کہ انسان میں موجود ہومگراس کا ظاہر کرنااس کے لئے آرزدگی کا باعث ہواگر وہ اس میں عیب نہ ہوتو غیبت نہیں بلکہ بہتان ہوگااور بہتان کا گناہ غیبت سے بدتر ہے.................!

نبی کریم ﷺ نے فرمایا!

اے ابوذرؓ غیبت زنا سے بھی سخت تر ہے۔ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا کہ کس طرح فرمایا کہ انسان زنا کرتا ہے تو توبہ کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرتا ہے۔مگر جب کوئی شخص مومن بھائی کی غیبت کرتا ہے تو جب تک وہ شخص خود اسے معاف نہ کرے اس کی توبہ قبول نہیں ہوتی۔

امیرالمومنینؑ نے فرمایا!

غیبت سننے والا مثل غیبت کرنے والے کے ہے جو شخص کسی مجلس میں کسی مومن بھائی کی غیبت سنے اور رد کرے تو اللہ اس کی دنیا وآخرت کی ہزار بلائیں رد کرے گا۔اگر رد نہ کرے اور اسے تعجب سے سنتا ہے تو جس قدر غیبت کرنے والا اس مجلس میں موجود ہیں ان سب پر برابر عذاب ہوگا۔

جو شخص اپنے مومن بھائی کی عزت وحرمت کے خلاف کچھ سن کر اس کی تردید کرے تواس کیلئے جنت واجب ہوجاتی ہے اوراس کا رد کرنا آتش جہنم سے بچانے کے لئے ایک حجاب ہوجائے گااور یہ مومن کے تین حقوق میں سے ایک حق ہے اگر رد نہ کرسکے تو وہ وہاں سے اٹھ جائے اور اگراس پر بھی قادر نہ ہوتو دل میں سے کراہت کرے اور غیبت پر خوش اور راضی نہ ہو۔

غیبت کا کفارہ

غیبت حق الناس ہے۔چاہئے کہ جس شخص کی غیبت کی ہے اس سے بخشوائے اور عفو کرائے اور آئندہ توبہ کرے۔حدیث میں ہے کہ حقوق الناس کی توبہ بلا عفو کرائے خدا قبول نہیں فرماتا اور اگر وہ شخص فوت ہوگیا ہو جس کی غیبت کی تھی تو اس کیلئے استغفارہ کرے اور خدا سے اپنے گناہ کی معافی مانگے۔اللہ تعالیٰ تمام مومنین مومنات کو غیبت سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے اور ہمارا شمار نہ غیبت کرنے اور نہ سننے والوں میں فرمائے (آمین)

بعض حکمت کی باتیں

۱۔ تین چیزیں حافظہ کو بڑھاتی ہیں۔

مسواک،روزہ،قرآن کا پڑھنا۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا پیاز کھاؤ یہ منہ کی بو کو ختم کرتا ہے مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے قوت جماع کو بڑھاتا ہے۔

۲۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مونچھوں کو بڑھائے گا اسے چار موقع پر عذاب دیا جائے گا۔اسے میری شفاعت نصیب نہیں ہوگی۔میرے حوض کا پانی نصیب نہیں ہوگا۔قبر میں عذاب دیا جائے گا۔منکر نکیر غضب ناک ہیبت میں اس کے پاس آئیں گے۔

۳۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا چار اشیاء طبیعت کو تازہ رکھتی ہیں انار، کھجور،بنفشہ،کاسنی۔

۴۔ امام حسینؑ نے فرمایا، جنت کے پانچ پھل دنیا میں ہیں۔انار،سیب،کھجور، بہی،ترش شیریں انار۔

۵۔ حضرت علیؑ نے فرمایا منقی کا استعمال کیا کرو اس سے صفراء دور ہوتا ہے بلغم ختم ہوتی ہے پٹھے مضبوط ہوتے ہیں تھکاوٹ دور ہوتی ہے غم دور ہوتے ہیں۔

۶۔ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا تربوز کھاؤ اس کے دس اوصاف ہیں یہ زمین کی چربی ہے۔کسی بیماری اور فساد کا باعث نہیں بنتا۔یہ غذا ہے۔یہ پانی بھی ہے۔یہ پھل بھی ہے۔انتڑیوں کے لیے بمنزلہ صابن کے ہے۔یہ سالن بھی ہے۔اس کے استعمال سے قوت باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔مثانہ کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔پیشاب جاری کرتا ہے۔

ذبح کے وقت کی دعا پڑھے

يَا قَوْمِ إِنِّي بَرِيءٌ مِمَّا تُشْرِكُونَ إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ . إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَتَقَبَّلْ مِنْ فلان بن فلان.

یہاں مولود اوراس کے باپ کا نام لے۔

دعائے قربانی

قربانی سنت موکدہ ہے سنت ہے کہ خود اپنے ہاتھ سے ذبح کرے ورنہ قصاب کے ہاتھ پر ہاتھ رکھے اور یہ مسنون دعا پڑھ کر ذبح کرے۔

إِنِّي وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ . إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ اَللّٰهُمَّ مِنْكَ وَلَكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

کہہ کر ذبح کرے اس کے بعد اللھم تقبل منی اور اگر چند آدمیوں نے مل کر قربانی کی ہو تو کہے اللھم تقبل منا اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے ہو تو کہے اللھم تقبل منہ اگر کئی اشخاص کی طرف ہو تو کہے اللھم تقبل منھم بہتر یہ ہے کہ ہم یا منا کی جگہ ان لوگوں کا نام لیا جائے جن کی طرف سے قربانی ہے۔

Scanned with CamScanner

محرم کا چاند دیکھ کر سورہ کہف پارہ نمبر ۱۵ پڑھ دیا۔ دنا چاندی دیکھیں۔

ہاشمیہ جنتری ماہ فروری 2007 محرم الحرام / صفر ۱۴۲۸ ہجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ فروری	دن	ہجری محرم ۱۴۲۷	ہندی ماگھ	اسلامی معلومات ویادداشت	سعد ونحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	جمعرات	13	20	آغا خمینی کی ایران آمد 1979ء	نحس	6-54	5-39	7-14	6-17
2	جمعہ	14	21		نحس اکبر	6-53	5-40	7-14	6-18
3	ہفتہ	15	22	قرض کیلئے بد	نیک	6-53	5-41	7-13	6-19
4	اتوار	16	23		نحس	6-52	5-41	7-13	6-19
5	سوموار	17	24	قرض کیلئے بد	میانہ	6-51	5-42	7-12	6-20
6	منگل	18	25	تحویل قبلہ بجانب کعبہ	نیک	6-50	5-43	7-12	6-20
7	بدھ	19	26		نیک	6-50	5-44	7-11	6-21
8	جمعرات	20	27	دسواں شہدائے کربلا	قمر در عقرب	6-49	5-45	7-11	6-22
9	جمعہ	21	28			6-48	5-46	7-10	6-23
10	ہفتہ	22	29			6-48	5-47	7-10	6-23
11	اتوار	23	30			6-47	5-48	7-09	6-24
12	سوموار	24	پھاگن			6-46	5-49	7-08	6-24
13	منگل	25	2	شہادت حضرت امام زین العابدینؑ 95ھ	نحس	6-45	5-50	7-07	6-25
14	بدھ	26	3		نیک	6-44	5-50	7-07	6-26
15	جمعرات	27	4	شہادت حضرت میثم تمارؓ (صحابی رسولؐ)	نیک	6-43	5-51	7-06	6-27
16	جمعہ	28	5		نیک	6-42	5-52	7-05	6-27
17	ہفتہ	29	6	نکاح کے لئے بد	نیک	6-41	5-53	7-04	6-28
18	اتوار	30	7	نکاح کے لئے بد	نیک	6-40	5-54	7-04	6-28
19	سوموار	صفر	8	داخلہ اہل حرم کا دربار یزید ہونا	نحس اکبر	6-39	5-54	7-03	6-29
20	منگل	2	9		نیک	6-38	5-55	7-02	6-29
21	بدھ	3	10		نحس	6-37	5-56	7-01	6-30
22	جمعرات	4	11	سفر کیلئے بد	نیک	6-36	5-57	7-01	6-30
23.	جمعہ	5	12		نحس	6-35	5-58	7-00	6-31
24	ہفتہ	6	13		نیک	6-34	5-59	6-59	6-31
25	اتوار	7	14	ولادت حضرت امام موسیٰ کاظمؑ (۱۲۸ھ)	نیک	6-33	6-00	6-58	6-32
26	سوموار	8	15	سفر کے لئے بد	نیک	6-32	6-00	6-57	6-32
27	منگل	9	16	فتح جنگ نہروان	نیک	6-31	6-01	6-56	6-33
28	بدھ	10	17		نحس اکبر	6-29	6-02	6-55	6-33

ہدایات حضرت امام رضاؑ: ماہ فروری میں ٹھنڈی اشیاء کے استعمال سے پرہیز کرنا چاہئے۔ پودینہ، ادرک اور لہسن کا استعمال مفید ہے۔

عذاب قبر اور زیارت قبر مومنین

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے دعا

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لیے دعائے ادریس کا یہ ۳۸ جملہ ہے۔

یا کریم العفو العدل الذی ملاء کل شیء عدله.

یہ دعا خاک تربت (قبر کی مٹی) سے کفن پر کچھ لکھ دی جائے۔ کتابت (لکھائی) خاک تربت سے ہونی چاہیے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ بغیر سیاہی کے انگشت شہادت سے اس قسم کی دعاؤں کا لکھنا کافی ہے۔

فائدہ: اس کے لکھنے سے جسم میت اپنی اصلی حالت پر بفضل تعالیٰ باقی رہے گا اور حشرات الارض (کیڑے مکوڑے) ضرر نہ پہنچائیں گے اور عذاب قبر سے نجات ہو گی انشاءاللہ۔

کفن پر یہ آیت لکھیں

اگر مردہ کے کفن پر یہ آیت لکھ دیں تو مرحوم عذاب قبر سے نجات پائے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم. لا يستطيعون نصرهم وهم لهم جند محضرون.

سورہ مبارکہ یسین، آیت نمبر ۷۵، بحوالہ صحیفہ نور ص ۳۱/

عذاب قبر سے بچنے کے لیے سورالتکاثر کی تلاوت کیا کریں۔ صحیفہ نور، ص ۶۳/

بخشش اموات

بخشش اموات کے لیے

حضرت ابن عباس سے روایت ہے اسے لکھ کر کفن میں رکھیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم. اللهم انى اسئلك بقدرتك يا قدير وبعزتك.

زیارت قبور مومنین

یہ دعائیں مومنوں کے قبرستان میں پڑھی جا سکتی ہیں۔

☆ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ اگر کوئی شخص کسی میت کی قبر پر تین دفعہ یہ کہے تو خداوند عالم اس میت سے عذاب کو قیامت کے دن دور کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ اَنْ لَا تُعَذِّبَ هٰذَا الْمَيِّتَ.

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے کہ قبروں کی زیارت کے وقت یہ کہیں۔

اَللّٰهُمَّ جَافِ الْاَرْضَ عَنْ جُنُوبِهِمْ وَصَاعِدْ اِلَيْكَ اَرْوَاحَهُمْ وَلَقِّهِمْ مِنْكَ رِضْوَانًا وَاَسْكِنْ اِلَيْهِمْ مِنْ رَحْمَتِكَ وَتَصِلُ بِهٖ وَحْدَتَهُمْ وَتُؤْنِسُ بِهٖ وَحْشَتَهُمْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

☆ یہ بھی روایت میں آیا ہے کہ جب بھی مومنین کے قبرستان جائیں تو ایک دفعہ سورہ الحمد اور گیارہ مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھ کر مرحومین کو ہدیہ کریں تو اللہ مردوں کے برابر انہیں ثواب دیتا ہے۔

☆ قبور مومنین کی زیارت اور ثواب زیارت میں ایک حدیث فضیل سے روایت ہوئی ہے کہ جو شخص کسی مومن کی قبر کے نزدیک سات دفعہ سورہ انا انزلنا پڑھے تو خداوند عالم اس قبر کی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو اس قبر کے نزدیک عبادت کرتا ہے تو خداوند عالم اس فرشتے کی عبادت کے ثواب کو میت کے لیے لکھے گا اور جب صاحب قبر، قبر سے اٹھے گا تو کوئی ہول (خوف) اسے نہیں پہنچے گا۔ مگر خداوند عالم اس سے اس ہول اور خوف کو اس فرشتے کی وجہ سے جب تک جنت میں داخل نہ ہو جائے دور کردے گا اور سورہ انا انزلناہ کے سات دفعہ پڑھنے کے بعد، سورہ الحمد اور سورہ قل اعوذ برب الفلق، اور سورہ قل اعوذ برب الناس، اور سورہ قل ھو اللہ اور آیت الکرسی، ہر ایک کو تین تین بار پڑھیں۔

☆ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کا فرمان ہے کہ جو شخص ہماری زیارت کرنے پر قدرت نہ رکھتا ہو تو وہ ہمارے شیعوں میں صالح مومنوں کی زیارت کرے تو اس کے لیے وہی ثواب لکھا جائے گا جو ہماری زیارت کا ثواب ہے اور جو شخص ہمارے ساتھ صلح اور نیکی کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو وہ ہمارے دوست داروں صالح انسانوں کے ساتھ صلہ اور نیکی کرے تاکہ اس کے لیے وہی ثواب جو ہمارے ساتھ صلح اور نیکی کرنے کا ہے لکھا جائے۔

☆ سرکار امام رضاؑ کا فرمان ہے کہ جو شخص برادر مومن کی قبر پر آئے اور اپنا ہاتھ اس کی قبر پر رکھ کر قبلہ رخ ہو کر بیٹھ کر، سات دفعہ سورہ قدر (انا انزلناہ) پڑھے تو وہ فزع اکبر کی یعنی قیامت کے دن بہت خوف سے محفوظ رہے گا۔

☆ سرکار امام جعفر صادقؑ کے فرمان کے مطابق مومنین کی قبروں پر اس طرح سلام پڑھنا چاہیے۔

سَلَامٌ عَلٰى اَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَنَحْنُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ.

☆ حضرت امام حسینؑ کا فرمان ہے کہ جب تم قبرستان میں داخل ہو تو یوں کہو۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الْاَرْوَاحِ الْفَانِيَةِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ وَالْعِظَامِ النَّخِرَةِ الَّتِیْ خَرَجَتْ مِنَ الدُّنْيَا وَهِیَ بِكَ مُؤْمِنَةٌ اَدْخِلْ عَلَيْهِمْ رَوْحًا مِنْكَ وَسَلَامًا مِنِّیْ.

تو خداوند عالم حضرت آدمؑ سے لے کر قیامت تک کی مخلوق کے برابر اس کے لیے نیکیاں لکھے گا۔

اقوال زریں

☆ تکلیف انسان کو سوچنے پر مجبور کر دیتی ہے۔ ☆ انسان سے محبت کرنا خدا سے محبت کرنا ہے۔ ☆ شک ایک ایسا کانٹا ہے جس کا زخم دل پر لگتا ہے۔ ☆ دل کی سب سے بڑی بیماری حسد ہے۔ ☆ کسی کو اتنا مت چاہو کہ پھر بھلا نہ سکو۔ ☆ اخلاق کا اچھا ہونا رحمت الٰہی کی دلیل ہے۔ ☆ عمل دل کو اس طرح زندہ رکھتا ہے جیسے بارش زمین کو۔ ☆ بدزبانی دوزخ کی اور نیک کلامی جنت کی نشانی ہے۔ ☆ عقل کی حد ہو سکتی ہے بے عقلی کی نہیں۔ ☆ علم ایک ایسا بادل ہے جس سے رحمت برستی ہے۔ ☆ وقت ایک قیمتی سرمایہ ہے۔ ☆ وقت کی پابندی انسان کی پہچان ہے۔ ☆ ہمیں تہذیب اور شرافت کو کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔ ☆ اگر تم چاہو تو اپنے خیالات کو بدل کر اپنی زندگی بہتر بنا سکتے ہو۔ ☆ اللہ کے دشمن کو راضی رکھنا عقل و دانش سے دور ہے۔ ☆ کفر کے بعد سب سے بڑا گناہ دل کی آزاری ہے۔ ☆ وہ آدمی ہی کیا جس سے اس کے دوست بھی خائف رہتے ہیں۔ ☆ اپنی خوشیوں کے لیے دوسروں کی مسرت کو خاک میں نہ ملاؤ۔ ☆ بدطبیعت وہ ہے جو لوگوں کی برائیاں تو ظاہر کرے اور نیکیاں چھپائے۔ ☆ برے کام صرف اس لیے برے نہیں کہ وہ ممنوع ہیں بلکہ اس لیے کہ وہ مضر بھی ہوتے ہیں۔ ☆ نفس کی مثال شیطان کی سی ہے اور اس کی مخالفت عبادت کا کمال ہے۔ ☆ والدین کے چہروں کو محبت بھری نظر سے دیکھنا بھی خدا کی خوشنودی کا موجب ہے۔

لوگوں کی نظروں سے چھپا کر صدقہ دینا بہترین نیکی ہے۔۔۔ حضرت امیر المومنینؑ

ماہ صفر کا چاند دیکھ کر سورہ یٰس پارہ ۲۵ یا آئینہ یا پانی یا انگوٹھی دیکھیں۔

ہاشمیہ جنتری ماہ مارچ 2007 صفر المظفر / ربیع الاول ۱۴۲۸ ھجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ مارچ	دن	ہجری صفر ۱۴۲۷	ہندی پھاگن	اسلامی معلومات و یادداشت	سعد و نحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	جمعرات	11	18		نیک	6-27	6-03	6-54	6-34
2	جمعہ	12	19		نیک	6-26	6-04	6-54	6-34
3	ہفتہ	13	20	شہادت حضرت سکینہ 91ھ	نحس	6-25	6-05	6-53	6-35
4	اتوار	14	21	سانحہ شیخوپورہ	نیک	6-24	6-05	6-52	6-35
5	سوموار	15	22	قرض کے لئے بد	نیک	6-22	6-06	6-51	6-36
6	منگل	16	23		نحس	6-21	6-07	6-50	6-36
7	بدھ	17	24	شہادت امام علی رضاؑ 203ھ	نحس	6-20	6-08	6-49	6-37
8	جمعرات	18	25		[illegible]	6-19	6-08	6-48	6-37
9	جمعہ	19	26			6-18	6-09	6-47	6-38
10	ہفتہ	20	27	چہلم امام حسینؑ		6-16	6-10	6-46	6-38
11	اتوار	21	28			6-15	6-11	6-45	6-39
12	سوموار	22	29		نیک	6-14	6-11	6-44	6-39
13	منگل	23	30		نیک	6-13	6-12	6-43	6-40
14	بدھ	24	چیت	بروایت شہادت حضرت زینبؑ	نحس	6-12	6-13	6-42	6-40
15	جمعرات	25	2		نیک	6-10	6-13	6-41	6-41
16	جمعہ	26	3	نکاح و سفر کے لئے بد	نیک	6-09	6-14	6-40	6-41
17	ہفتہ	27	4	شہادت آیت اللہ باقر الصدر	نحس	6-07	6-15	6-39	6-42
18	اتوار	28	5	رحلت نبی کریمؐ و شہادت امام حسنؑ	نحس	6-06	6-16	6-38	6-42
19	سوموار	29	6	نکاح کے لئے بد	نیک	6-05	6-16	6-37	6-43
20	منگل	ربیع الاول	7	حضرت رسول اکرمؐ کی مکہ سے مدینہ ہجرت	نیک	6-03	6-17	6-36	6-43
21	بدھ	2	8	وفات مولانا ناصر حسن زیدی 1990ء	نحس	6-02	6-18	6-35	6-44
22	جمعرات	3	9		نحس	6-01	6-18	6-34	6-44
23	جمعہ	4	10	تعمیر کیلئے نیک	نحس اکبر	6-00	6-19	6-33	6-45
24	ہفتہ	5	11		نحس	5-59	6-19	6-32	6-45
25	اتوار	6	12		نیک	5-58	6-20	6-31	6-46
26	سوموار	7	13	تعمیر کے لئے نیک	نیک	5-56	6-20	6-30	6-46
27	منگل	8	14	شہادت امام حسن عسکریؑ 260ھ	نحس	5-55	6-21	6-29	6-46
28	بدھ	9	15	عید شجاع۔ اہل بیتؑ نے سوگ بڑھایا	نیک	5-54	6-22	6-27	6-46
29	جمعرات	10	16	وفات عبدالمطلبؑ	نحس اکبر	5-53	6-22	6-26	6-47
30	جمعہ	11	17	وفات سید العلماء علامہ سید باقر چکڑالوی	نیک	5-51	6-23	6-25	6-47
31	ہفتہ	12	18	عید میلاد النبیؐ بروایت اہل سنت	نیک	5-50	6-24	6-24	6-48

ہدایات امام علی رضاؑ: اس ماہ میں چرند پرند کا گوشت کم استعمال کریں خشک میوہ جات لہسن پیاز کا استعمال زیادہ کریں۔ سیر اور ورزش بہت مفید ہے۔

خمس کی اہمیت

وَاعْلَمُوْا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَیْئٍ فَاَنَّ لِلّٰہِ خُمُسَہٗ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَابْنِ السَّبِیْلِ. (سورۃ انفال آیہ ۴۱)

ترجمہ: تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیے کہ جو نفع تم کسی چیز سے حاصل کرتے ہو اس کا پانچواں حصہ خدا اور رسولؐ اور رسولؐ کے قرابتداروں اور یتیموں مسکینوں اور پردیسیوں کیلئے ہے۔

حضرت سرور کائنات ﷺ نے اپنے ایک صحابی مالک بن امر کی درخواست پر انہیں مندرجہ ذیل ہدایت تحریر فرمائی۔

یہ تحریر محمد ﷺ کی طرف سے مالک بن امر اور ان کا ساتھ دینے والے مسلمانوں کے لئے اگر انہوں نے نماز قائم کی۔ زکوٰۃ ادا کی اور مسلمانوں کے ساتھ رہتے ہوئے مشرکوں سے ترک سوالات کی اور اپنی کمائی سے خمس ادا کرتے رہے تو یہ تحریر ان کے لئے امان نامہ ہے۔ حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا خمس روک کر ہماری دعاؤں کو مت روکو۔ خمس ادا کرنا تمہارے رزق کی کنجی ہے گناہوں کا کفارہ ہے اور روز قیامت کا ایک مضبوط سہارا ہے دیکھو جان لو مسلمان وہی ہے جو اللہ تعالیٰ سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرے صرف زبانی دعویٰ نہ کرے بلکہ اس پر عمل پیرا بھی ہو (الوسائل اصول کافی، استبصار)۔

حضرت امام زمانہ علیہ السلام نے اپنے نائب خاص کے بعض سوالات کے جوابات میں ایک سوال کے جواب میں یوں مرقوم فرمایا (مِنْ اَکْلِ مِنْ مَالِنَا شَیْئًا فَاِنَّمَا یَاْکُلُ فِیْ بَطْنِہٖ نَارًا وَسَیَصْلٰی سَعِیْرًا) جو کوئی ہمارے مال میں سے کچھ بھی کھائے گا وہ اپنا پیٹ آگ سے بھرے گا اور جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھونکا جائے گا۔ (الوسائل)

محمد ابن زید روایت کرتے ہیں کہ خراسان کے کچھ لوگ امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض پرداز ہوئے کہ انہیں خمس معاف کر دیا جائے۔ امام علیہ السلام نے فرمایا میں تمہیں اس قسم کی اجازت نہیں دوں گا۔ تم لوگ زبان سے تو خوب محبت جتلاتے ہو اور خمس جسے خدا نے ہمارا حصہ قرار دیا ہے اور ہمیں اس کا حقدار بنایا ہے اسے ادا کرنے میں پس و پیش سے کام لیتے ہو۔ ہم تم سے کسی کو بھی خمس نہیں معاف کریں گے۔ نہیں معاف کریں گے۔ (وسائل جلد ۶، اصول کافی، جلد ۱، استبصار)

ابو بصیر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام باقر علیہ السلام کو یہ فرماتے ہوئے سنا جو شخص خمس میں سے کوئی چیز خریدے گا خداوند عالم اس کا کوئی عذر قبول نہیں فرمائے گا کیونکہ اس کی یہ خریداری کسی طرح بھی جائز نہیں۔ (وسائل جلد ۶، تہذیب جلد ۱)

اسحاق بن عمار کہتے ہیں کہ میں نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا یہ ارشاد سنا کہ قیامت میں خمس کی رقم سے سامان خریدنے والا صرف یہ کہنے سے نہیں چھوٹ جائے گا کہ اے پروردگار! یہ خریداری تو میں نے اپنے مال سے کی تھی۔ جب تک کہ صاحبان خمس اجازت نہ دیں گے۔ اس وقت تک چھٹکارا ممکن نہیں۔
(وسائل جلد ۶، استبصار جلد ۲)

مرجع اعظم حضرت آیۃ اللہ آقا گلپایگانی مرحوم سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی شیعہ خمس کا منکر ہو جائے تو کیا وہ کافر نہیں ہو جائے گا۔ انہوں نے جواب دیا کہ اصل وجوب خمس اجمالاً ضروری اسلام و انکار آن موجب کفر است اجمالی طور پر خمس کے وجوب کا عقیدہ ضروریات اسلام میں سے ہے اور اس کا انکار باعث کفر ہے۔
(مجمع المسائل جلد ۱)

اے اہل بیت علیہم السلام کے ماننے والو یاد رکھو جس نے اہل بیتؑ کے حق کو غصب کیا خواہ فدک ہو یا خمس ہو اس کا چھٹکارا بہت مشکل ہے اس کا انجام جہنم اور عذاب دائمی ہے کیونکہ معصومؑ کا فرمان ہے کہ جس نے زبان سے تو ہمارے حق خمس کا اقرار کیا لیکن عملاً انکار کیا وہ مثل اس شخص ہے جس نے زبان سے تو اسلام قبول کیا ہے مگر دل میں اس کا انکار کیا۔ نیز فرمایا کہ جس نے ہمارے مال خاص سے کچھ بھی ظلماً کھایا وہ گویا اپنے پیٹ میں آگ بھر آیا ہے اور عنقریب جہنم کی آگ میں جلے گا نیز یہ فرمایا کہ جس نے ہمارا ایک درہم کھایا اس پر اللہ اور رسول اور ملائکہ اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی۔ اے اہل بیتؑ کے ماننے والو ذرا غور کرو کہ آپ غاصبین حقوق اہل بیتؑ تو نہیں ہیں۔

مسئلہ: ملازمت یا تجارت یا صنعت یا دیگر ذرائع سے کمائے ہوئے مال کے اخراجات نکال کر جو چیز باقی بچ جائے خواہ دال ہو یا آٹا، گھی ہو یا مرچ، نمک، چینی وغیرہ کم ہو یا زیادہ اس پر خمس (پانچواں حصہ) نکالنا واجب ہے۔

مسئلہ: خمس کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے ایک حصہ جو سہم سادات کہلاتا ہے غریب سادات کا حق ہے۔ دوسرا حصہ جو سہم امامؑ کہلاتا ہے وہ امامؑ وقت کا ہے اور ان کا یہ حصہ زمانہ غیبت امامؑ میں ان کے نائب مجتہد جامع الشرائط کو دیا جائے گا یا مجتہد جامع الشرائط کے وکیل تک پہنچایا جائے گا۔ مثلاً اپنی مرضی سے سادات مستحقین کو دے سکتا ہے لیکن بہتر ہے کہ مجتہد جامع الشرائط سے اجازت لے۔

مسئلہ: خمس کی ادائیگی کیلئے قصد قربت ضروری ہے اگر وکیل کے ذریعہ ادا کیا جائے تو اسے بھی قصد کرنا چاہیے۔

مسئلہ: اگر ایک کاروبار میں دو شریک ہوں شیعہ ہوں ان میں سے ایک خمس نکالتا ہے اور دوسرا نہیں نکالتا یہ کاروبار نا جائز ہوگا۔

مسئلہ: اگر کوئی چیز ایسے شخص سے خریدی جائے جو خمس کا قائل نہیں تو اس چیز پر خمس نکالنا واجب نہیں یہی وہ خمس ہے، جو آئمہ علیہ السلام نے اپنے شیعوں پر حلال فرمایا ہے۔ لیکن اگر وہ چیز کسی ایسے آدمی سے خریدی جائے جو مذہباً خمس کا قائل ہو تو اس پر خمس نکالنا واجب ہے اور بغیر ادائیگی کے استعمال نا جائز ہے۔

مسئلہ: اگر ایک مرتبہ کسی شے پر خمس نکال دیا جائے تو دوبارہ اس پر خمس واجب نہیں ہوتا چاہے اگرچہ سالہا سال رکھی جائے البتہ بعد کے سالوں میں اس کی منفعت پر خمس عائد ہوگا۔

مسئلہ: ادائیگی قرض بھی سال کے خرچ میں شمار ہوگا چاہے وہ قرض اس سال کا ہو یا سالہائے گذشتہ کا اگر سال گزر گیا اور قرض ادا نہیں کیا تو باقی ماندہ پیسے پر خمس واجب ہو جائے گا اس کا خمس دے گا اور پھر قرض ادا کرے گا۔

مسئلہ: کسی مال کو خمس دیئے بغیر خرچ نہیں کیا جا سکتا چاہے اس کا خمس دینے کا ارادہ ہی کیوں نہ ہو جو شخص کاروبار میں کسی دوسرے کا شریک ہو اگر وہ اپنے حصہ کے نفع کا خمس دے لیکن اس کا شریک نہ دے اور اگلے سال بغیر خمس دیئے مال کو مشترکہ کام میں لگائے تو ان میں سے کوئی بھی شریک دار مال میں تصرف نہیں کر سکتا۔

مسئلہ: جب مال کے بارے میں یقین ہو کہ اس کا خمس ادا نہیں کیا گیا ہے تو اس میں تصرف نہیں کیا جا سکتا لیکن اگر کسی شخص کو کسی مال کے بارے میں یہ شک ہو کہ اس کا خمس دیا گیا ہے یا نہیں اور اس کا مالک وہ مال اس کے حوالے کر دے تو اس میں تصرف کر سکتا ہے۔

مسئلہ: بینک میں بیٹی کے جہیز کیلئے اگر کوئی شخص اکاؤنٹ کھلواتا ہے تو سال گزرنے کے بعد اس میں موجود رقم پر خمس عائد ہوگا البتہ وہ اشیاء جو سالانہ آمدنی سے جہیز کے لئے ساتھ ساتھ خریدی جائیں اور اس طرح ایک سے زیادہ سال میں جہیز تیار کیا جائے ان پر خمس نہیں۔ (بقیہ صفحہ 41 پر)

ماہ ربیع الاول کا چاند دیکھ کر سورۂ مجادلہ پارہ نمبر ۲۸ یا آئینہ یا آب رواں دیکھیں۔

ہاشمیہ جنتری ماہ اپریل 2007 ربیع الاول / ربیع الثانی ۱۴۲۸ ہجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ اپریل	دن	ہجری ربیع الاول ۱۴۲۸	ہندی چیت	اسلامی معلومات و یادداشت	سعد ونحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	اتوار	13	19		کل نحس	5-49	6-25	6-23	6-49
2	سوموار	14	20	مرگ یزید لعنہ	نیک	5-47	6-25	6-22	6-49
3	منگل	15	21	قرض کیلئے بد	نیک	5-46	6-26	6-21	6-49
4	بدھ	16	22	وفات علامہ کفایت حسین 1998	[redacted]	5-45	6-27	6-20	6-49
5	جمعرات	17	23	ولادت جناب رسول خداؐ و امام جعفر صادقؑ	[redacted]	5-43	6-27	6-19	6-50
6	جمعہ	18	24	ولادت حضرت ام کلثوم	[redacted]	5-42	6-28	6-18	6-50
7	ہفتہ	19	25		نیک	5-41	6-29	6-17	6-51
8	اتوار	20	26	تعمیر کے لئے نیک	نحس اکبر	5-40	6-29	6-16	6-51
9	سوموار	21	27		نحس	5-39	6-30	6-15	6-52
10	منگل	22	28	شہادت آیت اللہ مرتضیٰ مطہری	نیک	5-37	6-30	6-14	6-52
11	بدھ	23	29		نیک	5-36	6-31	6-13	6-53
12	جمعرات	24	30		نحس	5-35	6-32	6-13	6-53
13	جمعہ	25	بیساکھ		نحس	5-34	6-32	6-12	6-54
14	ہفتہ	26	[illegible]	وفات حضرت ابو طالبؑ	نحس	5-33	6-33	6-11	6-54
15	اتوار	27	[illegible]	وفات علامہ سید ذیشان حیدر جوادی	نیک	5-32	6-34	6-10	6-55
16	سوموار	28	4	نکاح کے لئے بد	نیک	5-31	6-35	6-09	6-55
17	منگل	29	5	نکاح کے لئے بد	نیک	5-29	6-35	6-08	6-55
18	بدھ	ربیع الثانی	6		نحس اکبر	5-28	6-36	6-07	6-55
19	جمعرات	2	7		نیک	5-27	6-37	6-06	6-56
20	جمعہ	3	8		نحس	5-26	6-37	6-05	6-56
21	ہفتہ	4	9	وفات علامہ محمد اقبال 1938	نیک	5-25	6-38	6-04	6-57
22	اتوار	5	10	وفات استاذ العلماء علامہ نصیر حسین نجفی سرگودھا 1991	نحس	5-24	6-39	6-04	6-57
23	سوموار	6	11		نیک	5-23	6-39	6-03	6-58
24	منگل	7	12		نیک	5-21	6-40	6-02	6-58
25	بدھ	8	13	سفر کے لئے بد	نیک	5-20	6-41	6-01	6-59
26	جمعرات	9	14	وفات استاذ العلماء علامہ اختر عباس نجفی 1999	نیک	5-20	6-42	6-00	6-59
27	جمعہ	10	15	ولادت حضرت امام حسن عسکریؑ 232ھ	نیک	5-19	6-42	5-59	7-00
28	ہفتہ	11	16		نحس اکبر	5-18	6-43	5-59	7-00
29	اتوار	12	17		نیک	5-17	6-44	5-58	7-01
30	سوموار	13	18		نحس	5-16	6-45	5-57	7-01

ہدایات حضرت امام رضاؑ: اس ماہ میں زیادہ نمکین اشیاء، بڑا گوشت اور بھینس کا دودھ استعمال نہ کریں۔ دن کے اول حصہ میں غسل مفید ہے۔

Scanned with CamScanner

مسئلہ: اگر گھر میں مرد خمس نہیں دیتا اور بیوی کے ادا کرنے پر لڑائی جھگڑے کا بھی خطرہ نہ ہو تو بیوی کو خمس دینا چاہئے۔

مسئلہ: اگر عورت کے ذمہ اس کے جہیز کا خمس ہو تو تصرف سے پہلے اس کا خمس دینا چاہئے۔

مسئلہ: جب وارث کو معلوم ہو کہ مرنے والے کا ترکہ حرام و حلال دونوں پر مشتمل ہے اور مقدار معلوم نہ ہو تو اس صورت میں تمام مال کا خمس دینا واجب ہے۔

مسئلہ: امام بارگاہ یا مسجد کی تعمیر پر سہم سادات خرچ نہیں کیا جا سکتا بلکہ سادات کے مستحق افراد ہی کو دیا جائے گا۔ مومنین کو چاہئے کہ وہ عطیات کے ذریعے امام بارگاہوں کی تعمیر میں حصہ لے کر بارگاہِ حسینیؑ میں سرخرو ہوں۔ (البتہ زکوٰۃ فی سبیل اللہ فنڈ صرف کیا جا سکتا ہے)

مسئلہ: مسجد کی تعمیر میں سہم امام علیہ السلام کے خرچ کا جواز مرجع تقلید کی اجازت پر موقوف ہے۔

مسئلہ: اگر معلوم نہ ہو کہ عین مال غیر مخمس سے مسجد بنائی گئی ہے تو اس میں نماز پڑھنے میں کوئی اشکال نہیں ہے دوسری صورت میں مالک کو خمس دینے پر راضی کیا جائے اور اگر وہ نہ دے تو حاکم شرع کی طرف رجوع کیا جائے۔

مسئلہ: غیر مخمس مال سے حج کرنے والے پر خمس دینا واجب ہے لیکن اگر احرام اس مال سے خریدا گیا ہو کہ جس پر خمس واجب تھا تو پھر حج صحیح نہیں ہے۔

مسئلہ: اگر انسان کو علم تھا کہ وہ جس فرش پر نماز پڑھ رہا ہے اس پر خمس واجب تھا لیکن نہیں دیا گیا تو نمازیں باطل ہیں۔ اسی طرح باقی عبادات مثلاً حج میں اگر قربانی، جامہ احرام، وقوف سعی کی صورت میں نعلین غصبی ہوں تو حج باطل ہے۔

مسئلہ: اگر متوجہ ہو کہ میرے مال میں خمس تھا اور قربانی جامہ احرام، نعلین وغیرہ غیر مخمس مال سے لیا گیا ہے تو قربانی باطل ہوگی اور اس صورت میں قربانی دوبارہ دی جائے گی۔

مسئلہ: ایسا شخص جس نے کبھی زکوٰۃ اور خمس ادا نہ کئے ہوں پہلے زکوٰۃ دے پھر خمس ادا کرے۔

مسئلہ: جس شخص کے پاس سہم سادات ہے وہ مستحق سید کو خود بھی دے سکتا ہے اگرچہ مجتہد کے توسط یا اجازت سے دینا بہتر ہے۔

مسئلہ: حج و زیارات پر خرچ کی جانے والی گزشتہ سالوں کی آمدنی پر خمس دینا ہوگا اگر کوئی شخص اس سال کی آمدنی کو خرچ کرے تو وہ مصارف سال میں حساب ہوگی اور اس پر خمس نہیں ہوگا۔

مسئلہ: کسی کے پاس اگر خمس کی رقم پوری ہے تو رقم سے حاصل ہونے والی منفعت بھی اس شخص کی ملکیت نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر قصاب کی دوکان سے گوشت خریدنے والے کو علم ہو کہ اس حیوان کے ساتھ خمس کا تعلق تھا اور وہ ادا نہیں کیا گیا تو وہ اس گوشت کو مصرف میں نہیں لا سکتا لیکن اگر اپنے حصہ کے گوشت کا خمس ادا کر دے تو اشکال برطرف ہو جائے گا۔

مسئلہ: بیٹے کے گھر میں مقیم والدین جن کے اخراجات بیٹا برداشت کرتا ہے جب وہ جانتے ہوں کہ بیٹا خمس ادا نہیں کرتا تو وہ اپنی خوراک اور لباس وغیرہ کا خمس اسی رقم سے جو انہیں بیٹا دیتا ہے حاکم شرع کی اجازت سے دے سکتے ہیں۔

مسئلہ: اصل میراث پہ خمس نہیں لیکن جس شخص کو معلوم ہو کہ اس کے مورث نے خمس ادا نہیں کیا تھا تو اس صورت میں ترکہ کا خمس ادا کرنا واجب ہے خواہ کہ اصل شکل میں موجود ہو یا اس کے عوض کوئی چیز خرید لی گئی ہو یا اس کی قیمت نقد موجود ہے۔

مسئلہ: اگر کسی کو یقین ہو کہ میرے مورث پر خمس واجب ہوا تھا اور وہ اسے ادا کئے بغیر فوت ہو گیا تو متوفی خمس کا مقروض قرار پائے گا اور وارث پر واجب ہوگا کہ اس کے ترکہ سے اس قرض کو ادا کرے۔

مسئلہ: جو شخص خمس کی ادائیگی نہیں کرتا وہ اپنے مال میں تصرف کا حق نہیں رکھتا اگر تصرف کرے تو گویا پانچویں حصہ میں غیر کے مال میں تصرف کا مرتکب ہوا۔

مسئلہ: کسی کے پاس اگر خمس کی رقم پوری ہے تو رقم سے حاصل ہونے والی منفعت بھی اس شخص کی ملکیت نہیں ہوگی۔

مسئلہ: اگر قصاب کی دوکان سے گوشت خریدنے والے کو علم ہو کہ اس حیوان کے ساتھ خمس کا تعلق تھا اور ادا نہیں کیا گیا تو وہ اس گوشت کو مصرف میں نہیں لا سکتا لیکن اگر اپنے حصہ کے گوشت کا خمس ادا کرے تو اشکال برطرف ہو جائے گا۔

منسلہ: اصل مرات پر خمس نہیں لیکن جس شخص کو معلوم ہو کہ اس کے مورث نے خمس ادا نہیں تھا تو اس صورت میں ترکہ کا خمس ادا کرنا واجب ہے خواہ ترکہ اصل شکل میں موجود ہو یا اس کے عوض کوئی چیز خرید لی گئی یا اس کی قیمت نقد موجود ہو۔

مسئلہ: اگر کسی کو یقین ہو کہ میرے مورث پر خمس واجب ہوا تھا اور وہ اسے ادا کئے بغیر فوت ہو گیا ہو تو متوفی خمس کا مقروض قرار پائے اور وارث پر واجب ہوگا کہ اس کے ترکہ سے اس قرض کو ادا کرے۔

.................☆☆☆.................

لوگوں کی چار اقسام ہیں

حضرت نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں کی چار اقسام ہیں۔

(۱) سخی (۲) کریم (۳) بخیل (۴) لئیم

۱) سخی وہ ہوتا جو خود بھی کھائے اور دوسروں کو بھی کھلائے۔
۲) کریم وہ ہوتا ہے جو خود بھوکا رہے اور دوسروں کو کھلائے۔
۳) بخیل وہ ہوتا ہے جو خود کھائے دوسروں کو نہ کھلائے۔
۴) لئیم وہ ہے جو نہ خود کھائے اور نہ دوسروں کو کھلائے۔

بچوں سے محبت کرنے کی وجوہ

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں کہ میں پانچ وجوہ کی بنا پر بچوں سے محبت کرتا ہوں۔

۱) یہ روتے ہیں۔
۲) اپنے آپ کو مٹی میں غلطان کرتے ہیں۔
۳) لڑنے کے بعد کینہ نہیں رکھتے
۴) آنیوالے دن کے لئے بچا کر نہیں رکھتے۔
۵) ننھے سے گھروندے بنا کر پھر گرا دیتے ہیں۔

شراب نوشی

شراب انسان کی عقل کو زائل کر دیتی ہے اور انسان، انسانیت سے گزر جاتا ہے خداوند عالم نے قرآن مجید میں اس کو حرام قرار دیا ہے اور کثرت سے حدیثوں میں اس کی مذمت کی ہے۔ شراب پینا، شراب کشید کرنا، شراب کے لئے آلات فراہم کرنا سب حرام ہے جو شخص شراب یا کوئی دوسری نشہ آور چیز کھائے چالیس دن تک اس کی نماز قبول نہیں ہوتی اور اگر اس کے دوران میں توبہ کئے بغیر مر جائے تو اس کی موت کفر کی موت ہوتی ہے سرور کائنات حضرت محمد ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ خدا کی قسم جو شخص کوئی نشہ کی چیز استعمال کرتا ہے میں اس کی شفاعت نہیں کروں گا اور نہ وہ حوض کوثر تک آنے پائے گا۔ شریعت نے شراب کی سزا ۸۰ کوڑے مقرر کی ہے جس کے لئے حکم ہے کہ ننگا کر کے مارے جائیں اور تیسری یا چوتھی بار اگر اس کا ارتکاب کیا ہو تو قتل کر دینے میں تاخیر نہ کی جائے۔

ماہ ربیع الثانی کا چاند دیکھ کر سورۂ ملک پارہ نمبر ۲۹ یا دانہ ہرا گھوڑا یا گوسفند دیکھیں

ہاشمیہ جنتری ماہ مئی 2007 ربیع الثانی / جمادی الاول ١٤٢٨ هجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ مئی	دن	ہجری ربیع الثانی ۱۴۲۸	ہندی بیساکھ	اسلامی معلومات ویادداشت	سعد ونحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	منگل	14	19		قمر در عقرب	5-15	6-45	5-56	7-02
2	بدھ	15	20	قرض کیلئے بد		5-14	6-46	5-56	7-02
3	جمعرات	16	21	تعمیر کے لئے نیک		5-13	6-47	5-55	7-03
4	جمعہ	17	22	قرض کے لئے بد		5-12	6-47	5-54	7-03
5	ہفتہ	18	23		نیک	5-11	6-48	5-53	7-04
6	اتوار	19	24		نیک	5-10	6-49	5-53	7-04
7	سوموار	20	25	تعمیر کے لئے نیک	میانہ	5-10	6-50	5-52	7-05
8	منگل	21	26		نحس	5-09	6-50	5-52	7-05
9	بدھ	22	27		نیک	5-08	6-51	5-51	7-06
10	جمعرات	23	28	شہادت محمد فیاض حیدری 1999	نیک	5-07	6-51	5-51	7-06
11	جمعہ	24	29		نحس	5-07	6-52	5-50	7-07
12	ہفتہ	25	30		نحس	5-06	6-52	5-50	7-07
13	اتوار	26	31	نکاح وسفر کے لئے بد	نیک	5-05	6-53	5-49	7-08
14	سوموار	27	جیٹھ		نیک	5-05	6-54	5-49	7-08
15	منگل	28	2		نحس اکبر	5-04	6-54	5-48	7-09
16	بدھ	29	3	نکاح کے لئے بد	نیک	5-03	6-55	5-48	7-09
17	جمعرات	30	4	نکاح کے لئے بد	نیک	5-02	6-56	5-47	7-10
18	جمعہ	جمادی الاول	5	ہلاکت ہارون رشید	نیک	5-02	6-57	5-47	7-10
19	ہفتہ	2	6		نیک	5-01	6-57	5-46	7-11
20	اتوار	3	7		نحس	5-01	6-58	5-46	7-11
21	سوموار	4	8	سفر کیلئے بد	نیک	5-00	6-59	5-45	7-12
22	منگل	5	9	بروایت ولادت حضرت زینبؑ	نحس	5-00	6-59	5-45	7-12
23	بدھ	6	10		نیک	4-59	7-00	5-44	7-13
24	جمعرات	7	11	وفات مولانا سید زاہد بارہوی 1974	نیک	4-59	7-01	5-44	7-13
25	جمعہ	8	12	سفر کے لئے بد	نیک	4-58	7-01	5-44	7-14
26	ہفتہ	9	13		نیک	4-58	7-02	5-44	7-14
27	اتوار	10	14	جنگ جمل	نحس اکبر	4-57	7-03	5-43	7-15
28	سوموار	11	15	شہادت مولانا مظہر الحق بوریوالہ	قمر در عقرب	4-57	7-03	5-43	7-15
29	منگل	12	16			4-57	7-04	5-43	7-16
30	بدھ	13	17			4-57	7-04	5-43	7-16
31	جمعرات	14	18			4-56	7-05	5-42	7-17

ہدایات حضرت امام رضاؑ: ماہ مئی میں غذا کا سرکہ کے ساتھ استعمال کریں۔ تیل کی مالش اور عطر سونگھنا مفید ہے۔ ورزش سے احتراز کریں۔

حضرت امیر المومنینؑ کے نزدیک ''کمینہ'' کون

☆ کمینہ کنجوس اور زبان دراز ہوتا ہے۔
☆ کمینہ اس کے کہنے پر چلتا ہے جو اس کا ہم خیال ہو اور اس کو اسی سے محبت ہوتی ہے جو اس جیسا ہو۔
☆ ظلم کرنے والا کمینہ اور ذلیل ہوگا ہے۔
☆ کمینے شخص سے کسی بھلائی کی امید رکھنا فضول اس کے شر سے بچنا مشکل، اور اس کی مکاریوں سے سلامتی دشوار ہے۔
☆ جھوٹ کمینگی اور ذلت کا سبب ہے۔
☆ کمینہ ہمیشہ ذہنی عذاب اور فکر وغم میں گرفتار رہتا ہے۔
☆ تکبر اور برائی کمینہ پن کو ظاہر کرتی ہے۔
☆ کمینہ عار کو اپنا لباس بناتا ہے اور شریف لوگوں کو تکلیف واذیت دیتا ہے۔
☆ کینہ اور دشمنی رکھنے والا کمینہ ہوتا ہے۔
☆ کمینے شخص کی عادت ہے کہ اگر اس سے کسی کے ساتھ نیک سلوک ہو جائے تو اس کو قرض سمجھتا ہے۔ کہ اسے واپس لینا چاہتا ہے۔
☆ کمینہ بد بخت اور بے شرم ہوتا ہے۔
☆ جو احسان کرے جتلائے بغیر نہ رہ سکے وہی دراصل کمینہ ہوتا ہے۔
☆ کمینے شخص کو اگر تجھ سے کوئی کام ہو تو وہ تجھے تنگ کرتا ہے اگر تجھے اس سے مطلب ہو تو تکلیف دیتا ہے۔
☆ کمینے کی عزت کرنا اتنا ہی برا ہے جتنا شریف کی عزت کرنا اچھا ہے۔
☆ کمینگی یہ ہے کہ جان چلی جائے مگر پیسہ خرچ نہ ہو۔
☆ تجھ پر لازم ہے کہ کمینے شخص پر اعتماد نہ کرے کیونکہ جو کوئی ایسے شخص پر اعتماد کرتا ہے وہ اس کی مدد کرنے سے گریز کرتا ہے۔
☆ کمینہ نفس کمینہ پن کی باتوں سے خالی نہیں ہوتا۔
☆ کمینہ شخص مکر وفریب کرنے سے باز نہیں آتا۔
☆ انتقام میں جلدی کرنے والا کمینہ ہوتا ہے۔
☆ کمینہ شخص وہ ہوتا ہے جو دوسروں کی توہین کرے۔
☆ کمینہ شخص کی زبان میٹھی اور دل کڑوا ہوتا ہے۔
☆ کمینے شخص کی بہترین نیکی یہ ہے کہ وہ لوگوں کی اذیت دینے سے باز رہے۔
☆ کمینے شخص کی پہچان یہ ہے کہ جب اسے مرتبہ ملتا ہے تو اسکے حالات بگڑ جاتے ہیں اور چال چلن خراب ہو جاتا ہے۔
☆ جب تو کسی کمینے شخص کے ساتھ احسان کرے تو اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ تیرے احسان کے سبب تیرا دشمن ہو جائے۔
☆ کمینے شخص کی پہچان یہ ہے کہ جب اس سے کوئی نرمی کرے تو وہ سختی کرتا ہے اور جب کوئی سختی سے پیش آئے تو ڈھیلا پڑ جاتا ہے۔
☆ شریف آدمی چاہے کتنا بڑا مرتبہ پائے وہ کبھی متکبر نہیں ہوتا جیسا کہ پہاڑ کو ہوائیں نہیں اڑا سکتیں اور کمینہ آدمی کم مرتبہ پا کر بھی اترانے لگتا ہے جیسا کہ گھاس جو ہوا کے ہلکے سے جھونکے سے بھی ہلنے لگتی ہے۔

طلوع شمس سے قبل نہ سونا

اے ابو حمزہ ثمالی! طلوع شمس سے قبل نہ سویا کرو چونکہ اس وقت اللہ بندوں کے رزق تقسیم کرتا ہے اور وہ ہمارے ہاتھوں پر جاری فرماتا ہے۔ (حضرت امام علی بن الحسینؑ)

دینی معلومات

☆ فرعون کا نام ولید بن مصعب تھا۔
☆ سورۂ حمد قرآن کا ایسا سورہ ہے جس میں حرف فاء نہیں ہے۔
☆ حضرت محمدؐ کا نام قرآن میں پانچ مرتبہ آیا ہے۔
☆ حضرت موسیٰؑ وہ پیغمبر ہیں جن کی قبر عزرائیلؑ نے کھودی۔
☆ حضرت دانیالؑ ایران کے شہر شوش میں مدفون ہیں۔
☆ چار نبیوں کی زبان عربی تھی ہودؑ، صالحؑ، شعیبؑ، حضرت محمدؐ۔
☆ حضرت علیؑ کی قبر حضرت نوحؑ نے کھودی۔
☆ جبرائیلؑ حضرت محمدؐ پر 24000 مرتبہ نازل ہوئے۔
☆ دنیا میں سب سے پہلے حضرت ادریسؑ کی قوم نے بت پرستی کی۔
☆ دنیا میں سب سے پہلا خط حضرت ادریسؑ نے لکھا۔
☆ کرہ ارض پر بسنے والی سب پہلی مسجد مسجد الحرام ہے۔
☆ حضرت محمدؐ پر سب سے پہلے نماز ظہر فرض کی گئی۔
☆ دنیا میں سب سے پہلے اللہ اکبر حضرت ابراہیمؑ نے کہا۔
☆ مومنین کو جنت میں سب سے پہلے مچھلی کھانے کی دعوت دی جائیگی۔
☆ خواب ایسی چیز ہے جسے اللہ کے علاوہ ہر کوئی دیکھتا ہے۔
☆ حضرت خدیجہؑ کا کفن جنت سے آیا تھا۔
☆ قرآن میں حضرت مریمؑ کا نام 24 مرتبہ آیا ہے۔
☆ خانہ کعبہ کی اونچائی 54 فٹ 9 انچ ہے۔
☆ حضرت سلیمانؑ بن داؤدؑ نبیوں میں سب سے آخر میں جنت میں داخل ہوں گے۔
☆ بنی اسرائیل پر چھ سو پیغمبر مبعوث کیے گئے۔
☆ سب سے پہلی معصومہ حضرت مریمؑ ہیں۔
☆ جن پرندوں کو حضرت ابراہیمؑ نے ذبح کر کے گوشت پہاڑوں پر پھینکا تھا وہ پرندے مور، گدھ، مرغ، بطخ ہیں۔

ہاتھی: یہ ایک لوطی مرد تھا خشک و تر کو نہیں چھوڑتا تھا جس کی وجہ سے مسخ ہو گیا۔
ریچھ: یہ ایک بے حیا عورت نما مرد تھا جو لوگوں کو اپنی طرف دعوت دیتا تھا جسے خدا نے مسخ کیا۔
بندر: قوم یہود کے وہ افراد جنہوں نے یوم السبت میں زیادتیاں کیں۔
گوہ: وہ شخص ہے جو عازمین حج کا سامان چوری کرتا تھا۔
چمگادڑ: وہ شخص ہے جو رات کو کھجور چوری کرتا تھا۔
بچھو: یہ بدزبان شخص تھا کوئی اس کی زبان سے محفوظ نہیں تھا۔
مکڑی: یہ وہ عورت ہے جو اپنے شوہر کے حق میں خیانت کرتی تھی۔
خرگوش: یہ وہ عورت ہے جو ماہواری کے بعد غسل نہیں کرتی تھی۔

گانا بجانا

قرآن مجید کی آیات اور پیغمبر اسلام کی احادیث کی رو سے گانا بجانا قطعاً حرام ہے صادق آل محمدؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ جس گھر میں گانا ہوتا ہے وہ گھر نہ دردناک بلاؤں سے محفوظ ہوتا ہے نہ وہاں کے باشندوں کی دعا قبول ہوتی ہے نہ رحمت کے فرشتے وہاں نازل ہوتے ہیں ایک حدیث میں ہے کہ گانے والی عورت ملعونہ اور گانے والا مرد اور اس کی کمائی کھانے والا ملعون ہے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ گانا زنا کا پیش خیمہ ہے۔ حضرت امام محمد باقرؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ گانا بجانا ان برائیوں میں سے ہے جن کے لئے خداوند عالم نے جہنم کا وعدہ کیا ہے۔ صادق آل محمدؐ فرماتے ہیں کہ گانا زنا سے بدتر ہے پھر گانے کے ساتھ جو چیزیں مثلاً طنبورہ، سارنگی، ہارمونیم، طبلہ وغیرہ جو بجائے جاتے ہیں ان کا بجانا اور سننا حرام ہے۔

ماہ جمادی الاوّل کا چاند دیکھ کر آبِ رواں، فرزند یا چاندی دیکھیں، سورۂ مزمل کی تلاوت کریں۔

ہاشمیہ جنتری ماہ جون 2007 جمادی الاول /جمادی الثانی ۱۴۲۸ ہجری تقویم کیلنڈر

تاریخ جون	دن	ہجری جمادی الاول ۱۴۲۸	ہندی جیٹھ	اسلامی معلومات ویادداشت	سعد و نحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	جمعہ	15	19	ولادت امام زین العابدینؑ 38 ہجری	نیک	4-56	7-05	5-42	7-17
2	ہفتہ	16	20	تعمیر کے لئے نیک	نحس	4-56	7-06	5-42	7-17
3	اتوار	17	21	وفات آقا خمینی 1979	میانہ	4-56	7-07	5-42	7-18
4	پیر	18	22	سفر کے لئے بد	نیک	4-55	7-07	5-42	7-18
5	منگل	19	23		نیک	4-55	7-07	5-42	7-19
6	بدھ	20	24		میانہ	4-55	7-08	5-42	7-19
7	جمعرات	21	25		نحس	4-55	7-08	5-41	7-20
8	جمعہ	22	26	وفات علامہ سید امداد حسین شیرازی ملتان 2001	نیک	4-55	7-09	5-41	7-20
9	ہفتہ	23	27		نیک	4-55	7-10	5-41	7-21
10	اتوار	24	28	عزاداری کانفرس لاہور 1992	نحس	4-55	7-10	5-41	7-21
11	سوموار	25	29		نحس	4-55	7-10	5-41	7-21
12	منگل	26	30		نیک	4-55	7-11	5-41	7-21
13	بدھ	27	31		نیک	4-55	7-11	5-42	7-22
14	جمعرات	28	ہاڑ		نحس	4-55	7-12	5-42	7-22
15	جمعہ	29	2	نکاح کیلئے بد	نیک	4-55	7-12	5-42	7-23
16	ہفتہ	جمادی الثانی	3		نحس	4-55	7-12	5-42	7-23
17	اتوار	2	4	وفات علامہ سید علی حائری 1941	نیک	4-55	7-13	5-42	7-23
18	سوموار	3	5	شہادت حضرت فاطمہ الزہراؑ	نحس	4-55	7-13	5-42	7-23
19	منگل	4	6	سفر کے لئے بد	نیک	4-55	7-13	5-42	7-24
20	بدھ	5	7		نحس	4-55	7-13	5-42	7-24
21	جمعرات	6	8		نیک	4-55	7-13	5-43	7-24
22	جمعہ	7	9		نیک	4-56	7-13	5-43	7-24
23	ہفتہ	8	10	سفر کیلئے بد	نیک	4-56	7-14	5-43	7-25
24	اتوار	9	11		نیک	4-56	7-14	5-43	7-25
25	سوموار	10	12	فتح جنگ جمل	قمر در عقرب	4-57	7-14	5-44	7-25
26	منگل	11	13			4-57	7-14	5-44	7-25
27	بدھ	12	14			4-57	7-14	5-44	7-25
28	جمعرات	13	15	وفات حضرت ام البنین والدہ حضرت عباس	نحس	4-58	7-14	5-44	7-25
29	جمعہ	14	16		نیک	4-58	7-14	5-45	7-25
30	ہفتہ	15	17		نیک	4-58	7-14	5-45	7-25

ہدایات حضرت امام رضاؑ: اس ماہ میں زیادہ محنت سے گریز کریں۔ چربی، گوشت، مسور کی دال سے پرہیز کریں۔ سبزیاں، تازہ پھل، میوے مچھلی مرغابی کھائیں۔

Scanned with CamScanner

علیؑ کی زبانی مومن کی نشانی

- ☆ مومن زیرک و دانا ہوتا ہے۔
- ☆ اس کا چہرہ بشاش، دل فریں، سینہ کشادہ ہوتا ہے۔
- ☆ وہ حریص ہوتا ہے ہر نیکی کا مگر نہ کینہ پرور، نہ جھگڑالو، نہ غیبت گو اور وہ سربلندی کو بُرا جانتا ہے۔
- ☆ وہ تجسس سے دور رہتا ہے کام میں جلدی نہیں کرتا نہ کسی بات سے تنگ دل ہوتا ہے اور نہ کسی بات پر اتراتا ہے مصائب کے برداشت میں اس کا دل پتھر سے زیادہ سخت ہوتا ہے دوسروں کے حق پر ہاتھ نہیں مارتا نہ سخت مزاج، نہ بخیل خور، نہ تکلیف کو پسند کرتا ہے، اور دنیا کے معاملات میں زیادہ کوشش کرنیوالا ہے۔
- ☆ اگر غصے میں ہو تو عدل سے گریز نہیں کرتا۔
- ☆ اس سے کچھ مانگا جائے تو عطا کرتا ہے نرمی سے پیش آتا ہے۔
- ☆ کسی کی ہتک نہیں کرتا سچی محبت رکھتا ہے۔
- ☆ وعدے کا پابند ہوتا ہے۔
- ☆ لوگوں پر مہربان، گمنامی کی زندگی بسر کرنے والا فضول باتیں نہ کرنے والا اپنی خواہشات کی مخالفت کرنے والا اور اپنے چھوٹوں پر سختی نہ کرنے والا ہوتا ہے۔
- ☆ مسلمان کو پناہ دینے والا ہوتا ہے۔
- ☆ اپنی تعریف اس کے کانوں کو اچھی نہیں لگتی۔ طمع اس کے دل کو زخمی نہیں کرتا۔
- ☆ جاہل اس کے علم سے واقف نہیں ہوتے۔
- ☆ وہ دین کی تائید میں سب سے زیادہ بولنے والا ہوتا ہے۔
- ☆ وہ فحش گوئی نہیں کرتا، تند خو نہیں ہوتا۔
- ☆ اسراف سے بچ کر خرچ کرتا ہے۔
- ☆ کسی سے حیلہ فریب نہیں کرتا۔
- ☆ وہ کسی پر ظلم نہیں کرتا۔ لوگوں پر مہربان ہوتا ہے۔
- ☆ وہ کمزوروں کا مددگار اور مصیبت زدوں کا فریادرس ہوتا ہے۔
- ☆ وہ کسی کے راز فاش نہیں کرتا۔ اگر کسی کی بدی کو دیکھتا ہے تو اسے پوشیدہ رکھتا ہے۔ لوگوں کے عیب چھپاتا ہے۔ لوگوں کے عذر و خطا قبول کرتا ہے۔
- ☆ غلطی معاف کرتا ہے۔
- ☆ جب کوئی اچھی بات پاتا ہے تو اسے چھوڑتا نہیں۔
- ☆ برائی کی اصلاح کئے بغیر رہتا نہیں۔
- ☆ وہ امانت دار اور پرہیزگار ہوتا ہے۔
- ☆ وہ عالم کو آخرت کی یاد دلاتا ہے۔
- ☆ وہ جاہل کو علم سکھاتا ہے۔
- ☆ وہ اپنے عیب جاننے والا ہے۔
- ☆ وہ اپنی آخرت کے غم میں مشغول رہتا ہے۔
- ☆ وہ خدا کے سوا کسی پر بھروسہ نہیں کرتا۔
- ☆ وہ اس دنیا میں مسافروں کی سی زندگی بسر کرتا ہے۔
- ☆ وہ تنہا ہی پسند کرتا ہے۔
- ☆ وہ کسی کو دوست رکھتا ہے تو خوشنودی خدا کیلئے۔
- ☆ وہ اہل حق کا مددگار۔ قرابتداروں کا معین یتیموں کا باپ، بیواؤں کا دادرس مصیبت زدوں پر مہربان ہوتا ہے۔
- ☆ لوگوں کے بخل پر صبر کرتا ہے۔
- ☆ بری باتوں سے بچتا ہے۔
- ☆ قناعت کی وجہ سے غنی ہے۔
- ☆ اس کی حیا اس کی خواہش پر غالب رہتی ہے۔
- ☆ وہ سوائے صحیح بات کے بولتا نہیں۔
- ☆ مومن کا لباس میانہ روزی اور چال متواضع ہوتی ہے۔
- ☆ مومن کی نیت خالص اس کے عمل میں نہ عیب ہوتا ہے اور نہ فریب۔
- ☆ اس کا دل سکون آخرت کی فکر میں لگا رہتا ہے۔
- ☆ وہ برادر مومن سے نہ ترک تعلق کرتا ہے نہ غیبت کرتا ہے اور نہ اسے کمتر سمجھتا ہے۔
- ☆ جو چیز اس کے ہاتھ سے جاتی رہتی ہے اس پر افسوس نہیں کرتا۔
- ☆ جو مصیبت اس پر وارد ہوتی ہے۔ اس پر رنجیدہ نہیں ہوتا۔
- ☆ وہ اس چیز کی اُمید نہیں کرتا جو اس کیلئے جائز نہیں۔
- ☆ مومن قلم کے ساتھ علم حاصل کرتا ہے اور عقل کے ساتھ صبر۔
- ☆ ہمیشہ خوش (ہشاش بشاش) رہتا ہے۔
- ☆ امید اس کے قریب ہوگی لغزش اس سے کم ہوگی۔
- ☆ اپنی موت کا متوقع رہتا ہے۔
- ☆ اس کے دل میں خشوع ہوگا۔
- ☆ وہ اپنے رب کا ذکر کرنے والا ہوگا۔
- ☆ ان کے نفس میں قناعت ہوگی۔
- ☆ جہالت کو رد کرنے والا ہوگا۔
- ☆ وہ غصے کو ضبط کرنیوالا ہوگا۔
- ☆ اس کے اخلاق پاک ہوں گے۔
- ☆ اس کا ہمسایہ اس سے پر امن ہوگا۔
- ☆ اس میں تکبر نہیں ہوتا۔
- ☆ وہ دوسروں کو آرام پہنچاتا ہے۔
- ☆ اگر اس سے بغاوت کی جائے تو صبر کرتا ہے۔
- ☆ اس کا دور رہنا محض دین کی مخالفت اور فساد سے بچنے کیلئے ہوتا ہے اس کی نزدیکی ترقی اور رحمت کیلئے ہوتی ہے۔
- ☆ اس کا دور رہنا اظہار تکبر و عظمت کیلئے نہیں۔
- ☆ نہ اس کا میل جول مکر و فریب کیلئے۔
- ☆ اس کی ہمت بلند اور عزم جواں ہوتا ہے۔
- ☆ مومن اپنے دل میں اپنے آپ کو ذلیل سمجھتا ہے۔
- ☆ شہرت سے نفرت کرتا ہے۔
- ☆ اس کا غم بے پایاں، ہمت بلند ہوتی ہے۔
- ☆ وہ بہت خاموش۔
- ☆ ہر وقت مشغول۔
- ☆ شاکر ہوتا ہے۔
- ☆ صابر ہوتا ہے۔
- ☆ فکر میں غرق رہتا ہے۔
- ☆ وہ خود غلام سے زیادہ متواضع اور منکسر المزاج ہوتا ہے۔

مومن کی ہتک عزت نہ کرو

حضرت امیر المومنین فرماتے ہیں کہ جس نے اپنے مومن بھائیوں کی ہتک عزت کی اور ان کو حقیر جانا تو اللہ تعالیٰ کسی کی عزت نفس کی توہین کرنے والے کو ذلیل و رسوا کرے گا اور روز قیامت ان دونوں کو بہشت میں اکٹھا نہیں کرے گا اگر توہین کرنے والا توبہ کرلے تو اللہ تعالیٰ بخش دینے والا ہے۔

ماہ جمادی الثانی کا چاند دیکھ کر سورہ مدثر پارہ نمبر ۲۹ اور بیٹے فرزند یا بزرگ کا چہرہ دیکھیں۔

ہاشمیہ جنتری ماہ جولائی 2007 جمادی الثانی / رجب المرجب ۱۴۲۸ ھجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ جولائی	دن	ہجری جمادی الثانی ۱۴۲۸	ہندی ہاڑ	اسلامی معلومات و یادداشت	سعد و نحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	اتوار	16	18	وفات علامہ نجم الحسن کراروی 1982	نحس	4-59	7-14	5-46	7-26
2	سوموار	17	19	قرض کے لئے بد	میانہ	4-59	7-14	5-46	7-26
3	منگل	18	20		نیک	5-00	7-14	5-46	7-26
4	بدھ	19	21		نیک	5-00	7-14	5-46	7-26
5	جمعرات	20	22	ولادت حضرت فاطمہ الزہراؑ	نیک	5-01	7-14	5-47	7-26
6	جمعہ	21	23	شہادت مولانا عابد حسین کرپالوی شہداء کوئٹہ 1985	نحس	5-01	7-14	5-47	7-26
7	ہفتہ	22	24		نیک	5-02	7-13	5-48	7-26
8	اتوار	23	25		نیک	5-02	7-13	5-48	7-25
9	سوموار	24	26		نحس	5-03	7-13	5-49	7-25
10	منگل	25	27		نحس	5-03	7-12	5-49	7-25
11	بدھ	26	28	نکاح و سفر کیلئے بد	نیک	5-04	7-12	5-49	7-25
12	جمعرات	27	29	وفات مولانا آغا مہدی لکھنوی 1986	نیک	5-05	7-12	5-49	7-25
13	جمعہ	28	30	نکاح کیلئے بد	نیک	5-05	7-11	5-50	7-25
14	ہفتہ	29	31	نکاح کے لئے بد	نیک	5-06	7-11	5-50	7-25
15	اتوار	30	32	وفات علامہ نذر حسین سرگودھا 2001	نیک	5-06	7-11	5-51	7-25
16	سوموار	رجب	ساون	ولادت حضرت امام محمد باقرؑ	نیک	5-07	7-10	5-51	7-24
17	منگل	2	2		نیک	5-07	7-10	5-52	7-24
18	بدھ	3	3	شہادت امام علی نقیؑ 254 ہجری	نحس	5-08	7-10	5-52	7-24
19	جمعرات	4	4	سفر کے لئے بد	نیک	5-09	7-09	5-53	7-24
20	جمعہ	5	5	ولادت حضرت امام علی نقیؑ 214	نیک	5-09	7-09	5-53	7-23
21	ہفتہ	6	6		نیک	5-10	7-08	5-54	7-23
22	اتوار	7	7		[illegible]	5-11	7-08	5-54	7-22
23	سوموار	8	8	سفر کے لئے بد		5-11	7-07	5-55	7-22
24	منگل	9	9	ولادت حضرت علی اصغرؑ		5-11	7-06	5-55	7-21
25	بدھ	10	10	ولادت امام محمد تقیؑ 195 ہجری		5-12	7-06	5-56	7-21
26	جمعرات	11	11		نحس اکبر	5-13	7-05	5-56	7-21
27	جمعہ	12	12		نحس اکبر	5-13	7-04	5-57	7-21
28	ہفتہ	13	13	ولادت حضرت علیؑ در خانہ کعبہ	نیک	5-14	7-03	5-57	7-20
29	اتوار	14	14		نیک	5-15	7-03	5-58	7-19
30	سوموار	15	15	وفات مولانا عاشق حسین قیامت 1999	نحس	5-15	7-02	5-58	7-18
30	منگل	16	16	تعمیر کے لئے نیک	نحس	5-16	7-01	5-59	7-17

ولادت حضرت امام علی رضاؑ

نہار منہ تھوڑا تھوڑا کر کے ٹھنڈا پانی پینا لطیف اور زود ہضم غذائیں کھانا اور پھولوں کا سونگھنا مفید ہے۔

Scanned with CamScanner

حضرت فاطمہ زہراؑ سے ایک حدیث نقل کی گئی ہے ایک دن رسولؐ خدا نے لوگوں سے پوچھا عورت کیلئے سب سے بہتر کیا چیز ہے کوئی جواب نہ دے سکا۔ امام حسینؑ مجمع میں حاضر تھے آپ نے گھر آ کر اس کا تذکرہ اپنی والدہ گرامی سے کیا۔ حضرت فاطمہؑ نے فرمایا عورت کیلئے سب سے بہتر چیز یہ ہے کہ وہ کسی اجنبی کو نہ دیکھے اور اجنبی مرد اسے نہ دیکھے۔

چنانچہ اس عنوان سے واجبات، مستحبات، مکروہات موجود ہیں یہاں ہم بعض اسلامی احکامات کا تذکرہ کر رہے ہیں۔

۱) اسلام میں عورت پر جہاد واجب نہیں اب اگر بالفرض پردہ کرنے کی وجہ سے عورت کو زحمت بھی ہو تو جہاد کی ذمہ داری اس کی گردن پر نہیں ہے۔

۲) عورت کا جنازے کے ساتھ جانا مکروہ ہے اور اسی طرح عورت کا ہر اس مقام پر جانا جہاں لوگوں کا ہجوم ہو اور اس بات کا احتمال ہو کہ وہ مردوں کی ہوس پرست نگاہوں کا نشانہ بن سکتی ہو صحیح نہیں ہے۔

۳) مرد اور عورت کا ہاتھ ملانا جائز نہیں ہے۔ رسولؐ نے عورتوں سے بیعت لینے کے موقع پر ایک برتن میں پانی بھروایا اور اپنا ہاتھ اس میں ڈال دیا اور عورتوں کو حکم دیا کہ وہ اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال دیں۔ چنانچہ اس کو ان کے لئے بیعت شمار کیا۔ (فروع کافی/جلد۵/صفحہ ۳۲۶)

۴) عورتوں کے بناؤ سنگھار کرنے اور خوشبو لگانے کے بارے میں ہے جب عورت خوشبو لگا کر گھر سے باہر نکلتی ہے تو واپس آنے تک فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں۔ (فروغ کافی/جلد۵/صفحہ ۵۱۸)

۵) نامحرم سے ناز نخرے سے بات کرنا یا نرم و ملائم لہجے میں بات کرنا عورت کیلئے جائز نہیں ہے اور (پانچ جملوں سے زیادہ) نامحرم سے غیر ضروری بات مکروہ ہے۔ (دیکھیے سورۂ احزاب آیت ۳۱)

۶) مرد نامحرم عورت کا فوٹو نہیں کھینچ سکتا اور ایسی تصاویر کا دیکھنا بھی جائز نہیں جو جنسی شہوت کو ابھارنے کا باعث ہوں۔

۷) عورتوں سے زیادہ بات چیت کرنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے اور اس طرح عورتوں کو باریک لباس پہننے کی سخت ممانعت کی گئی ہے۔ رسولؐ نے فرمایا چار چیزیں دلوں کو مردہ کر دیتی ہیں ان میں ایک عورتوں سے زیادہ بات چیت کرنا۔ ایک جگہ فرمایا! ''دو گروہ ایسے ہیں جو آتش جہنم میں جانے والے ہیں جن کیلئے میں کوئی فکر نہیں کروں گا ایک وہ گروہ جو تازیانہ لے کر لوگوں کو اذیت پہنچاتا ہے۔ دوسرا گروہ ان کا ہے جو لباس تو پہنتی ہوں گی لیکن (باریک ہونے کی وجہ سے) وہ برہنہ ہوں گی یہ عورتیں شہوت کی طرف مائل ہوتی ہیں اپنے بالوں کو اونٹ کی کوہان کی طرح مخصوص انداز میں بناتی ہیں یہ عورتیں جنت میں نہیں جائیں گی بلکہ جنت کی خوشبو جو کہ انتہائی دور سے سونگھی جا سکتی ہے یہ بھی نہ سونگھ سکیں گی۔

اب ان تمام احکامات کا غور سے مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے پردے کے اسلامی حکم کا خیال نہ رکھنے کے کتنے نقصانات ہیں۔ اس حکم کو مزید واضح کرنے کیلئے ہم پیغمبر اسلام کی ایک حدیث کو بیان کرتے ہیں۔ آپ فرماتے ہیں'' جب بھی شیطان کو کسی کام میں مشکل پیش آتی ہے تو وہ عورت کے ذریعے اس میں داخل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ وہ کام اس کے لئے آسان ہو جاتا ہے۔

شیطان اپنا مقصد آسانی سے حاصل کر لیتا ہے۔

ذاتی ترقی کا پیمانہ

ہر مسلمان مرد یا عورت کو ہر روز خود سے یہ سوال کرنا چاہئے؟

1. میں نے قرآن پاک کو آخری مرتبہ کب دیکھا؟
2. میں نے قرآن پاک کو آخری مرتبہ کب چھوا؟
3. میں نے قرآن پاک کو آخری مرتبہ کب ہاتھ میں پکڑا؟
4. میں نے قرآن پاک کو آخری مرتبہ کب کھولا؟
5. میں نے کب قرآن پاک کی آخری مرتبہ ورق گردانی کی؟
6. میں نے آخری مرتبہ کب قرآن پاک کا کچھ حصہ پڑھا؟ تلاوت کی؟
7. میں نے آخری مرتبہ قرآن پاک کو کب صحیح انداز سے پڑھنے کا طریقہ سیکھنے کی کوشش کی؟
8. میں نے آخری مرتبہ کب قرآن پاک کا کوئی حصہ حفظ کرنے کی کوشش کی؟
9. میں نے آخری مرتبہ کب قرآن کی کسی آیت کا مطلب سمجھنے کی کوشش کی؟
10. میں نے آخری مرتبہ کب قرآن پاک کی کسی آیت کو گہرائی کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کی؟
11. میں نے آخری مرتبہ کب سارے قرآن کو عملی صورت دی؟
12. میں نے آخری مرتبہ کب سارے قرآن کو عملی صورت دینے پر غور کیا؟
13. آخری مرتبہ میں نے کب سوچا کہ نبی پاک حضرت محمدؐ نے قرآن پاک کی مدد سے ساری دنیا کو بدل دیا؟
14. میں نے آخری مرتبہ کب سوچا کہ انہوں نے کس طرح 23 سال کے مختصر ترین وقت میں ایسا کیا؟
15. میں نے آخری مرتبہ کب کسی کو قرآن پاک پڑھانے کی کوشش کی؟
16. میں نے آخری مرتبہ کب کسی کو دعوت دی کہ وہ اس پیمانہ کو استعمال کر کے اپنی ذات کو قرآن پاک سے انضباط کرے۔

حضرت علیؑ کا تعجب فرمانا

☆ میں کتنا تعجب کرتا ہوں اس مغرور، غافل اور نادان آدمی کے غرور اور گھمنڈ پر جو گذشتہ کل تو ایک تنگ اور اندھیری کوٹھری (رحم مادر) میں ایک گوشت کا لوتھڑا تھا اور آنے والے کل کو وہ ایک مردہ جسم ہوگا۔

☆ میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو اس دنیا کو تو دیکھتا ہے جس کو اللہ نے پیدا کیا ہے لیکن اسی اللہ کے وجود میں شک کرتا ہے۔

☆ میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو اپنے اطراف میں مردوں کو تو دیکھ رہا لیکن اپنے انجام سے غافل ہے۔

☆ میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو دنیا کی اس فانی زندگی کی آرائش و آسودگی کی خاطر تو جدوجہد کرتا ہے لیکن اپنی ہمیشہ کی اور باقی رہنے والی زندگی سے غافل ہے۔

☆ میں تعجب کرتا ہوں اس شخص پر جو قدرت کے کرشمات کو تو سمجھتا ہے لیکن اپنے لیے دوبارہ زندہ ہونے کو قبول کرنے سے انکار کرتا ہے۔

جیسا گناہ ویسی مصیبت

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد مبارک ہے کہ:

جب بھی لوگ نئے گناہوں سے آلودہ ہوتے ہیں اور گناہ کے نئے طریقے ایجاد کرتے ہیں جن کو پہلے سے نہیں جانتے تو اللہ تعالیٰ بھی انہیں نئے نئے مصائب میں مبتلا کر کے ان پر ہر تازہ بلائیں مسلط کرتا ہے جن کا علم ان کو پہلے سے حاصل نہیں ہے۔ (تحفہ العقول، ص ۴۸۲)

دنیا کے مفلس اور نادار ترین لوگ آخرت میں امیر ترین ہوں گے۔۔۔ حضرت امیرالمومنین

ماہ شعبان کا چاند دیکھ کر سورۂ جن پارہ نمبر ۲۹، سبز کپڑا یا بزرگ کا چہرہ دیکھیں۔

ہاشمیہ جنتری

ماہ ستمبر 2007 شعبان المعظم / رمضان المبارک ۱۴۲۸ ھجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ ستمبر	دن	ہجری شعبان المعظم ۱۴۲۸	ہندی بھادوں	اسلامی معلومات ویادداشت	سعد و نحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	ہفتہ	19	17	وفات استاد العلماء علامہ گلاب علی شاہ 1992	نیک	5-36	3-28	6-12	6-51
2	اتوار	20	18	تعمیر کے لئے نیک	نحس اکبر	5-37	6-27	6-12	6-50
3	سوموار	21	19		نحس	5-38	6-25	6-13	6-49
4	منگل	22	20	وفات مولانا ناصر حسین فیض آبادی 1995	نیک	5-38	6-24	6-13	6-48
5	بدھ	23	21		نیک	5-39	6-23	6-14	6-47
6	جمعرات	24	22		نحس	5-39	6-22	6-14	6-46
7	جمعہ	25	23		نحس	5-40	6-21	6-14	6-45
8	ہفتہ	26	24		نحس اکبر	5-40	6-19	6-14	6-44
9	اتوار	27	25	وفات مولانا شیخ ارشاد علی نجفی 1987	نیک	5-41	6-18	6-15	6-43
10	سوموار	28	26	نکاح کے لئے بد	نیک	5-42	6-16	6-15	6-42
11	منگل	29	27	نکاح کیلئے بد	نیک	5-42	6-15	6-16	6-41
12	بدھ	30	28	نکاح کے لئے بد	نیک	5-43	6-14	6-16	6-40
13	جمعرات	رمضان	29	صحیفہ حضرت ابراہیمؑ کا نزول	نیک	5-44	6-12	6-17	6-39
14	جمعہ	2	30		نیک	5-44	6-11	6-17	6-38
15	ہفتہ	3	31		قمر در عقرب	5-45	6-10	6-17	6-37
16	اتوار	4	اسوج	سفر کے لئے بد		5-45	6-09	6-17	6-35
17	سوموار	5	2			5-46	6-08	6-18	6-34
18	منگل	6	3	توریت نازل ہوئی	نیک	5-47	6-06	6-18	6-33
19	بدھ	7	4		نیک	5-47	6-05	6-19	6-32
20	جمعرات	8	5	سفر کے لئے بد	نیک	5-48	6-04	6-19	6-31
21	جمعہ	9	6		نیک	5-48	6-02	6-19	6-30
22	ہفتہ	10	7	رحلت بی بی خدیجۃ الکبریٰؓ	نیک	5-48	6-01	6-19	6-29
23	اتوار	11	8		نیک	5-49	6-00	6-20	6-28
24	سوموار	12	9	انجیل نازل ہوئی اور مواخات نبی نے علی کو بھائی بنایا	نیک	5-50	5-58	6-20	6-27
25	منگل	13	10		نحس	5-50	5-57	6-21	6-26
26	بدھ	14	11		نیک	5-51	5-56	6-21	6-25
27	جمعرات	15	12	ولادت حضرت امام حسنؑ	نیک	5-52	5-55	6-22	6-24
28	جمعہ	16	13	تعمیر کے لئے نیک	نحس	5-53	5-54	6-22	6-23
29	ہفتہ	17	14	قرض کے لئے بد	میانہ	5-53	5-52	6-22	6-22
30	اتوار	18	15	زبور نازل ہوئی	نیک	5-54	5-51	6-22	6-20

ہدایات حضرت امام رضاؑ: رات کو پانی پینا صحت کیلئے مضر ہے۔ ساگ، پودینہ، ادرک سے پرہیز کریں۔ صبح کے وقت پانی پینا اور سیر ورزش مفید ہے۔

عدد 6 اور مولائے کائنات

حضرت علیؑ نے فرمایا جس میں چھ خصلتیں ہیں وہ جنت کی راہ پر چلے گا اور جہنم سے بچنے کی کوشش کرے گا۔

۱) جس نے اللہ کی معرفت حاصل کر کے اس کی اطاعت کی۔
۲) جس نے شیطان کو پہچان کر اس کی نافرمانی کی۔
۳) جس نے حق کو پہچان کر اس کی پیروی کی۔
۴) جس نے باطل کو پہچان کر اس سے جدا ہو گیا۔
۵) جس نے دنیا کو پہچان کر اس سے علیحدہ ہو گیا۔
۶) جس نے آخرت کو پہچان کر اس کا خواہشمند ہو گیا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا

چھے چیزیں نہ صلب پدر میں اور نہ رحم مادر میں

(۱) جناب آدمؑ (۲) جناب حواؑ
(۳) حضرت اسماعیلؑ کی بجائے جو دنبہ ذبح ہوا (۴) حضرت موسیٰؑ کا عصا
(۵) حضرت صالحؑ کا ناقہ (۶) وہ چمگادڑ جو حضرت عیسیٰؑ نے بنایا تھا جس نے اللہ کے حکم سے پرواز کی۔

حضرت علیؑ نے فرمایا۔

چھ قسم کے لوگوں کو چھ قسم کی وجوہات کی بناء پر عذاب ہو گا۔

(۱) عربوں کو عرب کی عصبیت کی وجہ سے (۲) دہقانوں کو تکبر کی وجہ سے
(۳) حکام کو ظلم کی وجہ سے (۴) فقہا کو حسد کی وجہ سے
(۵) تجار کو خیانت کی وجہ سے (۶) دیہاتیوں کو جہل کی وجہ سے

فرمایا! چھ اقسام کی رقم سخت حرام ہے

(۱) مردار کی رقم (۲) کتے کی رقم (۳) شراب کی رقم (۴) زنا کی رقم (۵) فیصلہ میں رشوت کی رقم (۶) کاہن کی رقم

فرمایا! چھ قسم کے لوگوں پر سلام نہیں کرنا چاھئے۔

(۱) یہود (۲) نصاریٰ (۳) چوسر اور شطرنج کھیلنے والے (۴) شراب نوشی پر طنبورہ بجانے والے (۵) ایک دوسرے کو ماں کی گالیاں دے کر خوش ہونے والے (۶) باطل عورتوں کے حامی شعراء

فرمایا! چھ افراد کی نماز جنازہ نہیں پڑھنی چاھئے

(۱) حرام زادہ (۲) مرتد (۳) ہجرت کرنے کے بعد بلاد کفر میں رہائش اختیار کرنے والے (۴) شرابی (۵) جس پر حد شرعی جاری ہوئی ہو (۶) جس کا ختنہ نہ ہوا ہو۔

قوم لوط کے چھ عمل

(۱) غلیل بازی (۲) محفل میں ریح خارج کرنا (۳) ابروں کے بال تراشنا (۴) قبا یا قمیص کو گھسیٹ کر چلنا (۵) رہزنی (۶) لواطت

حضرت علیؑ نے نوف سے مخاطب ہو کر فرمایا

(۱) خبردار! ظالم حکمرانوں کا عشر وصول کرنے والا نہ بننا (۲) شاعر نہ بننا (۳) پولیس والا نہ بننا (۴) محلہ کا سرکاری مخبر نہ بننا (۵) طنبورہ نواز نہ بننا (۶) طبلہ بجانے والا نہ بننا۔

فرمایا! انسان کا کمال چھ باتوں سے ہے۔

(۱) دو چھوٹی سی چیزیں (۲) دو بڑی چیزیں (۳) دو چیزیں اس کا قلب و زبان ہیں اس لئے جب انسان جنگ کرتا ہے تو دل کے ذریعے سے اور جب بولتا ہے تو زبان کے ذریعے سے دو بڑی چیزیں اس کو عقل اور ایمان ہیں۔ دو بقایا چیزیں اس کا مال اور خوبصورتی ہیں۔

فرمایا چھے چیزیں اچھی ھیں لیکن چھے افراد میں بہت اچھی لگتی ھیں

(۱) عدل بذات خود اچھی چیز ہے لیکن بادشاہوں میں بہت اچھا ہے۔ (۲) صبر! بذات خود اچھی چیز ہے لیکن فقراء میں بہت اچھا ہے۔ (۳) تقویٰ بذات خود اچھی چیز ہے لیکن علماء میں بہت اچھا ہے۔ (۴) توبہ! بذات خود اچھی چیز ہے لیکن نوجوانوں میں اچھی چیز ہے۔ حیا! بذات خود اچھی چیز ہے لیکن عورتوں میں بہت اچھی چیز ہے۔ (۶) سخاوت! بذات خود اچھی چیز ہے لیکن انبیاء میں بہت اچھی چیز ہے۔

فرمایا!

(۱) حاکم بغیر عدل کے وہ بادل ہے جس میں بارش نہ ہو (۲) فقیر بغیر صبر کے وہ چراغ ہے جس کی روشنی نہ ہو (۳) عالم بغیر تقویٰ کے وہ درخت ہے جس میں ثمر نہ ہو (۴) غنی بغیر سخاوت کے وہ مکان ہے جس کی چھت نہ ہو (۵) نوجوان بغیر توبہ کے وہ نہر ہے جس میں پانی نہ ہو (۶) عورت بغیر حیاء کے وہ طعام ہے جس میں نمک نہ ہو۔

فرمایا! جس شخص میں چھے اوصاف ھوں اس کی دوستی کا کوئی فائدہ نہیں

(۱) جو تمہیں کوئی بات سنائے تو جھوٹ ہو (۲) اگر تم اس کے پاس امانت رکھو تو وہ خیانت کرے (۳) اگر تم اسے کوئی بات سناؤ تو تمہیں جھٹلائے (۴) اگر وہ تمہارے پاس امانت رکھے تو تم پر خیانت کا الزام لگائے (۵) اگر وہ تم پر کوئی احسان کرے تو بعد میں احسان جتائے (۶) اگر تم اس پر احسان کرو تو تمہاری ناشکری کرے۔

حضرت علیؑ سے پوچھا گیا

(۱) آسمان سے وزنی چیز کیا ہے (۲) زمین سے چوڑی چیز کونسی ہے (۳) پتھر سے زیادہ سخت چیز کیا ہے (۴) آگ سے زیادہ گرم کیا چیز ہے (۵) زم ہریر سے زیادہ ٹھنڈی کون سی چیز ہے۔ (۶) زہر سے زیادہ کڑوی کیا چیز ہے۔

آپؑ نے فرمایا

(۱) بیگناہ پر بہتان آسمان سے زیادہ سخت ہے (۲) حق زمین سے زیادہ چوڑا ہے (۳) منافق کا دل پتھر سے زیادہ سخت ہے۔ (۴) ظالم حاکم آگ سے زیادہ گرم ہے (۵) بخیل سے حاجت برادی زم ہریر سے زیادہ ٹھنڈی ہے (۶) صبر زہر سے زیادہ کڑوا ہے۔

مولائے کائنات نے فرمایا!

(۱) اگر ساتھی کی ضرورت ہو تو اللہ کافی ہے (۲) اگر دنیا کی ضرورت ہو تو عبرت کافی ہے (۳) اگر ہم سفر کی ضرورت ہے تو کراماً کاتبین کافی ہیں۔ (۴) اگر کسی معرفت کی ضرورت ہے تو عبادت کافی ہے (۵) اگر کسی مونس کی ضرورت ہے تو قرآن کافی ہے۔ (۶) اگر نصیحت کی ضرورت ہے تو موت کافی ہے۔

اگر میری بیان کردہ چیزیں تیری کفایت نہ کریں تو تجھے جھنم کافی ھے۔

☆☆☆

ہیپاٹائٹس بی

اول و آخر درود شریف کے ساتھ صبح و شام سورہ زمر کی آیت ۵۳ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں وضو بے وضو کثرت سے یا حفیظ یا سلام کا ورد کریں نیلی شعاعوں سے تیار کردہ پانی ہر کھانے کے بعد آدھی آدھی پیالی نوش کریں۔

بغیر عمل کے بات کرنا ایسے ہے جیسے بغیر کمان کے تیر چلانا ہے۔۔۔ حضرت امام جعفر صادق

ماہ رمضان کا چاند دیکھ کر سورۂ محمدؐ پارہ نمبر ۲۶، اہل عیال کی صورت یا بزرگ کا چہرہ دیکھیں۔

ہاشمیہ جنتری

ماہ اکتوبر 2007ء رمضان المبارک/شوال المکرم ۱۴۲۸ ھجری تقویمی کیلنڈر

تاریخ اکتوبر	دن	ہجری رمضان المبارک ۱۴۲۸	ہندی اسوج	اسلامی معلومات و یادداشت	سعد و نحس	طلوع آفتاب لاہور	غروب آفتاب لاہور	طلوع آفتاب کراچی	غروب آفتاب کراچی
1	سوموار	19	15	یوم ضربت علیؑ در مسجد کوفہ	نحس	5-55	5-49	6-23	6-19
2	منگل	20	16	شہادت رجب نصر اللہ (بھلوال)	نحس اکبر	5-55	5-48	6-23	6-18
3	بدھ	21	17	شہادت امیر المومنین علیؑ	نحس	5-56	5-47	6-24	6-17
4	جمعرات	22	18	شب قدر (دن گذرنے کے بعد)	نیک	5-56	5-45	6-24	6-16
5	جمعہ	23	19	نزول قرآن۔ جمعۃ الوداع۔ یوم القدس	نیک	5-57	5-44	6-25	6-15
6	ہفتہ	24	20		نحس اکبر	5-58	5-43	6-25	6-14
صبح وشام آدھی آدھی پیالی عرق مکوہ اور عرق کاسنی پییں۔ اس کے علاوہ یونانی مرکب معجون عشبہ کا صبح وشام استعمال بھی مفید ہے کھانوں میں تیل یا گھی سے تیار کردہ اشیاء کم سے کم استعمال کریں۔ روحانی علاج کے طور پر ایک چمچہ شہد پر گیارہ مرتبہ یا جمیل پڑھ کر دم کر کے پی لیں۔

سیلان رحم

سیلان رحم کا ایک آسان علاج یہ ہے کہ کیکر کی گوند لے کر توے پر بھون کر اچھی طرح گرائینڈ کر لیں اس سفوف کو کسی صاف شیشی میں رکھ لیں، صبح ناشتہ اور دونوں وقت کھانے سے قبل پاؤ چمچی گوند کا یہ سفوف تھوڑی سی چینی ملا کر بغیر چینی ملائے کھائیں یہ علاج تقریباً ایک ماہ تک بلا ناغہ جاری رکھیں اس دوران انڈا، مچھلی، گائے کا گوشت، تیز، نمک، مرچ اور کھٹی چیزوں چیزوں سے پرہیز کریں۔

علماء کا مقام

قرآن وسنت کی روشنی میں

از مولانا سید عاشق حسین نقوی (جامعۃ الحسنین تلہ گنگ)

قَوْلُہٗ تَعَالٰی اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا۔

ترجمہ: اللہ کے بندوں میں سے صرف اہل علم اس سے ڈرتے ہیں۔

(سورہ فاطر، ۲۸)۔

انسان کی عظمت وفضیلت کا معیار علم ہے

ارشاد خداوندی ہوتا ہے کہ:

هَلْ يَسْتَوِي الَّذِينَ يَعْلَمُونَ وَالَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّمَا يَتَذَكَّرُ أُولُو الْأَلْبَابِ.

ترجمہ: اے (رسول) کہہ دیجئے کیا علم رکھنے والے اور علم نہ رکھنے والے برابر ہو سکتے ہیں۔ یہ نصیحت تو صرف عقل والے ہی قبول کرتے ہیں۔ (زمر، ۹)

علم ایک نور ہے

حضرت امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ:

العلم نور يقذف الله فى قلب من يشاء.

ترجمہ: علم ایک نور ہے جو اللہ جس کے دل میں چاہتا ہے ڈال دیتا ہے دل کو اس نور الٰہی کے لیے پاک وصاف کر کے تیار کرنا ہوتا ہے۔

انسان کے درجات کی بلندی علم کی بدولت

ارشاد خداوندی ہے کہ:

يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ.

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ ایمان لے آئے اور وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے ان کے درجات کو اللہ تعالیٰ بلند فرمائے گا۔ (مجادلہ، ۱۱)

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ:

يتفاضل الناس بالعلوم والعقول لا بالاموال والاصول .

(غرر الحکم ۴/۵۲۳۴)

علم کی فضیلت وعظمت معصومین کی نظر میں

رسول اکرم فرماتے ہیں کہ:

طلب العلم فريضه على كل مسلم به يعبد الرب ويطاع الرب ويعرف الحلال من الحرام ، العلم امام العمل تابعه يلهم به السعد امحرمه الاشقياء.

(امام الطرس، ص ۳۸۸)

ترجمہ: علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے کیونکہ اس کے ذریعہ ہی اللہ تعالیٰ کی عبادت اور اطاعت کی جاتی ہے اور علم کے ذریعہ حلال وحرام کی پہچان ہوتی ہے علم انسانی کردار کا اہم رہنما ہے اور انسانی کردار عمل وعلم کے تابع ہے پس علم نیک بخت انسانوں کو عطا کیا جاتا ہے بدبختوں کو محروم رکھا جاتا ہے۔

عظمت علماء

نبوت کے درجہ کے قریب ترین:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ:

اقرب الناس من درجة النبوة اهل العلم والجهاد .

(محجۃ البیضاء، ص ۱۴، جلد ۱)

ترجمہ: نبوت کے درجہ کے قریب ترین انسان صاحبان علم اور جاہد ہیں۔

علماء ہی وارث انبیاء ہیں

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

العلماء ورثه الانبياء يحبهم اهل اسماء ويستغفر لهم الحهيان فى البحر اذا مالوا الى يوم القيامه.

(کنز العمال، ۲۸۶۷۹)

ترجمہ: علماء وارث انبیاء ہیں اور ان سے آسمانی مخلوق محبت کرتی ہے اور مرنے کے بعد قیامت تک سمندر کی مچھلیاں ان کے لیے استغفار کرتی ہیں۔

زمین پر ہدایت کے چراغ

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

العلماء مصابيح الارض وخلفا والانبياء.

(کنز الاعمال، ۲۸۶۷۹)

ترجمہ: علماء زمین پر ہدایت کے چراغ ہیں انبیاء کے جانشین ہیں۔

عالم کے قلم کی سیاہی شہید کے خون سے افضل ہے

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

يوزن يوم القيامة مواد العلماء ويوماء الشهدا فير جمع مداد العلماء على دماء الشهداء.

(تفسیر در منثور جلد ۳ ص/۲۲۳)

ترجمہ: بروز قیامت علماء کے قلم کی سیاہی اور شہداء کے خون کا موازنہ کیا جائے گا تو علماء کے قلم کی سیاہی شہداء کے خون پر بھاری ہوگی۔

صاحبان علم و دانش مرنے کے بعد بھی زندہ ہیں

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ:

هلك خزان الاموال وهم احياء ولعلماء باقون ما بقى الدهرا اعيانهم مفقودة وامثالهم فى القلوب موجودة.

(نہج البلاغہ، حکمت، ۱۴۷)

ترجمہ: مال و دولت کو اکٹھا کرنے والے زندگی میں بھی ہلاک ہوگئے اور صاحبان علم و معرفت (علماء) جب تک زمانہ باقی ہے وہ بھی باقی ہیں اگرچہ ان کے جسم نظروں سے غائب ہیں لیکن ان کی مثالیں لوگوں کے دلوں میں موجود ہیں۔

عالم کو عابد پر فضیلت

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فضل العالم على العابد كفضل القمر على سائر النجوم ليلة البدر.

(ثواب الاعمال، ص ۱۵۹)

ترجمہ: عالم کو عابد پر وہ فضیلت حاصل ہے کہ جو چودھویں کی شب چاند کو ستاروں پر فضیلت حاصل ہے۔

عابد پر عالم کی فضیلت کا سبب

حضرت امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ:

يقال للعابد يوم القيامة نعم الرجل كنت همنك ذات نفسك وكفيت الناس ومونبك فادخل الجنة الاان الفقه من افاض على الناس خيره والقد هم من اعداتهم......ويقال للفقيه ياايهاالكافل لا يتام آل محمد الهادى لضعفاء مجيهم ولواليهم قف حتى تشفع لكل من اخذ عنك اوتعلم منك.

(ج ۱، ص ۱۴)

ترجمہ: حضرت امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ بروز قیامت عابد کو کہا جائے گا تو ایک نیک شخص تھا اور تیری پوری کوشش (عبادت کے ذریعے) اپنی ذات کو فائدہ پہنچانا تھا تم نے اپنا بوجھ دوسروں پر نہیں ڈالا پس تو جنت میں داخل ہو جا۔ لیکن آگاہ ہو جاؤ کہ ایک عالم اور فقیہ کہ جس نے لوگوں کو اپنی خوبیوں اور اچھائیوں کا فیض پہنچایا اور لوگوں کو ان کے دشمنوں (گمراہ کرنے والوں) سے بچایا، پس بروز قیامت فقیہ اور عالم کو کہا جائے گا کہ اے آل محمد کے یتیموں کی کفالت ونگرانی کرنے والے، آل محمد کے محبین اور دوستوں کی ہدایت کرنے والے ٹھہر جاؤ اور ان لوگوں کی شفاعت کرتے جاؤ، جنہوں نے تم سے کچھ حاصل کیا اور تم سے تعلیم حاصل کی ہو۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

والذى نفس محمد بيده لعالم واحد اشد على ابليس من الف عابد لان العابد النفسه والعالم لغيره.

(کنز العمال، ص ۲۸۹۰۸)

ترجمہ: رسول صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ قسم ہے اس ذات کی کہ جس کے قبضہ قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے کہ ایک عالم شیطان ابلیس کے لیے زیادہ سخت ہے ایک ہزار عبادت گذاروں سے کیونکہ عابد اپنی ذات کو فائدہ پہنچاتا ہے جبکہ عالم دوسروں کو (تعلیم و تربیت کے ذریعہ) فائدہ پہنچاتا ہے۔

عالم کے لیے امام کی خصوصی دعا

امام رضاؑ فرماتے ہیں کہ:

رحم الله عبدا احياامرنا(قال الراوى) فقلت له كيف يحى امركم قال يتعلم علومنا ويعلمها الناس فان الناس لو علمو محاسن كلامنا لا تبعونا.

(معانی الاخبار، جلد ۱، ص ۱۸۰)

ترجمہ: اللہ کی ذات اس بندہ پر رحم فرمائیں جو ہمارے امر کو زندہ کرتا ہے راوی کہتا ہے کہ میں نے عرض کی آپ کا امر کیسے زندہ ہوتا ہے فرمایا جو شخص ہمارے علوم کو سیکھتا ہے اور دوسروں کو ان کی تعلیم دیتا ہے تحقیق اگر لوگ ہمارے کلام کی خوبیوں سے آگاہ ہو جائیں تو ہماری پیروی کریں گے۔

عالم کی عزت وتکریم کرنے کا اجر وثواب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من استقبل العلماء فقد استقبلى ومن زار العلماء فقد زارنى ومن جالس العلماء فقد جالسينى ومن جالسنى فكانما جالس ربى.

(کنز الاعمال، ۲۸۸۸۳)

ترجمہ: جس نے علماء کا استقبال کیا گویا اس نے میرا استقبال کیا جس نے علماء کی زیارت کی گویا اس نے میری زیارت کی جو علماء کے پاس بیٹھا گویا وہ میرے پاس بیٹھا اور جو میرے پاس بیٹھا گویا وہ اللہ کے پاس بیٹھا۔

عالم کی مجلس میں بیٹھنے کا اجر و ثواب

جاء جل من نصاری الی النبی ﷺ فقال یا رسول الله اذا حجرت جنازة ومجلس عالم فی وقت واحد فایهما احب الیك ان اشهد فقال رسول الله ان كان للجنازة من یتبعها ویدفنها فان حضور مجلس عالم افضل من حضور الف جنازه ومن عبادة الف مریض ومن قیام الف لیلة ومن صیام الف یوم ومن الف درهم یرصدق بها علی المساكین ومن الفد حجه سوی الفریضه ومن الف عزورة سوی الوحیه تغزوها فی سبیل الله بما لك ونفسك.

کہاں اس قسم کی مجلس نل گئی اس جہاں میں؟

پھر فرمایا:

اما علمت ان الله یطاع بالعلم ویعبد بالعلم وخیره الدنیا والاخرة مع العلم وشر الدنیا والاخرة مع الجهل.

(بحار الانوار، ج ا، ص ۲۰۴)

ترجمہ: ایک شخص انصار میں سے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی یا رسول اللہ جب ایک وقت دو عمل اکٹھے پیش آ جائیں ایک طرف مومن کا جنازہ اور دوسری طرف عالم دین کی مجلس تو آپ کے نزدیک کونسا عمل پسندیدہ ہے کہ جس میں حاضر ہوں آپ نے فرمایا کہ اگر کوئی اور جنازہ کی تشیع کرنے اور دفن کرنے والا موجود ہو تو پھر عالم دین کی مجلس میں حاضر ہونا افضل ہے۔

- ☆ ایک ہزار تشیع جنازہ کے ثواب سے۔
- ☆ ایک ہزار مریضوں کی عیادت کرنے سے۔
- ☆ ایک ہزار راتوں کی عبادت کرنے سے۔
- ☆ ایک ہزار راہ خدا میں صدقہ کرنے سے۔
- ☆ ایک ہزار دن روزہ رکھنے سے۔
- ☆ ایک ہزار حج کرنے سے جو واجب نہ ہوں۔
- ☆ ایک ہزار جنگ اور جہاد کرنے سے جو واجب نہ ہو۔
- ☆ اپنے مال اور جان سے۔

پھر فرمایا! کہاں اس قسم کی مجلس نصیب ہو سکتی ہے اس دنیا میں ارشاد فرمایا کہ کیا۔ تمہیں معلوم نہیں کہ اللہ تعالی کی اطاعت اور عبادت علم ومعرفت ہی کے ذریعے کی جاتی ہے۔ دنیا و آخرت کی تمام خوبیوں کا سرچشمہ علم ومعرفت ہے اور دنیا و آخرت کی تمام برائیوں کا سرچشمہ جہالت ہے۔

☆☆☆

روحانی علاج

اولاد کی نعمت سے محروم

عشاء کی نماز کے بعد یا فجر کی نماز سے پہلے ۳۰۰ بار سورہ الصافات کی آیت ۵۴ ان بکل شی محیط پڑھ کر پیٹ پر دم کریں اور دعا کریں، نیلی شعاعوں کا تیار کردہ تیل کمر کے جوڑ پر دائروں میں صبح اور رات کو دس دس منٹ مالش کروائیں روزانہ کھانوں میں میتھی کا ساگ کھائیں دو پہر جمعرات اکیس روپے صدقہ دیا کریں۔

گھبراہٹ

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہؓ کو گھبراہٹ کے وقت یہ دعا پڑھنے کی تلقین فرمائی۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَحْضُرُوْنَ.

آپ روزانہ شام کے وقت اکتالیس بار مندرجہ بالا دعا اول آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں چلتے پھرتے وضو بے وضو کثرت سے اسمائے یا حی یا قیوم کا ورد کریں رات سونے سے پہلے ۱۰۰ بار درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

خیالی منصوبے

ہر وقت ذہن میں خیالی منصوبوں کا روحانی علاج یہ ہے کہ صبح نہار منہ اور شام کے وقت اکیس مرتبہ سورہ نجم کی آیات ۲۵، ۲۶ اول آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھ کر سرخ شعاعوں سے تیار کردہ پانی ایک ایک پیالی پیئیں۔

شفاء مرض

یا سلام ۱۱۱ بار پڑھ کر بیمار پر دم کرنے سے انشاء اللہ عزوجل شفا حاصل ہوگی۔

غم کا علاج

یا مھیمن ۲۹ بار روزانہ جو کوئی غمزدہ پڑھ لے ان شاء اللہ مشکل آسان ہوگی۔

دل کا زنگ و میلی دور کرنا

یا فتاح ۷۰ بار روزانہ نماز فجر دونوں ہاتھ سینے پر رکھ کر جو پڑھے گا انشاء اللہ اس کے دل کا زنگ و میل دور ہو جائے گا۔

رُوحانی علاج

حل مشکلات کے لیے ایک بہترین دعا

یَا رَبِّ اَنْتَ مُحَمَّدِیْ وَمِنْکَ مَدَدِیْ وَعَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ

صدقہ دے، جمعہ کی رات ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود گیارہ گیارہ مرتبہ اللھم صل علی محمد وآلہ وعترتہ بعد کل معلوم لک پھر ۱۵،۱۵ مرتبہ مندرجہ بالا درود شریف کے ساتھ پڑھتے رہیں۔

سر کے جملہ امراض کا علاج

ہر فرض نماز کے بعد دایاں ہاتھ پیشانی پر رکھ کر گیارہ مرتبہ ایک سانس میں پڑھیں، یا نور، یہ آنکھوں کے ہر مرض کے لیے کافی وشافی ہے اور اس سے نظر بالکل صحیح ہو جاتی ہے۔

سر کی حفاظت اور ذہانت کا مجرب عمل

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں۔
یا حافظ یا حفیظ، یہ سر کی حفاظت اور ذہانت کے لیے مجرب ہے ان دونوں الفاظ کا ایک سانس میں پڑھنا ضروری نہیں ہے۔

اہل خاندان کی باہمی محبت کے لیے

سورہ آل عمران (آیت نمبر ۸۳) اور سورہ انفال آیت نمبر ۶۲ اور ۶۳ مندرجہ ذیل آیات کے ساتھ یہ بھی ملالیں۔
یَا رَحْمٰنَ کُلِّ شَیْءٍ وَرَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ.
یہ روزانہ اکتالیس بار پڑھیں یا کھانے پینے کی اشیاء پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں سب گھر والوں کو کھلائیں پلائیں۔

غصہ اور ہائی بلڈ پریشر کا علاج

اللھم صل علی محمد وآلہ محمد بَعْدَ کُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ
جمعرات کی رات ایک ہزار بوقت ضرورت گیارہ مرتبہ۔

نسخہ استقامت

وربطنا علی قلوبھم.
(سورہ الکہف ۱۴) ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں یہ ذکر، عبادت تلاوت اور دیگر دینی امور میں دل جمعی اور استقامت کے لیے مفید ہے۔

بے خوابی کا علاج

وتحسبھم ایقاظا وھم رقود.
(الکہف ۱۸) گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کریں اور پھر ہاتھ کو دل پر پھیر دیں اور سنت طریقے کے مطابق لیٹ جائے انشاء اللہ خواب نیند آئے گی فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھیں ہر مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور پوری سورت ایک سانس میں پڑھیں۔

حافظہ مضبوط کرنے کے لیے

یا قوی جو ہر روز پانچوں نمازوں کے بعد سیدھے ہاتھ کو سر پر یا ماتھے پر رکھ کر پڑھے گا اس کا حافظہ انشاء اللہ مضبوط ہوگا۔

مراد کس طرح پوری ہو

یا رافع ۲۰ بار روزانہ جو پڑھ لے گا انشاء اللہ اس کی مراد پوری ہوگی۔

محتاجی سے محفوظ

یا حکیم ۸۰ بار روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد پڑھ لیا کرے انشاء اللہ عزوجل کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

آفت سے پناہ

یا وکیل سات بار روزانہ عصر کے وقت جو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ عزوجل آفت سے پناہ پائے گا۔

وظیفہ کاملہ

یا مجی سات بار پڑھ کر گیس ہو یا پیٹ میں کسی بھی جگہ درد ہو یا کسی عضو کے ضائع ہو جانے کا خوف ہو اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

کھانے سے علاج

یا ماجد دس بار پڑھ کر شربت پر دم کر کے جو پی لیا کرے انشاء اللہ بیمار نہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

طلاق

مولانا سید رضا حسین شیرازی (کلیوال سیداں گجرات)

اگرچہ اسلام کی نظر میں طلاق ایک جائز اور شرعی امر ہے لیکن اس کے ساتھ اس کو بدترین اور نہایت ناپسندیدہ فعل قرار دیا گیا ہے امام جعفر صادق فرماتے ہیں شادی کیجئے لیکن طلاق نہ دیجئے کیونکہ طلاق واقع ہونے سے عرش لرز جاتا ہے حضرت امام جعفر صادقؑ یہ بھی فرماتے ہیں خداوند عالم اس گھر کو دوست رکھتا ہے جہاں شادی انجام پائے اور ایسے گھر کو ناپسند کرتا ہے جہاں طلاق دی جائے خدا کے نزدیک سب سے زیادہ قابل نفرت اور ناپسندیدہ چیز طلاق ہے۔

شادی کرنا، جوتا اور موزہ خریدنا نہیں ہے کہ جب دل بھر گیا اٹھا لے پھینک دیا اور دوسرا جوتا خرید لیا شادی ایک مقدس انسانی عہد و پیمان اور معنوی ملن ہے دو انسان باہم عہد و پیمان کرتے ہیں کہ آخر عمر تک ایک دوسرے کے مددگار و مونس و غم خوار رہیں گے اسی مقدس عہد پر بھروسہ کر کے لڑکی اپنے ماں باپ اور رشتہ داروں کو چھوڑ کر سینکڑوں آرزوؤں کے ساتھ شوہر کے گھر میں قدم رکھتی ہے اور اپنی عفت و عصمت کو اس کے حوالے کر دیتی ہے اس ملکوتی عہد پر اعتماد کر کے مرد عقد شادی اور ضروریات زندگی کو فراہم کرنے کے لیے بہت زیادہ خرچہ کرتا ہے۔ اور شب و روز اپنے خاندان کے آرام و آسائش کے لیے زحمت اٹھاتا ہے شادی کوئی ہوس بازی یا کھیل تماشہ نہیں ہے کہ مرد یا عورت کوئی معمولی بہانہ کر کے اس کو توڑ ڈالیں۔

یہ درست ہے کہ طلاق کو جائز قرار دیا گیا ہے لیکن اسلام کی مقدس شرع میں اس کی سختی سے ممانعت کی گئی ہے افسوس کہ اسلامی ممالک میں یہ گھناؤنی چیز اس قدر رائج ہوگئی ہے کہ اس نے خاندانوں کی بنیادوں کو متزلزل کر کے ازدواجی زندگی کے اعتماد کو سلب کر لیا ہے۔ طلاق جائز ہے لیکن بے حد ناگزیر مواقع ہے علاوہ اس سے استفادہ نہیں کرنا چاہیے پیغمبر اسلام کا فرمان ہے کہ مجھ سے جبرائیل امین نے عورتوں کے بارے میں اس قدر تاکید کی ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ سوائے اس موقع پر کہ وہ زنا کی مرتکب ہوئی ہو انہیں ہرگز طلاق نہیں دینی چاہیے۔

ہمارے معاشرے میں جو طلاقیں انجام پاتی ہیں ان میں اکثر کے اسباب و علل بے بنیاد اور ناقابل توجہ ہوتے ہیں بلکہ اکثر بچگانہ بہانوں اور میاں بیوی کی ضد کے نتیجے میں انجام پاتی ہیں اور نہایت چھوٹی چھوٹی اور غیر اہم باتوں کی خاطر شادی شدہ زندگی کا شیرازہ بکھر جاتا ہے لیکن میاں بیوی اپنی نادانی اور خودغرضی سے ایک نہایت معمولی بات کو اس قدر بڑا بنا دیتے ہیں کہ مفاہمت اور سمجھوتہ ناممکن ہو جاتا ہے ذیل کے واقعات پر توجہ فرمائیے۔

ایک ۲۴ سالہ خاتون......اپنے شوہر سے فرمائش کرتی ہے کہ اس کے ماں باپ کو شاندار دعوت دے چونکہ اس کی یہ فرمائش پوری نہیں کرتا اس لیے طلاق کا مطالبہ کرتی ہے۔

ایک مرد اس سبب سے کہ اس کی بیوی کے یہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں پانچ بچوں کے ہوتے ہوئے طلاق دے دیتا ہے۔

ایک عورت اس بناء پر طلاق کا تقاضہ کرتی ہے کہ اس کا شوہر عارف قسم کا ہے اور زندگی میں دلچسپی نہیں لیتا۔

ایک مرد ایک دولت مند خاتون سے شادی کرنا چاہتا ہے اس لیے اپنی بیوی کو طلاق دینے کی درخواست کرتا ہے۔

ایک عورت اس وجہ سے کہ اس کے شوہر نے اپنے کوٹ کی آستین میں روپیہ چھپا رکھا تھا علیحدگی کا مطالبہ کرتی ہے۔

ایک شخص اپنی بیوی کو منحوس کہہ کر طلاق دے دیتا ہے کیونکہ شادی کے بعد اس کے باپ کا انتقال ہو گیا اور اس کے ماموں کا دیوالیہ نکل گیا۔

اکثر طلاقیں اسی قسم کی معمولی اور غیر اہم باتوں کی بنیاد پر انجام پاتی ہیں اگر میاں بیوی انجام کار کے متعلق غور کریں تو اس منحوس چیز سے پرہیز کریں جو میاں بیوی علیحدہ ہونا چاہتے ہوں انہیں چاہیے کہ جلد بازی سے کام نہ لیں بہتر ہے کہ پہلے اس کے نتائج اور اپنے مستقبل کے بارے میں خوب غور و فکر کریں اس کے بعد فیصلہ کریں خاص طور پر ان دو باتوں کے متعلق اچھی طرح غور و فکر کرنا چاہیے۔

جو میاں علیحدہ ہونا چاہتے ہیں یقیناً بعد میں دوسری شادی کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں گے مرد سوچتا ہے کہ اس بیوی کو طلاق دے کر اپنی پسند کے مطابق دوسری عورت سے شادی کر لوں گا عورت بھی یہی سوچتی ہے کہ شوہر سے طلاق حاصل کر کے ایک آئیڈیل مرد سے شادی کر لوں گی لیکن ان میاں بیوی کو یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ علیحدہ ہونے کی صورت میں وہ بدنامی کا شکار ہو جائیں گے ہوس باز، خودغرض اور بے وفا مشہور ہوں گے مرد جس لڑکی کو شادی کا پیغام بھجوائے تحقیق کے بعد اس کے گھر والوں کو معلوم ہو جائے گا اس نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے اور اسی سبب سے اس کا کردار مشکوک ہو جائے گا وہ لوگ سوچیں گے یا تو یہ آدمی اچھا نہیں جس کے سبب اس کی بیوی نے طلاق لے لی ہے یا اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وفادار نہیں ہے۔

جو عورت اپنے شوہر سے طلاق لیتی ہے اس کو جاننا چاہیے کہ دوسری شادی میں اس کو بہت ہی مشکلات پیش آئیں گی کیونکہ لوگ سوچتے ہیں کہ عورت وفادار اور نیک ہوتی تو اپنے شوہر سے طلاق نہ لیتی۔

اس لئے مرد عورت دونوں کو دوسری شادی کرنے میں بہت سی رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ مرد لاچار بقیہ ساری عمر تنہا اور پریشان زندگی گزارنے پر مجبور ہو جاتا ہے اور عورت بھی مجبوراً ساری عمر ماں باپ یا دوسرے رشتہ داروں کے سر پر پڑی رہتی ہے یا بغیر کسی ہمدرد کے تنہا زندگی گزارتی ہے تنہا زندگی بہت دشوار اور تھکا دینے والی ہوتی ہے کبھی کبھی تو یہ تنہائی انسان کو ڈس لیتی ہے اور انسان ایسی زندگی پر موت کو ترجیح دیتا ہے اور اکثر خودکشی کر ڈالتا ہے۔

ایک ۲۲ سالہ جوان عورت جو ایک بچہ ہو جانے کے باوجود طلاق لے کر اپنے باپ کے گھر چلی آئی تھی، اپنی بہن کی شادی کی رات خودکشی کر ڈالتی ہے۔

Scanned with CamScanner

فرض کیجئے کہ مرد بہت زیادہ مالی نقصانات برداشت کرکے اور سعی بسیار کے بعد دوسری شادی کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے لیکن کیا معلوم دوسری بیوی سے پہلی بیوی بہتر ہوگی یا نہیں بلکہ اکثر انجام کار بدتر ہوتا ہے اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ دوسری شادی بھی ناکام ہوتی ہے اور اگر امکان صورت پیدا ہوگئی تو دوسری بیوی کو طلاق دے کر پہلی بیوی سے صلح کر لیتا ہے۔

ایک ۸۰ سالہ مرد نے عدالت میں بتایا تقریباً ساٹھ سال قبل میں نے ایک عورت سے شادی کی تھی میری زندگی پرسکون تھی لیکن کچھ مدت کے بعد اپنی بیوی کے ناروا سلوک سے ناراض ہو کر میں نے اسے طلاق دے دی ہے اس دوران میں نے ۹۷ مختلف عورتوں سے نکاح اور متعہ کئے اور طلاقیں دیں کافی عرصہ بعد میں نے محسوس کیا کہ میری پہلی بیوی ان سب سے زیادہ وفادار تھی بہت کوشش کے بعد میں نے اسے ڈھونڈ نکالا چونکہ وہ بھی میری طرح تنہائی سے تھک چکی تھی اس لیے ہم دونوں نے پھر سے شادی کرنے پر رضامند ہو گے۔

ایک شخص نے اپنی دوسری بیوی کو طلاق دے دی کیونکہ دوسری بیوی اس کی پہلی بیوی سے ہونے والے اس کے دو بچوں کی نگہداشت نہیں کر سکتی تھی اور اپنی پہلی بیوی سے جسے اس نے پانچ سال قبل طلاق دے دی تھی پھر سے شادی کر لی۔

جو میاں بیوی علیحدہ ہونے کی فکر میں ہیں اگر بال بچے والے ہیں تو انہیں اس اہم اور حساس مسئلہ پر بھی غور کرنا چاہیے بچوں کی خوشی اور بھلائی اس میں ہوتی ہے کہ ماں باپ دونوں ساتھ رہیں تاکہ وہ باپ کے سائے اور ماں کی شفیق آغوش میں پرورش پائیں اگر اس مشترک زندگی کے تانے بانے بکھر جاتے ہیں تو بچوں کی امیدوں کے محل چکنا چور ہو جاتے ہیں ان کی خوشی و مسرت کا خاتمہ ہو جاتا ہے اگر باپ ان کی پرورش کی ذمہ داری نے لے تو ماں کے بے لوث محبت و ممتا سے محروم ہو جاتے ہیں اور اکثر اوقات سوتیلی ماں سے واسطہ پڑتا ہے تو سوتیلی ماؤں کا سلوک عام طور پر اچھا نہیں ہوتا وہ اپنی سوت کے بچے کو اپنے اوپر ایک بوجھ سمجھتی ہیں لہٰذا اکثر سوتیلی مائیں بچوں کو بہت اذیت و آزار پہنچاتی ہیں باپ کے پاس سوائے صبر و خاموشی کے اور کوئی چارہ نہیں ہوتا ہے۔

ایک چودہ سالہ دلہن نے اقدام خودکشی کے بعد ہسپتال میں بتایا میں ایک سال کی تھی جب میرے ماں باپ علیحدہ ہو گئے اور جیسا کہ میں نے سنا ہے میرے باپ نے ڈیڑھ سال بعد دوسری شادی کر لی اور اب بھی دونوں باہم زندگی گزار رہے ہیں میری سوتیلی ماں مجھ کو بہت مارتی، پیٹتی تھی یہاں تک کہ اس نے کئی بار کباب بنانے والی لوہے کی سیخ سے میرے جسم کو جلایا اگرچہ میرے باپ کی مالی حالت اچھی تھی لیکن انہوں نے مجھے سکول جانے نہ دیا میں ہمیشہ سکول اور کتابوں کی حسرت میں گھٹتی رہی ایک ماہ قبل میرے باپ نے زبردستی میرا نکاح ایک ۵۴ سالہ مرد سے کر دیا ہے۔

ایک تیرہ سالہ لڑکی نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی۔ یہ لڑکی اپنے دو بھائیوں کے ساتھ رہتی تھی اس کے بھائی نے بتایا میرے ماں باپ تین سال قبل علیحدہ ہو گئے تھے میری ماں نے ایک اور مرد سے شادی کر لی اور دو مہینے قبل میرے باپ کا انتقال ہو گیا میں کل شام ساڑھے چھ بجے جب گھر واپس آیا تو مجھے معلوم ہوا کہ میری بہن نے گلے میں رسی ڈال کر خودکشی کر لی ہے۔

اگر بچوں کی سرپرستی ماں کے ذمے ہوتی ہے تو معصوم بچے باپ کی سرپرستی اور محبت سے محروم ہو جاتے ہیں اکثر اوقات سوتیلے باپ کے ظلم و ستم کا نشانہ بنتے ہیں ایک ماں نے اپنے شوہر کی مدد سے اپنے آٹھ سالہ بچے کے ہاتھ پاؤں پلنگ میں باندھ دیئے اور کمرے کا دروازہ بند کر کے باہر گھومنے چلی گئی جب وہ لوگ واپس لوٹے تو دیکھا کہ کمرے میں آگ لگ گئی تھی اور بچہ جل کر ختم ہو چکا تھا۔

طلاق خاندان کے محبت بھرے مرکز کو درہم برہم کر دیتی ہے اس خاندان کے بچے لاوارث اور خانماں برباد ہوتے ہیں کبھی کبھی ماں باپ اپنی خودغرضی اور ضد میں آ کر ان بے گناہ معصوم بچوں کو یونہی لاوارث چھوڑ دیتے ہیں۔

۴، ۶، ۹، ۱۲ سال کی عمر کے چار بچے آوارہ اور سرگرداں اور پریشان ایک پولیس چوکی میں گئے بڑے بچے نے بتایا کہ ہمارے ماں باپ میں مسلسل لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا تھا کچھ دن قبل دونوں علیحدہ ہو گئے اور ان میں سے کوئی بھی ہم لوگوں کی سرپرستی قبول کرنے کو تیار نہیں ہے۔

جن معصوم بچوں کا کوئی سرپرست نہ رہے اور ان کی کوئی جائے پناہ نہ ہو تو ایسے بچے زیادہ تر آوارہ اور بدمعاش بن جاتے ہیں ان کی نفسیاتی الجھنیں انہیں بچپن سے ہی یا بڑے ہونے کے بعد چوری، ڈکیتی، مارپیٹ اور قتل و غارت جیسے جرائم میں مبتلا کر دیتی ہیں اخبار و رسائل میں ہمیں ایسے مجرموں کی خبریں برابر پڑھنے کو ملتی ہیں اخبار اطلاعات لکھتا ہے کہ بچوں کی اصلاح و تربیت کے مرکز میں تحقیق کرنے سے معلوم ہوا کہ اس مرکز کے ایک سو ۱۰۰ مجرم جوانوں میں سے اسی افراد کی مائیں سوتیلی تھیں اور ان کے کہنے کے مطابق ان کی گمراہی اور بے راہ روی کا سبب ان کی سوتیلی ماؤں کا ظلم و ستم، سختیاں اور برا سلوک تھا۔

برادر عزیز اور خواہر گرامی! خدا کی خوشنودی اور اپنے معصوم بچوں کی خاطر ایثار و فداکاری سے کام لیجئے جو کچھ اب تک ہوا ہے اسے بھول جائیے بہانے نہ تلاش کیجئے ہوس بازی سے دستبردار ہو جائیے ایک دوسرے کے معمولی عیوب اور کاموں کو نظر انداز کیجئے باہمی کشمکش اور ہٹ دھرمی چھوڑ دیجئے اپنے اور اپنے معصوم بچوں کے انجام کے بارے میں خوب اچھی طرح غور و فکر کیجئے یہ بے چارے تو بے قصور ہیں۔

ان کی مسکین افسردہ صورتوں اور حسرت بھری نگاہوں پر ترس کھائیے یہ معصوم آپ سے اس بات کی توقع رکھتے ہیں کہ آپ ان کے آشیانے یعنی خاندان کے پرخلوص مرکز کو درہم برہم نہ ہونے دیں گے اور ان کے بے بال و پر کے چوزوں کو سرگرداں اور بے خانماں نہ کریں گے۔

اگر آپ نے ان کی دلی خواہشات و جذبات کو نظر انداز کر دیا تو ان کے ننھے ننھے دل ٹوٹ جائیں گے اور ان کے نالہ و فغاں بے اثر نہ ہوں گے اور آپ کبھی بھی خوشی و اطمینان محسوس نہ کر سکیں۔

اسم اعظم "اللہ" کے فضائل و برکات

تحقیق و کاوش
ڈاکٹر مرید عباس چوہان (عامل روحانی)
دار الروحانیت کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ پنجاب پاکستان
فون:066-2241973
موبائل:0300-6780277
E-mall:murred-abbas66@hormall.com

لا رطب و لا یابس فی کتاب مبین۔

انما یتقبل اللہ من المتقین۔

قارئین کرام السلام علیکم!

گذشتہ کئی سالوں سے دنیا میرے روحانی علمی تحقیقی جفری مضامین پڑھ رہی ہے میری ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ میں اپنے قارئین کو کسی الجھن میں ڈالے بغیر سادہ لفظوں میں اپنا مدعا بیان کر دوں تا کہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور کم پڑھا لکھا یکساں مستفید ہوں بغیر کسی تمہید کے اپنے موضوع کی طرف آتا ہوں اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم اپنے رب اللہ جل شانہ کی اجازت اور حکم کے بغیر سانس بھی نہیں لے سکتے جائیکہ ہم کسی مہم جوئی کی بات کریں۔

اسم اللہ اس پوری کائنات کا احاطہ کرتا ہے جس کی تعریف اور فضائل انسانی عقل اور علم کے بس کا روگ نہیں چونکہ رب کائنات لامحدود ہے اور اس کے کسی اسم کے فضائل بیان کرنا بھی لامحدود ہوگا البتہ انسانی محدود علم کی روشنی میں یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ آپ دینی و دنیاوی تمام مصائب و مشکلات اور مسائل کو اس پاک و طاہر بابرکت اسم اعظم سے حل کر سکتے ہیں میں آپ کی توجہ قرآن مجید کی سورہ انعام کی آیت نمبر ۱۲۴ کی طرف مبذول کرانا چاہ رہا ہوں یہاں اسم اعظم "اللہ" دو مرتبہ متصل آیا ہے۔

واذاجاء تھم ایۃ قالو الن نومن من حتی نوتی مثل ماوتی رسل اللہ اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ سیصب الذین اجرموا اصغار عنداللہ وعذاب شدید بما کانو یمکرون۔

آپ کسی بھی نوعیت کے مسئلہ سے دوچار ہوں قرآن مجید کی اس آیت پاک سے اور اس کی لوح مبارکہ سے بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں اولاد اور رشتہ کی بندش، سحر و جادو، معاملات التواء کا شکار، رکاوٹیں، مقدمات، قرض، تنازعات، طلاق، علیحدگی، کند ذہنی، ناکامی، دماغی امراض، جنات، جسمانی عارضہ، حصول ویزہ میں مشکلات، بچوں کا گمراہ ہونا، رزق کی تنگی، حصول اعلیٰ تعلیم، حصول ملازمت، اٹھرا، و دیگر بے شمار دنیاوی مسائل کا حل اسی آیت مبارکہ سے ممکن ہے۔

آخر میں اس آیت کا عمل خاص اور لوح مبارکہ کا عکس پیش کیا جاتا ہے آپ اس سے فائدہ اٹھائیں۔

عمل نوچندی جمعرات کو شروع کریں اور ۴۰ یوم بلا ناغہ مکمل کریں۔ دوران عمل لوح مبارکہ مصلے پر اپنے سامنے رکھ کر بیٹھیں۔ آخر میں عمل کے اختتام پر دعا مانگ کر لوح مبارکہ پر پھونک ماریں اور واپس لوح کو محفوظ جگہ پر رکھ دیں جب آیت ورد کریں تو اللہ پر رک کر اپنی حاجت بیان کریں اور بقیہ آیت مکمل کریں۔

ترکیب عمل:

۱۔ درود شریف ۱۰۱ مرتبہ۔
۲۔ الحمد شریف ۷ مرتبہ۔
۳۔ آیت الکرسی ۷ مرتبہ۔
۴۔ چاروں قل، ۷۔۷ مرتبہ۔
۵۔ آیت مبارکہ، ۷ مرتبہ۔
۶۔ درود شریف ۱۰۱ مرتبہ۔



لوح مبارکہ شرف قمر یا کسی سعد ستارے کی سعد نظرات میں چاندی پر تیار کریں متعلقہ ستارے کا بخور جلائیں یاد رکھیں لوح مبارکہ حروف تہجی باموکل زکات کا عامل ہی تیار کر سکے گا بصورت دیگر رجعت کا خطرہ ہے اگر کوئی خود تیار نہ کر سکے تو مجھ سے یہ لوح تیار کرا سکتا ہے تفصیل جاننے کے ہمراہ جوابی لفافہ روانہ کریں۔

☆☆☆

خواب کے متعلق اہم باتیں

اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہوتا ہے اور برا خواب شیطان کی جانب سے اور جب مکروہ خواب دیکھے تو حق تعالیٰ سے اس خواب کے شر اور شیطان کے فتنہ سے پناہ مانگے پھر حضور ﷺ نے فرمایا جب کوئی شخص مکروہ خواب دیکھے تو تین مرتبہ بائیں طرف منہ کر کے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگے اور اس کروٹ کو بدل ڈالے جس پر خواب دیکھنے کا وقت پڑا تھا۔

برا خواب بیان کرنے کی اس لئے ممانعت کی گئی ہے کہ جیسی کوئی تعبیر دیتا ہے بتقدیر الٰہی ویسا ہی وقوع پذیر ہوتا ہے۔ تعبیر کیلئے اپنا خواب صالح یا عالم باعمل یا صاحب دل ذی رائے کے سوا کسی سے بیان نہ کرنا چاہئے کیونکہ یہ لوگ خواب کو حتی الامکان نیکی پر محمول کر کے اس کی اچھی تعبیر دیں گے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا چار قسم کے لوگوں سے تعبیر پوچھنا منع ہے۔ ☆ بے دین لوگوں سے ☆ عورتوں سے ☆ جاہلوں سے ☆ دشمنوں سے۔

تعبیر خواب

ہر مومن کو ہمیشہ طہارت کے ساتھ بالخصوص باوضو سونا چاہئے، حدیث میں ہے کہ اس طرح اس کی تمام رات عبادت لکھی جائے گی۔ سوتے وقت ذکر خدا سے ہرگز غفلت نہ کرے کلمہ شہادت ضرور پڑھے۔ تسبیح فاطمۃ الزہراؑ ہرگز ترک نہ کرے۔ سورۃ توحید پڑھے۔ منہ کے بل ہرگز نہ سوئے چت یا دہنی کروٹ سوئے اول شب یا دن کا خواب بے اثر ہے بعد نصف شب بلکہ جس قدر نماز فجر کے وقت کے قریب ہو خواب میں حقیقت تاثیر زیادہ رہتی ہے اچھا خواب دیکھ کر بیدار ہونے کے بعد حتی الامکان جاگتا رہے۔ حضرت امام محمد باقرؑ سے منقول ہے کہ اپنا خواب صرف اس مومن سے بیان کرو جس کا دل حسد و عداوت سے خالی ہو۔ اور وہ نفس سرکش کا تابعدار نہ ہو جن مومنین کو علم لدنیا کی کتابوں پر عبور حاصل ہے اور یہی ان کا روزمرہ کا مشغلہ ہے۔ یہ تعبیر خواب بیان کرتے ہیں کچھ نہ کچھ دسترس رکھتے ہیں روایات میں ہے کہ انسان اپنا خواب ہر کسی کو نہ سناتا پھرے کتاب خلاصہ الاذکار میں ہے کہ سیدہ عالیہ فاطمہ الزاہر علیہا السلام سے روایت ہے کہ ایک رات میں جامعہ خواب پہن چکی تھی اور سونا چاہتی تھی کہ جناب رسولؐ خدا میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا اے بیٹی فاطمہؑ جب تک یہ چار عمل نہ کر لیجئے نہ سوئیے۔ ختم قرآن کیجئے، تمام پیغمبروں کو اپنا شفیع بنائے۔ تمام مومنین کو اپنی طرف سے خوش کیجئے اور حج اور عمرہ کر لیجئے۔ پس پیغمبرؐ فرما کر نماز میں مشغول ہو گئے اور میں نے ان کے نماز ختم کرنے تک توقف کیا آپ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ آپ نے جن چار چیزوں کا حکم دیا ہے بظاہر تو میں اس وقت کے بجالانے پر قدرت نہیں رکھتی۔ آنحضورؐ متبسم ہوئے اور فرمایا بیٹی جب آپ سورۃ قل ہو اللہ احد تین مرتبہ پڑھیں گے تو گویا آپ نے قرآن مجید ختم کر لیا اور جب آپ مجھ پر اور مجھ سے پہلے پیغمبروں پر صلوات پڑھیں گی اللھم صلی علی محمد وال محمد وصل علی جمیع الانبیاء والمرسلین تو تمام پیغمبر روز قیامت آپ کے شفیع ہوں گے اور بیٹی جب آپ مومنین کے لئے استغفار کریں گے۔ اللھم اغفر لمومنین والمومنات تو تمام مومنین آپ سے خوش ہوں گے اور بیٹی جب آپ سبحان اللہ و الحمد اللہ والا الہ الا اللہ واللہ اکبر تسبیحات اربعہ پڑھیں گی تو گویا آپ نے حج اور عمرہ کر لیا۔ سبحان اللہ ہمارے لئے سونے سے قبل بجالانے والا کتنا آسان مختصر ثواب عظیم کا حامل اور بلا قیمت عملی درس ہے۔

مجلس عزا

قدیم ترین مجلس عزا

مورخہ (۹) محرم الحرام

جس میں ملک کے نامور علماء و ذاکرین

صبح تا شام خطاب فرمائیں گے۔

لنگر حسینی کا خاطر خواہ انتظام ہوگا شرکت کی اپیل ہے۔

بانی مجلس عزا

جناب سید شبیر حسین نقوی

کوٹیاں سیداں سرائے عالمگیر

Ph:0544-653145

خواب اور تعبیر

خواب	تعبیر
آئمہ طاہرین کو دیکھنا	کامل ایمان کی زیارت
انگوٹھی پہننا	عورت حسین سے ملاقات
آگ دیکھنا	مالی نقصان
انڈہ دیکھنا	رزق میں شادگی
آسمان کی طرف اُڑنا	سفر دور دراز ہو
آبِ رواں دیکھنا	ہر کام بخوبی ہوگا
آنکھ میں سرمہ لگانا	بیماری سے تکلیف ہو
اذان کی آواز سننا	عزت و شہرت بڑھے
آندھی دیکھنا	سفر و رنج پیش آئے
آگ پر کچھ پکانا	کاروبار میں نقصان
اسپ سوار دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
استغفار پڑھنا	مقاصد میں کامیابی
اونچی جگہ سے گرنا	حیرانی و پریشانی
آم کھانا	صاحب اولاد ہو
اونٹ دیکھنا	دولت ملے
اونٹ پر سوار ہونا	امراض گھٹنا
بال بکھرے دیکھنا	مال کا نقصان ہو
برات دیکھنا	رنج ہونا
برف گرتے دیکھنا	موسم خراب ہونا
بازو اپنا کٹا دیکھنا	برادر کا انتقال ہو
بارش دیکھنا	غلہ ارزاں ہوگا
بال سفید دیکھنا	طول عمر کی خبر
بانسری بجانا	پریشانی ہو
انبیاء سلف کو دیکھنا	دولت نعمت عزت و شرف پائے
چہاردہ معصومین کو دیکھنا	دین ایمان دولت ملے
آسمان دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
آفتاب دیکھنا	دولت عزت پائے
برچھا دیکھنا	ترقی مال و دولت ملے
صاف پانی دیکھنا	ترقی عام دولت ملے
آئینہ دیکھنا	رزق ملے
آواز اذان سننا	دنیا میں شہرت ملے
نگینہ گم ہونا	ترقی میں رکاوٹ کی نشانی
باغ و بستان دیکھنا	دولت کی ترقی
بلند عمارت دیکھنا	عزت فائدہ حاصل ہو
بھینس کو دیکھنا	عبادت میں سستی کی نشانی
گائے کا بچھڑا دیکھنا	راحت و آرام ملے
اپنے کو بیمار دیکھنا	راحت و آرام ملے
پیالے میں بچا پانی دیکھنا	عزت باز اعظم دور ہو
تالاب میں نہانا	عزت باز اعظم دور ہو
تخت پر بیٹھنا	دولت عزت ملے
جنگل سوکھا دیکھنا	خوشی فرحت ہو
جنگل کو سبز دیکھنا	خوشی فرحت ہو
اولیاء کو دیکھنا	زیادتی اقبال کی دلیل

خواب	تعبیر
بچھو دیکھنا	عزت زیادہ ہو
بلبل دیکھنا	کاروبار میں نفع ہو
بجلی چمکتے دیکھنا	مال دار ہونا
بادام کھانا	دولت ملنا
بھیڑیا دیکھنا	حاکم سے خوف
بھینس دیکھنا	مشکل پیش آئے
بھیک مانگنا	عزت ملنا
بلی دیکھنا	رزق میں وسعت
بندر دیکھنا	کسی بیماری کا مقابلہ
بڑی عمارت دیکھنا	غم دور ہو دولت ملے
بکری خریدنا	قوم کی سرداری ملے
پہاڑ جلتے دیکھنا	مرتبہ بلند ہونا
پیاس لگنا	کسی حکمران کا مرنا
پہاڑ پر پھرنا	حرص زیادہ ہونا
پانی پینا	ترقی جاہ و جلال ہو
پل صراط سے گزرنا	کشائش روزگار
پنجرہ دیکھنا	رنج و غم سے نجات
پل پر چلنا	رنج اٹھانا
پوری کھانا	کار نیک کرنا
پھول دیکھنا	خوشی ہو
پان کھانا	محبت میں مبتلا ہو
پاؤں زمین پر مارنا	کسی عورت کا وصل
پارہ ہاتھ میں اٹھانا	رنج و تکلیف ہونا
پستان دیکھنا	دولت ہاتھ آئے
پنجہ دیکھنا	مال و دولت ملے
پیشاب خون کرنا	پریشانی ہو/رنج و تکلیف ملے
چراغ روشن دیکھنا	اولاد سے فائدہ ملے
حوض میں نہانا	رنج تکلیف ہو
خوشہ درخت میں نکلنا	دولت سے مالا مال ہو
خون دیکھنا	مال حرام ملے
دروازہ کھلا دیکھنا	روزی زیادہ
روپیہ دیکھنا	حاکم سے دولت
روٹی کھانا	صدقہ سے نجات
زراعت کرنا	نیک عورت سے نفع حاصل
زاہد و عالم کو دیکھنا	نیک کردار ہونے کی علامت
زندہ کو مردہ دیکھنا	نیک کردار ہونے کی علامت
زمین پر عمارت بنانا	شادی ہو اولاد پیدا ہو
ستارہ دیکھنا	عزت ملے، خوشی ہو
سورج دیکھنا	مال و دولت زیادہ ہو
ستارہ گرتے دیکھنا	نقصان ہو
شراب پینا	مال حرام ملے
شمع دیکھنا	ترقی مال ہے
شربت پینا	عمر دراز ہو

خواب اور تعبیر

خواب	تعبیر
تعزیہ دیکھنا	حج و زیارت سے مشرف ہونا
تسبیح میں مشغول ہونا	عبادت گزار ہونا
تربوز کھانا	عزت میں اضافہ
تکیہ پانا	بزرگی کی نشانی
تعویذ لینا	آسیب میں مبتلا
تبسم کرنا	رنج و غم ہونا عمر دراز ہو
تابوت اپنا دیکھنا	دلی مراد آنا
تیر چلانا	اقبال بلند ہونا
ستیتر دیکھنا	مشکل پیش آنا
تاریک جگہ دیکھنا	مرض میں مبتلا ہونا
تیل پینا	دشمن مغلوب ہو
توپ دیکھنا	پریشانی ہونا
تھوک دیکھنا	پریشانی ہونا
تار کھینچنا	بے انداز دولت ملنا
ٹوپی سر پر دیکھنا	آسودہ حالی ہونا
ٹاٹ کا فرش دیکھنا	خوشی کی علامت
ٹیلہ دیکھنا	مصیبت سے رہائی
جنگل میں دوڑنا	جگہ تبدیل کرے
جہاد میں چڑھنا	سفر دور کا پیش آئے
جنازہ دیکھنا	بیماری سے نجات
جواہرات دیکھنا	حصول مراد ہونا
جنگ کرنا	خوشی ملے
جوتا گم ہونا	بیوی سے جدائی
مردہ کو کچھ دینا	فائدہ حاصل ہو
نوکر آسمان پر دیکھنا	صلح ہو جائے
نماز پڑھنا	دولت دنیا دین ملے
نمک دیکھنا	شفاء پائے
نکاح کرنا	مفلسی دور ہو
ناخن تراشنا	پریشانی دور ہو
وضو کرنا	غیب سے دولت ملے
شکر و شیریں دیکھنا	گھر خوشی ہو
صحرا دیکھنا	مشکل آسان ہو
صندل دیکھنا	نیک نامی ہو
ضیافت و عورت دیکھنا	نعمت ملے
طہارت کرنا	تندرستی حاصل ہو
ظلمت دیکھنا	افلاس میں پڑے
عورت دیکھنا	کھوئی ہوئی چیز ملے
غسل کرنا	قرض سے نجات ملے
فرشتے دیکھنا	دولت و عزت ملے
قرآن پڑھنا	خیر و برکت ملنا
قلم دیکھنا	نوکری ملے
کپڑا دیکھنا	رنج و غم سے نجات ملے

خواب	تعبیر
جوتا پہننا	نئی دلہن آئے گی
جماعت اپنی بیوی سے کرنا	سرخروئی اور عزت ملے
جامن کھانا	تکلیف دور ہونا
جالور پکڑنا	کوئی نیک کام کرے،
جانور خون بھرا دیکھنا	ترقی ہونا
جسم کے ٹکڑے دیکھنا	ترقی ہونا
جواء کھیلنا	کشائش روزگار ہو
جونک دیکھنا	بیماری میں مبتلا ہونا
چاند دیکھنا	مال مشکل سے آئے
چاند شکستہ دیکھنا	رنج ہونا
چاند گرہن دیکھنا	غلہ گراں ہو
چاندی دیکھنا	کشائش رزق ہو
چاول کھانا	رنج دور کرنا
چاہ میں گرنا	مشکل پیش آنا
چراغ دیکھنا	اولاد صاحب اقبال ہو
چیل دیکھنا	رنج و فکر ہو
چیخیں مارنا	مصیبت آنا
چڑیاں دیکھنا	قدر و منزلت میں اضافہ
حلوہ دیکھنا	درازی عمر ہونا
حاکم کو دیکھنا	عزت کی دلیل
حرم خانہ کعبہ دیکھنا	خوشی کی علامت
حجر اسود کو بوسہ دینا	دینی خوشی و بہتری
خط پڑھنا	بزرگی پانا
خرمہ کھانا	کشائش روزگار
خربوزہ کھانا	مال و دولت آنا
خاک دیکھنا	حصول دولت ہو
انار شیریں کھانا	دنیا میں خوشی ہو
انار ترش کھانا	رنج غم کو دلیل ہے
چاند دیکھنا	بزرگی حاصل ہو
چاول کھانا	رنج دور ہو
انگوٹھی گم ہو جانا	قدر و منزلت کم ہو
مرچ دیکھنا	ترقی ہو
تکیہ چبانا	آمدنی کثیر ہو
اذان کہنا	حج نصیب ہوگا
مچھلی دیکھنا	مال و دولت ملے
ٹڈی دیکھنا	آمدنی کثیر ہو
مردہ کو زندہ دیکھنا	خوشی ہو
مردہ کو دیکھنا	مال و دولت ہاتھ آئے
پل صراط دیکھنا	نیک کام کی طرف راغب ہو
برہنہ بدن دیکھنا	قرض ادا ہوگا
سر کے بال کھلے دیکھنا	عورت کیلئے شادی کی دلیل
پانی میں کھڑا ہونا	تندرستی کی دلیل

حیدری فالنامہ

کسی مشکل یا خطرے کے وقت فال دیکھنا مقصود ہو تو دل و دماغ کو حاضر کر کے اور خدا کو حاضر ناظر جان کر گیارہ مرتبہ درود شریف تین مرتبہ سورۂ الحمد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دم کر کے اس انگلی کو مندرجہ ذیل نقش معظم کے کسی حرف پر رکھنے سے پہلے دل میں اپنے مقصد کا تصور کر لے۔ جس حرف پر انگلی پڑے اسی کے آگے لکھی ہوئی عبارت پڑھ لیں۔ انشاء اللہ صحیح جواب ملے گا۔

د	ج	پ	ا
ح	ز	و	ہ
ل	ک	ی	ط
ع	س	ن	م
ر	ق	ص	ف
خ	ث	ت	ش
غ	ظ	ض	ذ

ا: فال نیک ہے کسی سے ملنے کی خواہش ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے تو نا اُمید نہ ہو کامیابی کے آثار ہیں۔

ب: فال اچھی نہیں، اگر بیماری کا سوال ہے تو مریض کے لئے خوف جان ہے یا صحت یاب ہونے میں بہت دیر ہے۔ سفر کا ارادہ ہے تو نقصان ہوگا چار ماہ بعد کامیابی کے آثار ہیں۔

ج: اس کام کی ابتداء میں بہت مشکلات میں دشمنوں سے شکست ہوگی۔ دل کا ارادہ پورا ہونے کی اُمید نہیں۔ مستقبل شاندار ہوگا مگر ابھی وقت اچھا نہیں۔

د: تمہارا ستارہ گردش سے نکل چکا ہے کامیابی کے آثار ہیں آج تم نے کسی اچھی چیز کو دیکھا ہے۔

ہ: فال نیک ہے ہر کام میں کامیابی کے آثار ہیں۔ مقدمہ ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔ بیماری ہے تو شفا ہوگی۔ سفر ہو تو مبارک ہوگا، ایک دشمن دوست کے لباس میں ہے۔

و: جلد شادی ہوگی۔ تمہارے گھر میں خوشی ہوگی، گھر میں سانپ نکلے تو مارنا نہیں ورنہ نقصان ہوگا۔

ز: عنقریب تم کسی امتحان میں کامیاب ہو گے اور تم کو ترقی ملے گی فال نیک ہے۔ مقصد پورا ہو گیا۔

ح: کسی پر بھروسہ مت کرو۔ ظاہری دوست باطن میں دشمن ہیں کچھ دن صبر کرو۔

ط: وقت ہوشیاری کا ہے کامیابی قریب ہے غفلت مت کرو۔ نحوست کے دن کچھ باقی ہیں عبادت کرتے رہو۔

ی: ابھی حالات سازگار نہیں۔ اُمید قابل اعتماد نہیں تجارت میں فائدہ ہوگا کچھ دن بعد کامیابی ہوگی۔

ک: جلدی نہ کرو بگڑے کام بن جائیں گے ایک ماہ بعد کامیابی ہے۔ سفر پر جانے والے ہو۔ آج جھگڑا کیا ہے۔

ل: ملازمت جلد ملنے والی ہے خوشی ہوگی سفر میں نقصان ہے۔

م: تمہاری بیماری کا روحانی علاج سے فائدہ ہوگا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے خیرات کرو صدقہ کرو۔

ن: جس کی ملاقات چاہتے ہو وہ جلد ملنے والا ہے حاکم سے عنقریب نفع ہوگا۔ خوشی ہوگی، کام ملے گا۔

س: فال نیک ہے مقصد میں کامیابی ہوگی تمہارا ارادہ پورا ہوگا بگڑی بنے گی۔

ع: اللہ کا نام لے کر اٹھو کامیابی منتظر ہے دشمنوں سے ہوشیار رہو کسی کا دل نہ دکھاؤ گفتگو میں احتیاط سے کام لو۔

ف: ستارہ گردش میں ہے صبر کرو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو ابھی دن اچھے نہیں کامیابی نصیب ہوگی۔

ص: یہ خیال دل سے نکال دو تھوڑے دن صبر کرو بگڑے کام بن جائیں گے۔

ق: فال نیک ہے اولاد ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا خوشی ملے گی کامیابی ہوگی۔

ر: اس خیال کو ترک کر دو۔ ستارہ گردش سے نکل چکا ہے وقت نازک ہے ابھی صبر کرو۔

ش: شکر اور صبر سے کام لو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو وہ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے۔

ت: نیک ساعت آ چکی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہتری ہوگی۔

ث: فال نیک ہے انشاء اللہ تمہاری تمنا پوری ہوگی کامیابی کی اُمید رکھو۔ بیماری بہ تصدق خاص آل عبا علیہم السلام دور ہوگی۔

خ: خداوند تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے فرمانبرداروں کی ضرور سنتا ہے۔ عبادت کرو اور خوشیاں سمیٹ لو۔

ذ: کامیابیوں کی ساعت قریب آ رہی ہے باقاعدہ نماز پڑھو۔

ض: اللہ تعالیٰ صابروں کے ساتھ ہے اس کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔

ظ: محتاط رہنے کی ضرورت ہے آیت الکرسی کا ورد کرتے رہو، انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

غ: صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے شکر اور قناعت میں بڑا فائدہ ہے۔

☆☆☆

بچے کی پرورش میں مدد کیجئے

سیدہ عطیہ بتول (جامعہ ہاشمیہ للبنات، جہلم)

بچے میاں، بیوی کی مشترکہ ازدواجی زندگی کا ثمرہ ہوتے ہیں بچے کی پیدائش میں دونوں برابر کے حصہ دار ہوتے ہیں ان کے نفع ونقصان میں دونوں شریک ہوتے ہیں لہٰذا بچے کی پرورش ونگہداشت بھی میاں بیوی کا مشترکہ فریضہ ہے نہ کہ فقط بیوی کا یہ صحیح ہے کہ مائیں نہایت محبت ورغبت کے ساتھ اپنے بچے کی پرورش کرتی ہیں اور بچے کے تمام کام نہلانا دھلانا، دودھ پلانا وغیرہ نہایت دلچسپی اور توجہ کے ساتھ انجام دیتی ہیں بچے کی دیکھ بھال اور پرورش میں ہر قسم کی تکلیف وزحمت برداشت کرتی ہیں۔

بچہ بیمار اور بے چین ہو تو ساری رات جاگ کر گزار دیتی ہیں اس کے رونے چیخنے چلانے کو برداشت کرتی ہیں لیکن شوہر کو بھی چاہیے کہ اپنی بیوی کے ایثار اور زحمات کو معمولی نہ سمجھے اور یہ نہ کہے کہ بچے کی پرورش کرنا عورت کا کام ہے۔ میری اس سلسلے میں کوئی ذمہ داری نہیں۔

برادر عزیز! یہ بات بالکل درست نہیں کہ بچہ آپ کا دونوں کا ہے اس کی دیکھ بھال بھی آپ دونوں کا مشترکہ فریضہ ہے کیا آپ محبت وجذبات سے عاری ہیں کیا انصاف ہے کہ آپ خود تو ایک کونے میں جا کر آرام کریں اور بے چاری بیوی کو تنہا اس شور اور پریشانی سے نمٹنے کے لیے چھوڑ دیں؟ کیا زنداری اور خاندان سے محبت اسی کا نام ہے اگر آپ کی بیوی سارا دن گھر کے کاموں میں مشغول رہی ہے اور تھکی ہاری ہے اگر آپ کو نیند آرہی ہوگی۔ اگر تو اس کو بھی نیند آرہی گئی اگر بچے کے رونے اور چیخنے چلانے سے آپ کے اعصاب خستہ ہو جاتے ہیں تو بے چاری ماں بھی تو پریشان ہو جاتی ہے لیکن اس کے لیے سوائے برداشت کرنے کے اور کوئی چارہ ہی نہیں ہے۔

برادر محترم! انصاف، ضمیر، اسلامی اخلاق اور رفیق زندگی کا ساتھ نبھانے کا تقاضہ یہ ہے کہ ایسے حساس موقعوں پر بچے کی نگہداشت میں بیوی کی مدد کریں یوں تو دونوں مل کر بچے کو چپ کرائیں اس کے بعد سوئیں یا کچھ دیر بچے کو آپ دیکھیں اور آپ کی بیوی سو جائے اور کچھ دیر بیوی بچے کو دیکھے اور آپ سو جائیں اگر آپ کی بیوی رات کو جاگنے کے سبب صبح کی نماز کے بعد آرام کرنا چاہیے تو آپ اس سے اس بات کی توقع نہ کریں کہ ہر روز کی مانند آپ کے لیے ناشتہ تیار کرے کیا حرج ہے کہ اگر خود چاہے اور ناشتہ تیار کر کے کھالیں اور بیوی کے لیے بھی تیار کر کے باہر جائیں جب سفر یا دعوت میں جائیں تو ضروری نہیں ہے کہ بیوی ہی سارے وقت بچے کو گود میں لئے رہے بلکہ آپ اس کام میں بھی اس سے تعاون کریں بطور مجموعی بچے کی دیکھ بھال اور پرورش میں آپ پوری طرح مدد کریں زن داری اور اسلامی اخلاق اسی کا نام ہے اور یہ چیز آپ کی زندگی کو خوشی ومسرت سے ہمکنار کرے گی۔

البتہ بہنوں سے بھی اس سلسلے میں عرض ہے کہ شوہر سے بہت زیادہ توقعات نہ رکھیں کیونکہ کسب معاش اور ضروریات زندگی کو مہیا کرنے میں اسے گوناگوں مشکلات اور زحمتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور تھکا ہارا آرام وسکون حاصل کرنے کی غرض سے گھر آتا ہے لہٰذا یہ توقع نہ کریں کہ جب وہ گھر آئے تو کپڑے تبدیل کر کے فوراً بچے اور گھر کے کاموں میں مشغول ہو جائے اس سلسلے میں ضرورت سے زیادہ اور عام حالات میں اس سے مدد کی امید نہیں رکھنی چاہیے۔

مجالس عزا

یکم تا دس محرم الحرام روزانہ صبح سات بجے

بمقام امام بارگاہ سادات، بھون روڈ چکوال

منجانب: زیدی برادران:

ایم اے پرنٹرز بھون روڈ چکوال

دارالرُوحانیت

ادارہ برائے علوم مخفی وروحانی

ڈاکٹر مرید عباس چوہان

ڈی ایچ ایم ایس، آر ایچ ایم پی

منجم، جفار، عامل روحانی، تقویم ومضمون نگار

ہاشمیہ جنتری جہلم پاکستان، امامیہ جنتری لاہور پاکستان،

نظامی جنتری لکھنؤ انڈیا، مصنف تلاش اسم اعظم (5 جلدیں)

دارالروحانیت کے روحانی تبرکات، لوح فتحنامہ علم جفر کا ایک شاہکار

زائچہ عدد، زائچہ نجوم، ازدواجی زائچہ، زائچہ پیدائش،

کاروباری زائچہ، استخراج، اسم اعظم، لوح شفاء،

لوح مراد، لوح ناد علی، لوح اسم اعظم، لوح طلسمات ہفت سیارگان۔

الواح وطلسمات شرفات کواکب، لوح تسخیر جاموکل

پتہ برائے خط وکتابت

مرید عباس چوہان......منجم، جفار، عامل روحانی

دارالروحانیت: کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ پنجاب پاکستان۔

Ph:0092-66-2241973

Cell:0092-300-6780277

E-mall:mureed-abbas66

@hotmail.com

امتحان قدرت

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا بنی اسرائیل میں تین شخص تھے ایک مبروص، دوسرا گنجا تھا اور تیسرا اندھا تھا اللہ نے ان کے پاس ایک فرشتے کو بھیجا تو وہ سب سے پہلے مبروص کے پاس گیا اور اس سے پوچھا تجھے سب چیزوں سے زیادہ کیا چیز پسند ہے؟ اس نے کہا خوبصورت رنگ اور خوبصورت جلد، میرے برص کے دھبے دور ہوجائیں جن کی وجہ سے لوگ مجھ سے نفرت کرتے ہیں فرشتے نے اس کی جلد پر ہاتھ پھیرا اس کے دھبے دور ہوگئے اچھی جلد مل گئی اور خوبصورت رنگ مل گیا اس کے بعد پوچھا تجھے کونسا مال پسند ہے اس نے کہا اونٹ، فرشتے نے ایک اونٹنی اس کے حوالے کی اور کہا خدا اس میں برکت ڈالے گا۔

اس کے بعد وہی فرشتہ گنجے کے پاس گیا اور اس کی سب سے بڑی خواہش دریافت کی اس نے کہا میری سب سے بڑی خواہش یہی ہے کہ میرے سر پر بال اگ آئیں پھر پوچھا تجھے کونسا مال پسند ہے اس نے کہا گائے، فرشتے نے ایک گائے اس کے حوالے کر کے کہا یہ لو خدا اس میں برکت ڈالے گا۔

بعد ازاں وہی فرشتہ اندھے کے پاس گیا اس سے پوچھا تیری سب سے بڑی خواہش کیا ہے؟ اس نے کہا مجھے آنکھیں مل جائیں تاکہ میں جہان کو دیکھنے کے قابل ہوجاؤں فرشتے نے اس کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرا وہ چشم زدن میں بینا ہوگیا پھر اس سے پوچھا تمہیں کونسا مال پسند ہے؟ اس نے کہا بکری، فرشتے نے ایک بکری اس کے حوالے کر کے کہا یہ بکری لے لو خدا اس میں برکت ڈالے گا اس کے بعد فرشتہ چلا گیا کچھ دنوں بعد مبروص کے اونٹوں سے وادی بھر گئی، گنجے کی گائیں سے وادی بھر گئی اور اندھے کی بکریوں سے وادی بھر گئی۔

پھر وہی فرشتہ اونٹ والے کے پاس مبروص بن کر آیا اور کہا میں مسکین انسان ہوں سفر میں میرا اونٹ مر گیا جس خدا نے تجھے خوبصورت جلد اور چہرہ عطا کیا ہے اس کے صدقے میں مجھے ایک اونٹ دے دو تو اس شخص نے کہا کہ میری ذمہ داریاں بہت زیادہ ہیں میں تمہیں اونٹ نہیں دے سکتا۔

تو فرشتے نے کہا یہ بتاؤ کہ تم بدہیئت مبروص نہ تھے؟ لوگ تم سے نفرت نہ کرتے تھے خدا نے تمہیں صحت دی اور مال دیا۔ اس نے کہا غلط ہے یہ مال ترکہ تو میں نے اپنے آباء واجداد سے حاصل کیا ہے فرشتے نے کہا اگر تو جھوٹا ہے تو خدا تجھے تیری سابق حالت میں لوٹا دے وہ شخص فوراً مبروص بن گیا اور سارا مال تباہ ہوگیا۔

اس کے بعد وہ فرشتہ دوسرے شخص کے پاس گنجا بن کر گیا اور اس سے بھی وہی باتیں کی جو پہلے سے کی تھیں اور اس نے بھی پہلے کی طرح رعونت دکھائی فرشتے نے اسے دوبارہ گنجا بنا دیا اور اس کا مال تلف ہوگیا۔

اس کے بعد تیسرے شخص کے پاس اندھا بن کر گیا اور کہا میں مسکین اور مسافر آدمی ہوں جس خدا نے تجھے آنکھیں عطا کیں اس کے صدقے میں مجھے ایک بکری دے دو تاکہ میں اس سے اپنی گزر بسر کرسکوں۔

تو اس نے کہا آپ نے بالکل سچ کہا میں واقعی اندھا تھا اللہ نے مجھے بینائی عطا کی اللہ نے مجھے مال عطا کیا اس ریوڑ سے جتنا دل چاہے بکریاں لے جاؤ تو اس وقت فرشتے نے کہا تجھے مبارک ہو اپنا مال اپنے پاس رکھو، اللہ نے مجھے تمہارے امتحان کے لیے بھیجا تھا اللہ تم سے راضی ہے اور ان دونوں سے ناراض ہے۔

ہر جمعۃ المبارک کو مومنین کرام کیلئے
امام بارگاہ
میں نہایت مفید اور منفرد پروگرام
نماز مغربین با جماعت، مجلس عزا،
ماتم مظلومؑ کربلا پروگرام
اذان مغرب کے ساتھ ہی شروع ہوگا۔
خطاب علامہ سید ابرار حسین نقوی صاحب
جملہ مومنین کرام سے شرکت کی استدعا ہے۔
منجانب:
ماتمی تنظیم باب الحوائج
شہزادہ علی اصغرؑ
امامیہ امام بارگاہ سول لائن جہلم

حل مشکلات

دائرہ اسماالله الحسنیٰ

قال الله تبارك وتعالیٰ والله الاسمآء الحسنی فادعوه بها

اللہ تبارک وتعالیٰ کو اس کے پاک ناموں سے پکارنا دافع بلیات ہے نا قابل علاج بیماریوں کا شافی علاج ہے ہر مشکل میں آسانی کی کلیہ ہے۔

اسماء الحسنی	معانی	خواص اسماء
الله	اسم ذات ہے	جملہ مقاصد کے لیے
الرحمن	رحمت کرنے والا	موجب محبت پروردگار عالم
الملك	بادشاہ مطلق	برائے قیام ملک
السلام	سلامت رکھنے والا	برائے شفائے مریض
العزیز	غالب، عزت دینے والا	برائے عزت و وسعت رزق
الجبار	غلبہ و جبر والا	برائے امان و مغلوبی دشمن
الغفار	بخشنے والا	برائے مغفرت و عفو گناہ
القهار	بخشنے والا	برائے ترک دونیا کی مقہوری
الفتاح	ہر کار بستہ کھولنے	برائے انشراح قلب و فتوح
العلیم	ہر شے سے باخبر	برائے حصول معرفت و انکساری
القابض	حکمت کے سبب تنگی کرنیوالا	برائے تحفظ دشمنان
الباسط	رزق کھولنے والا	برائے وسعت رزق
الرافع	رفعت دینے والا	برائے نعمت و تونگری
لخافض	پست کرنے والا	برائے دفع اعدا
المعز	عزت دینے والا	برائے عزت و ہیبت
المذل	ظالم کو ذلیل کرنے والا	برائے تذلیل دشمنان
السمیع	سننے والا	برائے استجابت دعا
الحکیم	صاحب حکمت	برائے تنگی معیشت قرض و غربت
العدل	انصاف کرنے والا	برائے خلاصی و شرو ظالمان
الحلیم	بردبار	دفع دشمن قوی
الواسع	وسعت دینے والا	برائے وسعت رزق
الودود	نیکوں کا دوست	برائے الفت و محبت
العظیم	بزرگ تر	برائے عظمت و بزرگی
العلی	سب سے برتر	برائے علو مراتب
الکبیر	سب سے بڑا	برائے عزت و بزرگی
الحفیظ	نگہبان	برائے تحفظ و آسیب
الکریم	کرم کرنے والا	برائے بزرگی، وسعت رزق
المجید	سب سے بزرگ	برائے شفائے عمل
الباعث	اسباب پیدا کرنے والا	برائے انشراح قلب وحصول
الشهید	مردوں کو زندہ کرنے والا	برائے قبولیت و اطاعت
الحق	سچا	برائے تزکیہ نفس
القوی	پوری قدرت رکھنے والا	برائے قوت و غلبہ
الوکیل	نگہبان	برائے مقاصد بزرگ
الولی	نیکوں کا دوست	برائے فتوح غیبی
الحمید	پاک وصفات والا	برائے حصول اوصاف حمیدہ
المحیی	زندہ کرنے والا	برائے توہم از سلطان دفع
الممیت	مردہ کرنے والا	برائے اطاعت نفس و دفع
الحی	ہمیشہ زندہ رہنے والا	برائے حصول شفاء
القیوم	ہمیشہ قائم	برائے قبولیت دعا
الواجد	یکتا کاموں کا بنانیوالا	برائے نورانی قلب
الاحد	یکتا و تنہا	برائے مہمات و شفائے بیمار
الصمد	پاک و بے نیاز	برائے وسعت رزق
القادر	قدرت والا	برائے قدرت و غلبہ نصرت
المقدم	آگے کرنے والا	برائے دفع خوف
الموخر	پیچھے کرنے والا	برائے محبت خدا و عفو گناہ
الاول	سب سے پہلے	برائے احضار
الاخر	سب سے آخر	برائے حصول ایمان
الظاهر	کھلی ہوئی	برائے روشنی چشم
الباطن	پنہاں	برائے اظہار اسرار
الوالی	کارساز	تحفظ مکان از زلزلہ
المتعالی	بزرگ و برتر	برائے علو مرتبت
البر	نیکوکار	نجات آفات
التواب	توبہ قبول کرنے والا	برائے عفو گناہ
المنتقم	انتقام لینے والا	برائے انتقام ظالم
الروف	درگزر کرنے والا	برائے لطف و مہربانی
المقسط	پروردگار	برائے تحفظ اولاد
الجامع	جمع کرنے والا	برائے دفع فقر و غربت

گھریلو ٹوٹکے

بال لمبے اور گھنے کیجئے

پہلی ترکیب: بال لمبے اور گھنے کرنے کے لیے بیری کے پتے لے کر ان کو بالکل باریک پیس لیں پھر جھاگ نکال کر بیس منٹ تک سر میں خوب ملیں اور پھر سر دھولیں صابن اور شیمپو کا استعمال بالکل نہیں کریں۔

دوسری ترکیب: خشک آملے، ہڑ خورد، ریٹھے اور بیری کے پتے ہم وزن لے کر ایک لیٹر پانی میں جوش دیں اور پھر ٹھنڈا کر کے رکھ لیں اس سے ہفتہ میں دو مرتبہ سر دھوئیں اس سے بھی خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں گے۔

پچکے ہوئے رخسار ابھارنے کے لیے

ایک چھٹانک خالص چنبیلی کا تیل لیں اور ایک تولہ لیموں کا رس ملا لیں اور روانہ چہرے پر مالش کریں اس سے پچکے ہوئے رخسار ابھر آئیں گے اور ساتھ ہی چہرے کے داغ دھبے بھی دور ہوں گے۔

کپڑوں پر سے سیاہی کے داغ دور کیجئے

کپڑوں سے سیاہی کے داغ دور کرتے کے لیے دھبوں کے اوپر ہیئر اسپرے کریں پندرہ منٹ بعد کسی اچھے واشنگ پوڈر سے دھولیں اور استری کریں دھبے دور ہو جائیں گے۔

جلن کے لیے

باروچی خانے میں کام کے دوران اگر ہاتھ جل جائے تو فوراً پانی میں تیل ملا کر اس میں ہاتھ ڈبو دیں چھالے نہیں پڑیں گے اور ساتھ ہی جلن کا احساس ختم ہو جائے گا۔

ہاتھوں کی خوبصورتی کے لیے

ہاتھوں کی سلوٹوں کو دور کرنے کے لیے عرق گلاب تقریباً آدھا پاؤ روغن بادام ۱۵ گرام پھٹکری، ۱۵ گرام اور ۴ انڈوں کی سفیدی لے کر اسے ایک پتیلی میں مکس کر لیں اور دھیمی آنچ پر پکائیں یہ پک کر لئی کی سی شکل اختیار کرے تو اتار لیں روزانہ رات کو اس آمیزے سے ہاتھوں کی مالش کریں بہت جلد مفید نتائج برآمد ہوں گے۔

چہرے کی چھائیاں دور کریں

جن خواتین کے چہرے پر چھائیاں ہوں وہ پریشان نہ ہوں ایک آسان نسخہ ہے اسے آزمائیں اور چھائیاں ختم کریں۔ مٹی کی پیالی میں ایک چمچہ بالائی اور چار باداموں کی چربی پیس کر مرکب بنالیں چہرے پر رات کو سونے سے قبل لیپ کریں اور صبح ٹھنڈے پانی سے منہ دھولیں۔

بلینڈر سے لہسن، پیاز کی بو کو دور کریں

اکثر بلینڈر میں لہسن، پیاز وغیرہ کی بو ہو جاتی ہے اس کو دور کرنے کے لیے بلینڈر میں پانی اور کھانے کا چمچ سرکہ ڈال کر بلینڈر دو منٹ کے لیے چلائیں پھر پانی پھینک کر اچھی طرح دھولیں بو بالکل ختم ہو جائے گی۔

تولیہ نرم کرنے کے لیے

اکثر اوقات تولیہ دھلنے کے بعد سخت ہو جاتا ہے تولیہ دھونے کے بعد ایک بالٹی میں پانی بھر کر ایک چائے کا چمچہ بورک پوڈر ڈال کر دھلے ہوئے تولیہ کو اس میں ڈال دیں تھوڑی دیر کے بعد نچوڑ کر پھیلا دیں تولیہ سوکھنے کے بعد نرم رہے گا۔

ٹائلز صاف کیجئے

کچن اور باتھ روم کی ٹائلز دھونے کے لیے تھوڑا سا پٹرول اور سرکہ آپس میں ملا کر ٹائلز پر لگا کر تھوڑی دیر کے بعد اچھی طرح پانی سے دھولیں ٹائلز چمک جائیں گے۔

قالین سے سگریٹ کا داغ مٹائیے

اگر قالین پر سگریٹ کی راکھ سے داغ پڑ گئے ہوں تو اس پر چاندی کا سکہ رگڑیئے داغ دور ہو جائیں گے۔

پراٹھے نرم بنائیں

اگر پراٹھے نرم بنانے ہوں تو گھی ہمیشہ لکڑی کے چمچے سے لگایئے پراٹھے نرم رہیں گے۔

مصالحے تازہ رکھیے

مصالحے رکھنے سے پہلے مصالحے کے ڈبوں میں ایک قطرہ مونگ پھلی کا تیل ڈال کر مل دیں اور پھر مصالحے کئی دن تک تازہ رہیں گے۔

پیاز کاٹتے وقت

پیاز کاٹتے وقت چھری کی نوک پر ایک آلو کا ٹکڑا لگا دیں آنکھوں میں جلن نہیں ہوگی اور نہ ہی آنکھوں سے پانی نکلے گا۔

انگور کے چھلکے اتاریئے

انگور کے چھلکے اتارنا ہوں تو بالکل پریشان نہ ہوں ایک پیالے میں خوب ٹھنڈا پانی رکھیں اور ایک پیالے میں گرم پانی انگوروں کے خوشے کو پہلے ٹھنڈے پانی میں ایک منٹ کے لیے بھگو دیں پھر گرم پانی میں ایک منٹ کے لیے چھلکے خود بخود نکل جائیں گے۔

کپڑے اجلے کرنے کا آسان نسخہ

اگر کپڑے بہت زیادہ میلے اور داغ دھبے والے ہوں تو انکو صاف کرنے کے لیے کپڑے دھونے کا سوڈا اور کپڑے دھونے کا صابن لے کر کسی برتن میں دونوں چیزیں ڈال کر گرم کر لیجئے پھر اس مرکب کو ٹھنڈا کر کے کپڑے دھو لیجئے کپڑے بے حد صاف ہو جائیں گے۔

ماربل پر بلیچ کے دھبے صاف کرنا

ماربل پر سے بلیچ کے دھبے آسانی سے آپ صاف کر سکتے ہیں اس کے لیے لیموں کا رس اور سرکہ ملا کر داغ دھبے صاف کریں ماربل پر سے نشانات بالکل صاف ہو جائیں گے اور آپ کے ماربل چمکنے لگیں گے۔

مختصر گھریلو ٹوٹکے

1 انگلیوں پر سیاہی کے دھبے دور کرنے کے لیے صابن سے ہاتھ دھو کر کیلے کے چھلکے رگڑ لیں۔
2 چمڑے کی اشیاء کا داغ دور کرنے کے لیے داغ پر موم بتی رگڑ لیجئے۔
3 کشمش اور سیاہ مرچ کے دانے چبانے سے منہ کے چھالے جاتے رہتے ہیں۔
4 مکڑی کاٹنے پر کھٹائی اور ہلدی پیس کر لگانا مفید ہے۔
5 چاندی کی اشیاء کے داغ دور کرنے کے لیے ابلے ہوئے آلوؤں کا پانی رگڑ لیجئے۔
6 عطر کا دھبہ دور کرنے کے لیے ٹاٹری ملا کر نیم گرم پانی سے دھوئیں۔
7 گندھک کی دھونی دینے سے چارپائی میں کھٹمل نہیں رہتے۔
8 سنگترہ، لیموں، ٹماٹر یا انگور کا رس پینے سے سوکھا بن دور ہو جاتا ہے۔
9 خون کے دھبے دور کرنے کے لیے نیم گرم پانی اور صابن سے دھو کر امونیا رگڑ کر پانی سے دھو لیں۔
10 فرش پر سفیدی کے دھبے دور کرنے کے لیے کپڑے دھونے کے سوڈے میں سرسوں کا تیل اور پانی ملا لیں پھر اس میں کپڑا بھگو کر فرش پر رگڑیئے۔
11 ہلدی کے دھبے دور کرنے کے لیے لیموں کا رس رگڑیئے۔
12 سرکہ سے کپڑوں کا رنگ بحال ہو جاتا ہے۔
13 جس ڈبے میں سونے کے زیورات رکھیں اس میں کافور کی چند ٹکیاں رکھنے سے زیورات کا رنگ خراب نہیں ہوتا۔
14 دیگچی کے داغ دور کرنے کے لیے دیگچی میں آلو انڈے یا سرکہ ابالیں۔
15 پانی کے داغ دور کرنے کے لیے بغیر ابلا دودھ کپڑے پر رگڑیں۔
16 سیاہی اور کاجل کا داغ دور کرنے کے لیے نمک رگڑیں۔
17 روزانہ غسل سے قبل پاؤں کے انگوٹھوں میں خالص سرسوں کا تیل ملنے سے بڑھاپے تک آنکھوں کی روشنی کم نہیں ہوتی۔
18 آم کی گٹھلی خشک کر کے سفوف بنا کر کھانے سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔
19 بجلی کی استری کا زنگ دور کرنے کے لیے سوڈا بائیکارب سے زنگ صاف کریں۔
20 سرسوں کے بیج روزانہ حسب ضرورت پیس کر اس لیپ کو رات سوتے وقت چہرے پر لگائیں صبح کو چہرہ تازہ پانی سے دھو لیں چہرے کے داغ دھبے دور ہو جاتے ہیں۔
21 اگر ہاتھ یا جسم کا کوئی حصہ بھاپ سے جل جائے تو کچا آلو پیس لیجئے چند منٹ میں ہی آپ کافی آرام محسوس کریں گے۔
22 گھی میں نیم کے پتے جلا کر اس گھی کو زخموں پر لگایئے جلد آرام ملے گا۔
23 اگر جسم کا کوئی حصہ جل یا جھلس جائے تو اس پر فوراً سرسوں کا تیل لگا دیجئے یا وہ عضو جو جل گیا ہے فوراً سرسوں کے تیل میں ڈبو دیجئے آبلہ پڑے گا اور نہ ہی کوئی نشان وہاں ظاہر ہوگا۔
24 اگر اچانک تیز بخار ہو جائے تو بکری کا دودھ ہاتھوں، پاؤں اور سر پر ملنے سے بخار فوراً اتر جائے گا۔

☆☆☆

برائے چھپائی
رابطہ: علی قائم زیدی
ایم اے پرنٹرز، بھون روڈ چکوال
فون: 0543-541637

اسلام میں اخلاق اور سیاست

ازقلم:..... آیت اللہ عظمیٰ روح اللہ خمینیؒ

اسلام کے اخلاقی احکام بھی سیاسی ہیں یہی حکم جو قرآن میں ہے مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں تو یہ ایک اخلاقی حکم ایک اجتماعی اور ایک سیاسی حکم ہے۔ اگر مومنین اور اسلام میں مختلف طائفے کہ جو خدا اور پیغمبر اسلام پر ایمان رکھتے ہیں آپس میں بھائیوں کی طرح رہنے لگ جائیں اور جس طرح ایک بھائی دوسرے بھائی کو محبت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اس طرح سے تمام گروہ ایک دوسرے کو محبت کی نگاہ سے دیکھنے لگ جائیں تو جہاں یہ بہت عظیم اسلامی اخلاق ہے وہاں اس سے بہت عظیم اخلاقی نتائج بھی برآمد ہوں گے۔ یہ ایک عظیم اجتماعی حکم ہے اور اس کے بہت عظیم اجتماعی اثرات ہیں۔

سیاسی پہلو کی وسعت

کہا جا سکتا ہے کہ خدا کی دعوت حتیٰ ان چیزوں میں بھی اجتماعی اور سیاسی پہلو کی حامل ہے جو اس کے اور خدا کے درمیان افراد کے شخصی وظائف اور رواج سے مربوط ہیں۔

دین سیاست سے جدا نہیں ہے

اگر آپ ہماری اسلامی ثقافت میں مذہب کا مفہوم سمجھ جائیں تو واضح طور پر دیکھیں گے کہ مذہب اور سیاسی قیادت کے درمیان کوئی تصادم نہیں بلکہ سیاسی جدوجہد بھی دینی و مذہبی واجبات اور وظائف کا ایک حصہ ہے۔ سیاسی جدوجہد کے ذریعے ہدایات و رہبری کرنا دینی رہبر کی ذمہ داریوں میں سے ایک۔

اسلام دین سیاست

اسلام دین سیاست ہے ایک ایسا دین، جس کے احکام اور نقطہ ہائے نظر میں واضح طور پر سیاست کو دیکھا جا سکتا ہے شہروں سے لے کر قصبوں اور دیہات تک اسلامی ممالک کی تمام مساجد میں نماز جماعت کیلئے اجتماعات کا مقصد یہ ہے کہ ہر قصبہ اور ہر شہر میں مسلمان ایک دوسرے کے حالات سے مطلع ہوں۔ مستضعفین کے حالات سے مطلع ہوں۔ ہر ہفتے کسی ایک جگہ پر نماز جمعہ کا عظیم اجتماع منعقد ہوتا ہو کہ جس میں دو خطبے پڑھے جاتے ہیں اور ہر خطبے میں روزانہ کے مسائل ملک کی ضروریات، علاقے کی احتیاجات اور سیاسی واجتماعی واقتصاد جہالت کو بیان کیا جاتا ہے تاکہ لوگ ان مسائل سے آگاہ ہو جائیں۔ ہر سال دو عیدوں پر لوگ جمع ہوتے ہیں۔ نماز عید میں دو خطبے دیئے جاتے ہیں کہ جن میں حمد وثناء اور پیغمبر اسلامؐ وآئمہ پر درود وسلام کے بعد سیاسی، اجتماعی اور اقتصادی جہالت کے ساتھ ساتھ ملک وعلاقے کی ضروریات واحتیاجات کو بیان کرنا ضروری ہے۔ خطباء کو چاہئے کہ لوگوں کو مسائل سے آگاہ کریں اور سب سے بڑھ کر حج کے موقع پر ہر سال تمام اسلامی ممالک سے آئے ہوئے مسلمانوں کا ایک عظیم اجتماع وجود میں آتا ہے کہ جن پر مستطیع ہونے کی وجہ سے حج واجب ہوجاتا ہے۔ اس موقع پر حج کے مواقف، عرفات، خصوصاً منٰی میں پھر خود مکہ مکرمہ اور بعد میں حرم رسول اکرمؐ میں اسلامی مسائل کو بیان کرنا چاہئے۔ تاکہ وہاں پر آئے ہوئے مسلمان اسلامی ممالک کے اوضاع واحوال سے آگاہ ہو سکیں۔ درحقیقت وہاں پر تمام اسلامی ممالک کے حالات کا جائزہ لینے کیلئے ایک عظیم اجتماع ہوتا ہے پس ہر روز محلوں میں اجتماع اور ہر شہر وعلاقے میں صورت حال کا جائزہ لینا ہر ہفتے شہروں میں اور جہاں نماز کی شرائط موجود ہیں وہاں شہروں اور اس سے بالاتر پورے ملک کے حالات کا جائزہ لینے کیلئے ایک عظیم اجتماع کا انعقاد ہر اسلامی ملک کے حالات کا جائزہ لینے کیلئے عید کے بڑے اجتماع اور حج کے لئے تمام اسلامی ممالک کا حج کے مختلف مواقع پر عظیم اجتماع کہ جس میں تمام اسلامی ممالک کے حالات کا جائزہ لیا جانا چاہئے یہ تمام مسائل سیاسی ہیں ایسے مسائل ہیں کہ جن پر توجہ دی جانی چاہئے۔

لیکن افسوس ناک بات یہ ہے کہ ان مسائل سے بہت زیادہ غفلت برتی گئی ہے۔ اجتماعات تو منعقد ہوتے ہیں لیکن ان سے نتیجہ اخذ نہیں کیا جاتا۔ مسلمان مکہ مکرمہ اور مواقف پر ہوتے ہیں لیکن ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے لوگوں میں وحدت نہیں ہے۔ اسلام نے لوگوں کو ان اجتماعات کی طرف ایک عظیم مقصد کی خاطر بلایا ہے۔

استعمار اور دین وسیاست کی جدائی کا نعرہ

دین وسیاست کی جدائی کا نعرہ استعمار پروپیگنڈہ ہے کہ جو مسلمان قوموں کو اپنی قسمت کا مالک بننے کی اجازت نہیں دینا چاہتا۔ اسلام کے مقدس احکام میں عبادی امور سے زیادہ سیاسی اور اجتماعی اُمور پر بحث کی گئی ہے۔ مسلمانوں کے داخلی اور خارجی امور میں رسول خداؐ کی روش بتاتی ہے کہ سیاسی فعالیت وجدوجہد اور مبارزت آپ کی اہم ترین ذمہ داری میں سے تھی۔

امیر المومنینؑ اور امام حسینؑ کی شہادت اور آئمہ کو قید وبند میں رکھنا، شکنجہ دینا، جلاوطن کرنا اور زہر دینا صرف ستمگروں کے خلاف سیاسی میدان میں شیعوں کی مجاہدت کی وجہ سے تھا خلاصہ یہ کہ سیاسی فعالیت وجدوجہد ومبارزت اہم ترین مذہبی ذمہ داری میں سے ہے۔

عبادی وسیاسی اجتماعات

اسلام میں عیدالفطر، عیدالاضحیٰ، حج و مواقف، نماز جمعہ اور شب و روز منعقد ہونے والی نماز جماعت کا جو مقام ہے اس کے عبادی پہلو بھی ہیں اور سیاسی واجتماعی پہلو بھی۔ یہ دونوں پہلو آپس میں مدغم ہیں۔

دین اسلام صرف عبادی دین نہیں ہے اور عبد و خدا کے درمیان فقط روحانی ذمہ داری پر اس کا انحصار نہیں ہے اس طرح یہ دین اسلام صرف ایک مذہب و دین سیاسی ہی نہیں ہے بلکہ اس میں سیاست وعبادت دونوں موجود ہیں۔ اس کی عبادات سیاست میں اور سیاست عبادات میں مدغم ہیں۔ یعنی وہی عبادی پہلو، سیاسی پہلو کا حامل بھی ہے۔ مسلمانوں کو چاہئے کہ ان اجتماعات سے بہت زیادہ فائدہ اٹھائیں مثلاً صدر اسلام میں مساجد اس طرح کی نہیں تھیں کہ جس طرح منحرف افراد کے ہاتھوں یہ مسجدیں بعد میں تباہ ہو گئیں۔ مسجد ایک ایسی جگہ تھی جہاں کفار اور خودسروں کے خلاف فوج تیار ہوتی تھی۔ اسی مسجد میں خطبے پڑھے جاتے تھے اور لوگوں کو بتایا جاتا تھا کہ فلاں آدمی نے فلاں جگہ مسلمانوں کے خلاف قیام کیا ہے اور ان پر تجاوز کیا ہے یا لوگوں کا مال واسباب لوٹ لیا ہے اس پر زبردستی کر رہا ہے یا اس میں خامیاں اور برائیاں پائی جاتی ہیں یہ سن کر لوگ اسی مسجد سے دشمن کی طرف روانہ ہوتے تھے اور اسی مسجد میں معاہدے کئے جاتے تھے۔

صاحبانِ قلم سے اپیل

ہاشمیہ جنتری آپ کے ہاتھوں میں ہے تمام اہل قلم علماء کرام، ادیبوں اور دانشور حضرات سے اپیل ہے کہ قلمی اور مالی معاونت فرما کر قومی خدمت سرانجام دیں۔ شکریہ (مدیراعلیٰ)

☆☆☆

مجلس عزا
جناب بشیر حسن روہتاسی
25 صفر چہلم حضرت امام حسینؑ
مرکزی جلوس

استخارہ قرآن مجید

قرآن مجید سے فال دیکھنے کے چند طریقے ہیں جن میں سے سید رضی الدین طاؤس نے ایک یہ طریقہ نقل فرمایا ہے۔ فال دیکھنے والے کو چاہئے کہ باوضو ہو کر پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر سورہ اخلاص تین بار پڑھے اور تین بار درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ تَفَاءَلْتُ بِكِتَابِكَ وَ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ فَارِنِیْ مَا هُوَ الْمَكْتُوْمُ مِنْ سِرِّكَ الْمَكْنُوْنِ فِیْ غَيْبِكَ.

بعد اس کے قرآن مجید کو کھولے جو مضمون داہنی طرف کے صفحہ کے پہلی سطر میں نکلے اس پر عمل کرے اگر آیہ رحمت یا امر خیر ہے تو کام بہتر ہے اگر آیہ غضب ہے تو یہ کام نہ کرے۔

تسخیر ومحبت وغیرہ کے بیان میں

اگر خاوند اپنی زوجہ کے نام پر سورۂ یوسف باطہارت دوات قلم سے لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز اس سورۂ کو ایک بار پڑھ کر طالب دعا ہو تو اس کی زوجہ فرمانبردار ہو جائے۔

ایضاً: خاوند اپنے اور اپنی زوجہ کے نام کے اعداد کے برابر آیۃ الکرسی پڑھے جتنی تعداد چاہے ہر روز پڑھے اور ہر روز دعا مانگا کرے اختتام عمل پر اس کی زوجہ مطیع ہو جائے اور اپنی عصمت کی نگہداری کرے گی اور نیز دوران عمل آیہ کسی کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

ایضاً: اگر کسی مومنہ کا شوہر مکروہات دنیا میں گرفتار ہو اور زوجہ سے لاپرواہی اور محبت نہ کرتا ہو۔ تو دو رکعت نماز اس ترتیب پڑھے کہ ہر رکعت میں بعد سورۂ الحمد یہ آیت شریفہ ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيكم و بين الذين عاويتم مودة واللّٰه قدير واللّٰه غفور رحيم۔ جب سلام پھیرے تو ستر مرتبہ یہ دعا پڑھ۔ اللهم صل علىٰ محمدٍ و آل محمد بعد و من صلى عليه اس کے بعد بہتر مرتبہ یہ دُعا پڑھے۔ اللهم لين قلب شوہر اور اس کے والد کا نام لے۔ كمالينت الحديد لداود عليه السلام و سخرني كما سخرت الريح سليمان ابن داؤد عليهم السلام والف بيننا كما الفت بين محمدٍ صلى للّٰه عليه و آله و سلم و خديجه و عليٍ عليه السلام و زهراء يا ارحم الرحمين.

ایک روشن حقیقت

وَمَاکَانَ الْمُوْمِنُوْنَ لِیَنْفِرُوْا کافۃً فلو لانفر مِنْ کُلِّ فِرْقَۃٍ مِنْھُمْ طائفَۃٌ لِیَتَفَقَّھُوْا فِی الدِیْنِ وَ لِیُنْذِرُوْ قَوْمَھُمْ اِذَارَجَعُوْا اِلَیْھِمْ لَعَلَّھُمْ یَحذرُوْنَ (توبہ۱۲۲)۔

ترجمہ: ''تمام مومنین کیلئے گھروں سے نکلنا ممکن نہیں ہے۔پس اگر ہر قوم سے لوگ اس لئے نکلیں تاکہ علم دین حاصل کریں۔اور اپنی قوم کو واپس آکر ڈرائیں تو اُمید ہے وہ خوف خدا کرنے لگیں''۔

اس آیت کی تفسیر جہاد کیلئے گھر سے نکلنے اور علم دین کے حصول کے لئے گھر سے نکلنے کے ساتھ کی گئی ہے اور بلا شک میدان قتال میں جہاد کی نیت سے جان قربان کرنے کیلئے نکلنا علم دین کے حصول کیلئے گھر سے نکلنے کے مترادف ہے۔مگر علم دین (اجتہاد) کے حصول کیلئے نکلنے سے زیادہ دشوار ہے اور اس کی دلیل یہ ہے اگر راہ اجتہاد راہ جہاد سے مشکل نہ ہوتا تو پروردگار عالم یہ نہ فرماتا۔

"وماکان المؤمنون لینفروا کافۃ"

تمام مومنین کے لئے گھروں سے نکلنا مشکل ہے۔

بلکہ اجتہاد کے حصول کیلئے بھی تمام مومنین کو گھروں سے نکلنے کا حکم فرماتا ہے جس طرح دیگر آیات میں جہاد کیلئے گھر سے نکلنے کا حکم تمام مومنین کیلئے ہے اور اس کے فوراً بعد پروردگار عالم کا یہ فرمان جاری کرنا کہ

"فلو لانفر من کل فرقۃ منھم طائفۃ لیتفقھوا فی الدین"

''ہر قوم سے ایک گروہ علم دین کے حصول کیلئے گھر سے نکلے''

اس بات کی دلیل ہے کہ اجتہاد کے حصول کا مطالبہ ہر قوم سے باصلاحیت افراد سے کیا ہے تاکہ علم دین حاصل کرنے کے بعد اپنی قوم کو وعظ ونصیحت کے ذریعے ڈرائیں تاکہ نظام شریعت مرکز سے لے کر چھوٹی چھوٹی بستیوں تک قائم رہے۔

الغرض راہ اجتہاد، راہ جہاد سے بہت ہی مشکل ہے ہر مومن گھر بار، خاندان، وطن، اولاد، تجارت چھوڑ کر علم دین کے حصول کیلئے سفر نہیں کر سکتا۔اگر ایسا کرے گا بھی تو نظام زندگی معطل ہو جائے گا۔اقتصادی معاشی اور تجارتی نظام ختم ہو جائے گا۔جبکہ تجارت ومعیشت وغیرہ بھی علم دین کی طرح زندگی کی ضرورت ہے جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے تمام مومنین سے فرداً فرداً اجتہاد کا تقاضا نہیں کیا بلکہ فرمایا ہر قوم سے باصلاحیت لوگ علم دین کے حصول کیلئے گھر سے نکلیں اور واپس آکر اپنی اپنی قوم کو وعظ ونصیحت کے ذریعے ڈرائیں۔یعنی ہر قوم سے کچھ لوگ علم دین کے لئے سفر کریں اور باقی لوگ تجارت ومعیشت کے نظام کو سنبھالیں اور تمام عقلاء پر واضح ہے کہ یہ طریقہ تمام اقوام کیلئے دونوں ضروریات زندگی یعنی دین اور دنیا کے حصول کا بہترین طریقہ ہے اور اس طریقہ تمام اقوام کیلئے دونوں ضروریات زندگی یعنی دین اور دنیا کے حصول کا بہترین طریقہ ہے۔اس طریقہ پر عمل کرنا تمام اقوام اسلام کیلئے ممکن اور آسان ہے۔

علم دین دو علوم کا مجموعہ ہے۔علم کلام یعنی عقائد اور علم الفقہ یعنی احکام شریعت ان دو علوم کے علاوہ باقی علوم ان علوم کا مقدمہ ہیں۔جس طرح وضو نماز کا مقدمہ ہے۔منصب اجتہاد حصول سے پہلے نماز میت کی طرح واجب کفائی ہے۔جس طرح کچھ لوگ نماز میت ادا کریں تو دوسروں پر فریضہ ساقط ہے اگر کوئی ایک بھی نہ پڑھے تو تمام گناہگار اور مجرم ہوں گے۔اس طرح منصب اجتہاد کچھ مومنین حاصل کرلیں تو کافی ہے اگر کوئی درجہ اجتہاد تک نہ پہنچے تو تمام گناہگار اور مجرم ہوں گے البتہ حصول کے بعد امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی طرح واجب ہے۔لہٰذا اس اعتبار سے اجتہاد اور نماز میت میں یہ فرق ہے کہ اگر کچھ لوگ نماز میت ادا کریں تو باقی آزاد ہیں۔لیکن اجتہاد میں ایسا نہیں بلکہ اگر کچھ لوگ منصب اجتہاد حاصل کرلیں تو باقی تمام مومنین پر ان کی تقلید کرنا واجب ہے۔کیونکہ نماز میت اور اجتہاد کے مقاصد میں فرق ہے۔نماز میت کا مقصد مومنین کو اسی دنیا میں باعزت زندگی کا شعور دینا ہے جو اس دنیا میں حقیقتاً باعزت نہیں آخرت میں کیا خاک عزت دار ہوگا؟

عمر تو کٹی پرستش بتاں میں آتش!
آخر وقت میں کیا خاک مسلمان ہوئے

لہٰذا اجتہاد حصول کے بعد امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی طرح واجب ہے یعنی باقی مومنین پر مجتہد کی تقلید کرنا اس طرح واجب ہے جس طرح بُرائی سے روکنے اور نیکی کا حکم دینے والے کی بات سننا واجب کچھ لوگ یہ سمجھتے ہوں، بُرائی سے روکنا اور نیکی کا حکم دینا تو واجب مگر اس کا سننا اور توجہ کرنا ہم پر واجب نہیں ہے۔یہ کسی اور فقہ میں ہوگا کہ قوم کا عالم امر بالمعروف ونہی عن المنکر کر رہا ہے اور لوگ اس طرح قریب سے گذر رہے ہیں جس طرح فٹ پاتھ پر کھلونے بیچنے والے کے قریب سے گزر جاتے ہیں۔فقہ جعفریہ میں یہ بے مروتی نہیں ہے بلکہ فقہ جعفریہ فریقین کی عزت کی ضامن ہے۔یعنی جس طرح ایک مومن پر اس کی نصیحت کو سننا واجب نہ ہو تو فریضہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر بے اثر ہو جائے گا۔لہٰذا اگر برائی کا مرتب یا نیکی کا تارک اس کی نصیحت کو نہیں سنتا تو اس پر دو جرم عائد ہوں گے ایک بُرائی کے ارتکاب یا نیکی کو ترک کرنے کا اور دوسرا وعظ کی نصیحت کو نہ سننے کا الغرض اجتہاد کے واجب کفائی ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ اجتہاد نہ کرنے والوں پر کچھ بھی واجب نہیں اور وہ ہر طرح سے آزاد ہیں اگر ایسا ہوتا تو کوئی راہ اجتہاد کی مشکلات برداشت نہ کرتا لہٰذا ہر مومن پر دو امروں میں سے کوئی ایک واجب اجتہاد یا تقلید یا اجتہاد نہ کرنے والوں پر تقلید کرنا اور یہی

فلسفہ ہے اجتہاد میں بلا یقین واجب ہونے کا یعنی واجب کفائی میں اللہ نے معین نہیں فرمایا کہ فلاں مومن ادا کرے۔

الہم۔۔۔ اللہ نے اجتہاد حاصل کرنے والوں کی تقلید کے ذریعے باقی مومنین پر مرکز دین سے منسلک متمسک رہنے کی پابندی عائد کی ہے۔

مطلق تقلید کا معنی ہے ''قبول قول الغیر بلا دلیل'' اور فقہ میں تقلید کا معنی ہے مسائل شرعیہ میں فقط فقہی کی ذات پر اعتماد کرنا'' اور تقلید کا یہ معنی ہمارے خطباء و ذاکرین میں بھی پایا جاتا ہے تاکہ ہم ان کو مذہبی و دینی اعتبار سے قابل اعتماد سمجھتے ہیں جس کی وجہ سے ان کی بات قبول کر لیتے ہیں جبکہ وہ فقہی ہیں اور نہ ہی مجتہد اور اگر وہ کسی مجتہد کا فتویٰ نقل کرتے ہیں تو یہ الگ بات ہے اور یہ بھی ہماری بدقسمتی ہے کہ اس آدمی کی بات قابل اعتماد اور بات قابل تقلید ہے جو نہ فقیہ اسلام اور نہ ہی مجتہد!!! اور جنہوں نے علوم آل محمدؐ کی خاطر خاندان و وطن چھوڑ کر زندگیاں صرف کر دیں۔ جو منطق و حکمت، فقہ و اصول اور تفسیر و حدیث کے اسپیشلسٹ سمجھے جاتے ہیں۔ ان پر ہمیں اعتماد نہیں لیکن اس بات کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ خطباء ذاکرین کی توہین کی جائے بلکہ ان لوگوں کی خدمات ستائش ہیں مگر ان کا حق فقط اتنا ہے کہ آل محمدؐ کے فضائل بیان کر کے روح ایمان کو تازہ کریں اور مصائب بیان کر کے لوگوں کے دلوں میں ان کی مظلومیت کا درد پیدا کریں۔ ان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ فقہ میں مداخلت کریں اور اپنی طرف سے قرآن کی تفسیریں شروع کر دیں۔ امام صادقؑ کے مطابق احکام کا استنباط کرنا فقط ان لوگوں کا حق ہے جو منطق فلسفہ، اصول و قوانین اور حدیث پر مہارت رکھتے ہیں اور اگر ذمہ دار لوگوں کے علاوہ بھی آدمی فقہ میں مداخلت شروع کر دے تو فقہ امام جعفر صادقؑ کا بھی وہی حال ہوگا جو دو سالہ شاگرد کی فقہ کا حال ہے۔

پس اللہ نے راہ اجتہاد کے مشکل ہونے کی وجہ سے بعض مومنین پر اس کا حصول واجب قرار دیا ہے اور باقی مومنین پر اس کا حصول واجب قرار دیا ہے اور باقی مومنین کو اہل اجتہاد کی تقلید کے ذریعے اس صعوبت سے آسانی دی ہے نہ یہ کہ جو اجتہاد کرے سو کرے اور باقی جانوروں کی طرح زندگی کے جنگل میں آزاد انسان اشرف الخلائق ہیں اگر اس کی زندگی جانور کی طرح غیر مرتب وغیرہ منظم ہوگی تو پھر کیا شرف رہے گا جو لوگ کہتے ہیں تقلید حرام ہے میں ان سے پوچھتا ہوں کہ ہم تمہارے اس فتویٰ پر اعتماد کر لیں کیا یہ تمہاری تقلید نہیں ہے؟ اور بالفرض یہ مان بھی لیں کہ تقلید حرام ہے۔ تو تم بتلاؤ کس سے حلال و حرام کے مسائل پوچھنے چاہئیں؟ اور مجتہد کے علاوہ جس سے بھی احکام پوچھتے جائیں گے اور پوچھ کر جب ان احکام پر عمل کریں گے کیا یہ اسی شخص کی تقلید نہ ہو جائے گی۔ یاد رکھو! اگر تقلید کو ناجائز قرار دیا جائے تو پھر ہر مومن پر اجتہاد واجب ہو جائے گا کیونکہ زمانہ غیبت امام زمانہ میں ہر مومن کا وظیفہ شرعی دو حال سے خالی نہیں۔

۱) ہر مومن تمام احکام شرعیہ کا علم تفصیلاً دلیل کے ساتھ خود حاصل کرے۔

۲) یا جس نے تفصیلاً علم حاصل کیا ہے اس سے پوچھ کر عمل کرے۔

پہلی صورت کو اجتہاد اور دوسری صورت کو تقلید کہتے ہیں۔ اگر کوئی تقلید کو جائز نہیں سمجھتا اور خود اجتہاد بھی نہیں کر سکتا تو وہ احکام شرعیہ پر کس طرح عمل کرے گا۔ جبکہ معصومؑ بظاہر موجود نہیں تاکہ براہ راست پوچھ لیں میرے خیال میں تقلید سے انکار کا مقصد یا تو عمل سے جان چھڑانا ہے اپنی پسند کے احکام ایجاد کرنا اور شاید اس انتشار کا سبب تقلید کے معنی کو نہ سمجھنا ہے۔ لہٰذا پہلے اس امر کی ضرورت ہے کہ تقلید کا معنی درست سمجھا جائے اور تقلید کا معنی بیعت نہیں ہے بیعت صرف معصومؑ کی ہوتی ہے اور تقلید نائب معصومؑ کی ہوتی ہے۔

آغاز اسلام میں جب اقوام در اقوام، قبیلے در قبیلے اسلام قبول کرتے تھے، سب کو رسولؐ اسلام فقہ کی کلاس لگا کر نہیں پڑھاتے تھے بلکہ کچھ اصحاب کو فقہ کی تعلیم دی گئی تھی جو اسلام لانے والوں کی بستیوں اور گاؤں میں جا کر ان کو حلال اور حرام بتاتے تھے۔ حتیٰ کہ رسول اسلامؐ کے عہد میں دو تین مرتبہ یہ واقعہ بھی پیش آیا کہ کچھ قبیلوں نے کہا کہ ہم نے اسلام قبول کر لیا ہے جبکہ وہ دل سے مسلمان نہ ہوئے تھے۔ بلکہ منہ سے دکھاوے کا کلمہ پڑھتے تھے لہٰذا احکام شریعت کی تعلیم کیلئے ہم کو معلم دیئے جائیں اور جب آپ نے فقہ جاننے والے اصحاب کو ساتھ بھیجا تو انہوں نے گھر لے جا کر شہید کر دیا) اور وہ لوگ اصحاب سے شریعت سیکھتے تھے یہی اصحاب کی تقلید ہے۔

البتہ اس زمانے میں اس موجودہ دشوار گزار اجتہاد کی ضرورت نہیں تھی چونکہ رسول اسلام صلعم موجود تھے جس بات کا پتہ نہیں چلتا تھا براہ راست پوچھ لیتے تھے۔

لہٰذا آغاز اسلام سے ہی معصومؑ کی بیعت اور نائبین معصومؑ کی تقلید چلی آ رہی ہے یہ فقط زمانہ غیبت کی ایجاد نہیں جس کے کئی ایک شواہد ہیں مثلاً۔

۱) جنگ موتہ میں رسول خداؐ اور مولا امیر المومنینؑ ساتھ نہیں گئے تھے۔ اس لئے آپ نے جنگ موتہ پر جناب زید بن حارث کو لشکر اسلام کا فرماندار کل مقرر کیا اور جناب جعفر طیارؓ اور جناب عبداللہ بن رواحہؓ کو ان کا معاون خاص مقرر کیا اور باقی لشکر کو ان کی اطاعت کا حکم دیا تھا اس واقعہ سے کیا یہ ثابت نہیں ہوتا کہ رسول اسلام نے لشکر اسلام کو جناب زید بن حارث کا حکم دیا تھا اور اگر کوئی یہ اشکال کرے کہ جناب زید بن حارث کی اطاعت تقلید کی وجہ سے واجب نہیں تھی بلکہ اس وجہ سے تھی رسول اسلامؐ نے ان کی اطاعت کا حکم دیا ہے تو یہ اشکال بعینہ اقرار تقلید ہے کیونکہ ہم بھی تو مراجع کرام کی تقلید اس وجہ سے کرتے ہیں کہ امام معصومؑ نے ان کی اطاعت کا حکم دیا ہے اور اسی اطاعت کا دوسرا نام تقلید ہے۔

۲) امام جعفر صادقؑ نے اپنے شاگرد ابان بن تغلب کو حکم دیا ہے "اے ابان! میرے رانوں کے ساتھ تیرے بیٹھنے سے میں زیادہ پسند کرتا ہوں کہ تم مسجد میں جا کر بیٹھ کر لوگوں کو ہماری فقہ کے مطابق حلال اور حرام کے فتاوئی دو۔

۳) اس طرح امامؑ دور دراز کے مومنین کو اپنے علاقے کے بزرگ صحابہ جو امام کی نظر میں معتبر ہوتے تھے۔ کی طرف سے احکام شریعہ میں رجوع کرنے کا حکم دیتے تھے کیا یہ سب اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ امامؑ ابان بن تغلب اور دیگر معتبر اصحاب کی تقلید کا حکم دے رہے ہیں۔

۴) اسی طرح امام حسینؑ کا حبیب ابن مظاہر کو خط میں ان الفاظ کے ساتھ یاد کرنا الی رجل فقیہ حبیب ابن مظاہر اسدی کیا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ حبیب ابن مظاہر اپنے قبیلہ میں فقہی السلام تھے۔

لہٰذا آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ فقہ میں تقلید نابینا پن کا نام نہیں ہے اور نہ ہی مقصد جہالت کے گڑھے میں ڈالنے کا نام ہے بلکہ تقلید اعتماد کا نام ہے۔ یعنی اعتماد کی بنا پر احکام شریعت میں رہنمائی حاصل کرنا ہے۔

اور تقلید اس معنی میں معصومینؑ کے زمانے میں بھی موجود تھی فقط یہ کہ معصومؑ کے وجود مبارک کی وجہ سے اتنی مشقت طلب اجتہاد کی ضرورت نہیں تھی اور جب معصومینؑ کے زمانہ میں دور دراز کے مومنین اپنے اپنے علاقے اور قوم کے معتبر صحابہ کی تقلید کرتے تھے، تو اس دور میں بھی احکام شریعت میں موثق و معتبر لوگوں کی تقلید جائز ہے۔

چونکہ بغیر تقلید کے مرکز اسلام سے ربط رکھنا ناممکن ہے اور تقلید سے انکار شیرازہ اسلام کو بکھیرنے کے مترادف ہے اور یہ بھی واضح رہے کہ معصومینؑ کے زمانہ میں امام معصومؑ کے موجود ہونے کی وجہ سے خصوصی موارد کے سواء معتبر صحابہ کی تقلید واجب نہیں تھی بلکہ جائز تھی کیونکہ معصومینؑ موجود تھے۔ ان سے براہ راست احکام شریعت پوچھنا ممکن تھا۔ صرف سفر کی مصیبت سے بچنے کیلئے معصومؑ نے مقامی صحابہ کرام کی تقلید جائز قرار دی تھی۔ مگر غیبت کے زمانہ میں امام معصومؑ کے غائب ہونے کی وجہ سے فقہائے اسلام نے تقلید واجب قرار دی ہے تاکہ شریعت کے حلال و حرام کا نظام کی مداخلت سے محفوظ رکھا جا سکے کیونکہ امامؑ بظاہر موجود نہیں تاکہ براہ راست ہر بندہ استعفادہ کر سکے اور اگر فقہائے اسلام کی تقلید نہیں کریں گے تو شیرازہ اسلام بکھر جائے گا اور جس کی وجہ سے مذہب شیعہ کی نہ مرکزیت رہے گی اور نہ افتراق سے بچ سکیں گے۔

مراجع عظام وہ لوگ ہیں جن کی امام زمانہ کے نزدیک بے عزت ہے کہ امامؑ ان پر بھروسہ کر کے قوم کی ہدایت ان کے ہاتھ دے گئے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اعتماد امامؑ زمانہ کی غیبت کا جواز ہے مثلاً مجھ جیسا کوئی گستاخ اگر قیامت کے دن امام زمانہ سے یہ سوال کرے کہ مولاؑ! آپ کو اللہ تعالیٰ نے ہماری ہدایت کیلئے بھیجا تھا۔ آپ ہماری ہدایت کی ذمہ داری کس کے ہاتھ میں دے کر چلے گئے تھے تو جو جواب مولا دیں گے۔ اسی جواب کی بناء پر مجتہد (نائب امامؑ) کی تقلید واجب ہے گویا امام معصومؑ کی غیبت کے بعد آپ کے نائب کی تقلید سے انکار ایسے ہے جیسے وفات رسولؐ کی خلافت حق سے انکار۔

امام زمانہؑ کی غیبت کے کئی ایک جوازات ہیں ان میں سے اہم جواز مجتہد کا وجود ہے اس لئے جب تک مرجع الوقت وجود میں نہیں آیا۔ آپؑ نے ہدایت کا نظام نواب اربعہ کے ذریعے چلایا اور جب دنیا میں پہلا مجتہد درجہ اجتہاد تک پہنچا تو آپ نے فرمایا میرے بابا کی حدیث

مَنْ كَانَ مِنَ الْفُقَهَاءِ صَائِناً لِنَفْسِهِ مُحَافِظاً لِدِيْنِهِ مُخَالِفاً لِلْهَوَاهِ مُطِيْعاً لِاَمْرِ مَوْلَاهُ فللقوم اَنْ يقلدوه ○

پر عمل کرو اس کام کیلئے میں کسی سے نہیں ملوں گا اور ملنے کا جو دعویٰ کرے گا وہ جھوٹا ہے یعنی اگر کوئی یہ دعویٰ کرے کہ مولاؑ مجھے فلاں شے کے حلال یا فلاں شے کے حرام ہونے کا حکم دے گے وہ جھوٹا ہے بلکہ مجتہد سے اجتہاد کی روشنی میں جو کہے اس پر عمل کرنا لازم ہے۔

اگر مولاؑ یہ جملہ نہ فرماتے تو ہر بندے نے کہنا شروع کر دینا تھا کہ مولاؑ مجھے فلاں حکم دے گئے ہیں شاباش عمل کرو۔ آج فلاں حکم دے گئے ہیں ایسا کرو، اس سے فقہ تباہ ہو جاتی، لہٰذا مولاؑ کی ملاقات جس سے بھی ہوئی اجراء احکام کیلئے نہیں تھی۔

پس یاد رکھیں بیعت معصومؑ کی ہوتی ہے اور تقلید معصومؑ کے نائب کی اور جس طرح معصومینؑ کی موجودگی میں مومنین امام وقت کی بیعت اور مقامی معتبر اصحاب کی احکام شریعت میں تقلید کرتے تھے۔ ہم امام زمانہؑ کی بیعت کرتے ہیں اور ان کے نائب کی تقلید کرتے ہیں۔

پس یاد رکھیں! بیعت معصومؑ کی ہوتی ہے اور تقلید معصومؑ کے نائب کی اور یہ بھی واضح رہے کہ جو حیثیت موجود زمانہ میں مراجع کرام کو حاصل تھی اور ہے وہ حیثیت ان معتبر اصحاب کو بھی حاصل نہیں تھی معصومؑ کے عہد میں جن کی تقلید کی جاتی تھی اگر چہ ان کی عظمت کا زیادہ ہونا اپنی جگہ مسلم ہے کیونکہ امام معصومؑ موجود تھے دین اور دنیا کے تمام اختیارات امامؑ کے ہاتھ میں تھے لیکن اب ہمارے درمیان امامؑ براہ راست موجود نہیں تو دین اور دنیا کے ممکنہ اختیارات (تمام اختیارات نہیں بلکہ ممکنہ اختیارات) مراجع کرام کے ہاتھ میں ہیں یعنی مرجعیت فقط حلال و حرام کا مسئلہ بتانے میں محصور و محدود نہیں بلکہ حدود و قصاص، تعزیرات و نفاذ احکام کے اختیارات بھی ان کے ہاتھ میں دیئے گئے ہیں اور یہی ایک شرعی حکمران کی شان ہے۔ اس بنا پر اجتہاد نام ہے حالات حاضرہ اور ترقی زمانہ کے مطابق حلال و حرام کی مفاہمت کے ساتھ ساتھ قوم کی اسلامی قیادت شرعی ریاست کا جس کا دوسرا ولایت فقیہ ہے۔

وسعت رزق کے اعمال

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص دو مہینے تک ہر روز سو مرتبہ اس دعا کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو مال اور علم کا خزانہ عطا کرے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ جس شخص کی روزی کا باب تنگ ہو گیا ہے اگر وہ چاہے کہ روزی مجھ کو آسانی سے مل جائے تو لازم ہے کہ صبح و شام میں تین مرتبہ اس دُعا کو پڑھے۔ لکھا ہے کہ اس عمل کا اثر یہ ہے کہ عامل کی سات پشت خلق کی محتاج نہ ہو گی۔ اللہ تعالیٰ کی مدد سے وہ دعا یہ ہے۔

یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ اَنْ تَرْزُقَنِیْ رِزْقًا وَاسِعًا حَلَالًا طَیِّبًا بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

گھر اور اہل خانہ سے شیاطین کو دور کرنے کیلئے

اگر شیاطین اہل خانہ کو پتھر پھینکنے یا گھر کی اشیاء کو آگ وغیرہ لگانے یا اس کی مانند اذیت پہنچاتے ہوں۔ تو اس دعا کو حسب ذیل نقش کے ساتھ لکھ کر گھر کی دیوار کے ساتھ چسپاں کر دیں۔ شیاطین دور ہو جائیں گے۔

(ولا هم یحزنون سبحانك اللهم وبحمدی اشهد ان الا اله الا انت استغفرك واتوب الیه)

ھ	۲	۸	=	اا اا
۷	۱۲	۱۳	=	ااا
۲	۷۱	۳	=	=
ھ	۲	٥	ع	=

خون حیض روکنا

وما محمد الا رسول فقد خلت من قبله الرسل افائن مات اوقتل انْقَلَبْتُمْ (پ ۴۔ ال عمران آیہ ۱۴۴)۔

اگر کسی عورت کا خون نہ رکے جاری رہے تو یہ آیہ مذکورہ تین پرچوں پر لکھ کر ایک پرچہ زیر ناف باندھیں انشاء اللہ خون بند ہو جائے گا اور مریضہ صحت یاب ہو گی۔

خون حیض جاری کرنا

بسمه حمحی عمی عمی وحی وحی استحرد کبار کا ماس رسوها بحق کهیعص. حمعسق دوا کند للوئی اخرج بعزه الله کشادم حیض فلانه بنت فلانه را.

فلانہ بنت فلانہ کی جگہ مریضہ اور اس کی ماں کا نام لکھیں حیض جاری ہو جائے گا۔

عورت کے لئے خاوند دستیاب ہونا

اس مقصد کے لئے عورت کی چادر کے ایک گوشہ میں یہ تعویذ بندھوا دیں۔ جب سوئے تو سرہانے کے نیچے رکھے بہت جلدی مقصد حاصل ہو گا۔

بسم الله الرحمن بسم الله وه بالله و من عندالله ولیه ترجعون هوالذی خلقکم من نفس واحدة و خلق منها زوجها الهے فلما قصنی زید منها زوجها و طرا.

باسم فلاں فلاں کی جگہ پر نام لکھیں۔

طلسم برائے جائز حب وعشق

مندرجہ ذیل طلسم کو مکمل سیاہ رنگ والے مرغ کے خون سے لکھے اور گوسفند کے دل میں رکھ کر بند کر دے پھر جاری پانی والی ندی، نالے کے کنارے دفن کر دے۔ مطلوب محبت اور عشق میں مبتلا ہو جائے گا۔ طلسم یہ ہے۔

ا ا ا ۲ لا ا ۲ لا ع ع ع ا ا ا ا ا ۲ ا ۲ ا ۲ ا ا ا

ع ع ع ا ع ا ا ا ع ا ع ا ا ا ا ھ ھ ھ ا ا ا

علی حب و عشق فلان بن فلاں وعلی حب و عشق فلاں بن فلاں

لڑکیوں کی جلد شادی کی خواہش

سورہ یٰسین آیت ۳۵، اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۲۱۲ مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء ایک وقت مقرر کر کے چالیس روز تک پڑھے انشاء اللہ لڑکی کا پیغام جلد آئے گا۔ آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ. (کرشمہ جعفر)

آپ اور آپ کے بُرج

برج حمل

Aries سیارہ مریخ
دن منگل عدد:۹
جواہر: مرجان رنگ
عقیق: یمنی قرمزی

تاریخ پیدائش ۲۱ مارچ تا ۲۰ اپریل: منسوب حروف، ا، ل، ع، ی۔

فطرت ونفسیات برج حمل

اس تاریخ پیدائش کے دوران پیدا ہونے والے مرد وخواتین کا برج حمل اور حاکم سیارہ مریخ ہوتا ہے اس کا تعلق لوہے اور فولاد سے بھی ہے یہ ستارہ جوش اور گرمی پیدا کرتا ہے اس لیے یہ جوش عمل ابھارتا ہے۔ جس کی وجہ سے اہل حمل سخت جذباتی ہوتے ہیں اپنے حقوق کی خاطر مقابلہ کرنے سے بھی گریز نہیں کرتے اور یہی خواہش ہوتی ہے کہ ان کی تگ ودو کا نتیجہ فوراً نکل آئے حمل افراد مہم باز، قیادت پسند، نڈر اور بے خوف ہوتے ہیں آپ کو اپنی ذات پر مکمل اعتماد ہوتا ہے اور اس بات کا پختہ یقین ہوتا ہے کہ جس کام میں دلچسپی ہے اس کو انجام دے سکتے ہیں۔

آپ فطری طور پر فیاض اور خوش اخلاق ہی اور دوسروں کی خدمت کرنے میں مسرت محسوس کرتے ہیں آپ کے اندر جوز بردست جوش وخروش اور خوش امیدی پائی جاتی ہے اس وجہ سے لوگ آپ کو پسند کرتے ہیں آپ کسی کام کی تکمیل کے لیے انتھک انداز میں محنت کرنے سے نہیں گھبراتے تعلیم کے معاملے میں اہل حمل افراد زیادہ خوش قسمت واقع نہیں ہوتے گو آپ نے بہترین قسم کے ابتدائی مدرسوں سے تعلیم حاصل کی ہو اور یونیورسٹی میں داخلہ مل گیا ہو لیکن پھر بھی عموماً اعلیٰ تعلیم کی تکمیل بہت کم کر پاتے ہیں تاہم آپ ایک اچھے رازدوں ثابت ہوتے ہیں کیونکہ اپنے رازداں کی بڑی احتیاط کے ساتھ حفاظت کرتے ہیں۔

اس برج کے متولدین میں سیاروں کی وضعیت کے مطابق خرابیاں بھی پیدا ہو جاتی ہیں مثلاً خود پرستی، بے صبری، محبت بازی، تیزی وطراری، بدخلقی وبدتمیزی، بے چینی وبے قراری اور ضرورت سے زیادہ پر امیدی، تاہم مناسب اور بروقت تعلیم وتربیت کے ذریعے ان پر قابو پایا جاسکتا ہے۔

اس برج کے حامل خواتین بھی دلیر، نڈر، بے خوف اور ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں گویا حملی عورت جسمانی طور پر تو عورت ہی ہوتی ہے لیکن اس کا انداز فکر مردانہ ہوتا ہے اس لیے اپنے آپ سے مخاطب ہو کر کہتی ہے کاش عورت کی بجائے اللہ مجھے مرد پیدا کرتا۔ اس خصوصیت کے تحت وہ مردانہ نوعیت کے کاموں میں حصہ لے کر یہ ظاہر کرنا چاہتی ہے کہ وہ کسی مرد سے کم نہیں۔ وہ حکم چلا کر اور لیڈرانہ انداز اختیار کر کے اپنے چھپے ہوئے جذبہ کی تسکین کا سامان فراہم کرتی ہے۔

اس لیے حمل عورت حدود قیود سے نفرت کرتی ہے اس لیے وہ خود کو محدود کرنا نہیں چاہتی کیونکہ وہ ایک مجلسی خاتون ہے۔

جہاں تک حملی عورت کی ازدواجی زندگی کا تعلق ہے تو وہ اپنے شوہر کو ایک مہذب، شائستہ، بااخلاق اور پڑھا لکھا انسان دیکھنا چاہتی ہے اور توقع رکھتی ہے کہ اس کا شوہر اس کی ثقافتی دلچسپیوں میں برابر کا شریک ہو اور جب اسکا شوہر اس کی باتوں کا احترام کرتا ہے گا تو یہ ایک بے مثل رفیقہ حیات اور مددگار ثابت ہوگی اس برج سے تعلق رکھنے والے افراد کو چاہیے کہ جو برج ان کا ہم عنصر ہو یعنی ان کو قوس کے شریک حیات کا انتخاب کرنا چاہیے کہ جو برج ان کا ہم عنصر ہو یعنی ان کو قوس کے شریک حیات کا انتخاب کرنا چاہیے تاکہ بعد میں پچھتانا نہ پڑے۔ جہاں تک اہل حمل کی صحت کا تعلق ہے طبیعاتی نقطہ نگاہ سے ان کو درد سر اور سر یا چہرے پر چوٹ کا خطرہ ہوتا ہے لہٰذا یہ افراد اپنی برق رفتاری میں قدرے کمی واقع کریں۔

برج ثور

سیارہ زہرہ۔
دن جمعہ عدد ۶
جواہر الماس رنگ
نیلم فیروزہ گہرا نیلا
پیدائش ۲۰ اپریل تا ۲۰ مئی حرف، ب، د

فطرت ونفسیات برج ثور

آپ کا حاکم سیارہ زہرہ ہے اور اس سیارے کو حسن ومحبت کا مظہر کہا گیا ہے یوں بھی آسمان کا حسین ترین سیارہ ہے علم الاصنام میں اسے موسم بہار کی ملکہ قرار دیا گیا ہے جبکہ اہل یونان اسے محبت کی دیوی سے موسوم کرتے ہیں اس لیے اہل ثور ضرورت سے زیادہ حساس اور جذباتی ہوتے ہیں ان میں خلوص، وفا اور گرمی جذبات کی فراوانی ہوتی ہے اہل ثور خوش

دل انسان ہے ظاہری طور پر یہ سخت گیر اور سخت مزاج معلوم ہوتے ہیں مگر باطنی طور پر یہ ہمدرد اور رحم دل ہوتے ہیں ایثار نفس، قربانی اور وفاداری وخدمت میں ان کا جواب نہیں ملتا۔ ان میں صوفیانہ پن اور روحانی گہرائی پائی جاتی ہے اہل حوت چونکہ انسانیت دوست ہوتے ہیں اس لیے سارے جہاں کا درد ان کے جگر میں ہوتا ہے تاہم جس کے دوست ہوتے ہیں اس کے لیے ہر کام اور مدد کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں جبکہ دشمنی میں بھی انتہاء پسند ہوتے ہیں ان کی کمزوری یہ ہے کہ یہ بہت جذباتی ہوتے ہیں اذیت اور دکھ برداشت کرنا ان کے بس کی بات نہیں۔ ایسی حالت میں انکی آنکھیں پرنم ہو جاتی ہیں بلکہ بعض دفعہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتے ہیں۔

سیارہ نپ چون کا تعلق ذہنی واعصابی عمل سے ہے اس لیے اگر پیدائش کے وقت یہ سیارہ خراب حالت میں ہو تو وہ اہل حوت کو پر اسرار نفسیاتی امراض میں مبتلا کر دیتا ہے یا بچپن کے کسی حادثہ یا بیماری ناقص تربیت کے باعث لاشعوری میں بگاڑ پیدا کر دیتا ہے اور ایسے افراد بد اخلاقیوں کا مظاہرہ کرنے لگتے ہیں لہٰذا اس سیارے کی نحوست دور کرنے کے لیے اس کا طلسم بنوا کر پاس رکھنا چاہیے جبکہ اگر نپ چون پیدائش کے وقت طاقت ور ہو تو شعر ونغمہ اور تصوف وروحانیت کو فروغ دیتا ہے۔ اور خوابیدہ قوتوں کو اجاگر کرتا ہے چھٹی حس تیز کرتا ہے لاشعور سے آگاہی ملتی رہتی ہے اہل حوت بنیادی طور پر خیال اور عالی نصیب ہوتے ہیں اور یہ انسانی نظام کو فطری نظام سے ہم آہنگ کرنے کے خواہشمند رہتے ہیں۔

اہل حوت خواتین بے حد شفیق اور رحمدل ہوتی ہیں یہ اگر انسانوں پرندوں یا دیگر جانوروں کے ہسپتالوں میں کام کریں تو ان کی صلاحیتیں پوری طرح بروئے کار آئیں گی یہ حقیقی معنوں میں ڈاکٹرز ونرس کی خصوصیات سے مکمل طور پر آراستہ ہوتی ہیں حقیقی انس ومحبت، پیار اور شفقت کوئی اس برج کی حامل خواتین سے سیکھے، ماں کی والہانہ ممتا اسی برج کی خواتین میں دیکھنے میں آتی ہیں بچوں کے گھر پہنچنے میں کچھ دیر ہو جائے تو سخت بے چین وبے قرار ہو جاتی ہیں ادھر سے ادھر چکر لگانا شروع ہو جاتی ہیں اور ان کی خیریت سے واپسی کے لیے دعائیں مانگنا شروع کر دیتی ہیں منتیں مانگتی ہیں نیز اہل حوت خواتین بڑی مہمان نواز ہوتی ہیں اس بات سے بھی بڑی خوش ہوتی ہے کہ کوئی ان کا گرم جوشی سے خیر مقدم کرے حوت خواتین پر کشش ہوتی ہیں۔ بے حد جذباتی اور حساس ہوتی ہیں ان کے اندر بھرپور نسوانی اور فنکارانہ صلاحیتیں پائی جاتی ہیں حوت عورت ایک عظیم نفسیاتی اور روحانی قوت کی حامل ہوتی ہیں ان سے ہمیشہ خوش وشریں کلامی سے پیش آنا چاہیے یہ قابل رشک ذہانت کی مالک ہوتی ہیں اس برج کے حامل مرد وزن کو نسبت وشادی کا انتخاب کرتے وقت برج سرطان یا برج عقرب کے افراد کو ترجیح دینا چاہیے ازدواجی زندگی پر مسرت گزرے گی۔ اہل حوت کے امراض کا مرکز پاؤں، شکم اور اعصاب ہیں ان کی خاص احتیاط رکھنی چاہیے۔

شمسی گرہن مطابق ۱۹ مارچ ۲۰۰۷

چاند گرہن در برج سنبلہ: ۲۰۰۷-۰۳-۰۴ اسلام آباد کے معیاری وقت کے مطابق ۴:۱۸ منٹ صبح (پاکستان میں دکھائی دے گا مکمل چاند گرہن ہوگا)

سورج گرہن: ۲۰۰۷-۰۳-۱۹ اسلام آباد کے معیاری وقت کے مطابق در برج حوت ۸:۴۴ منٹ صبح (پاکستان میں دکھائی دے گا)

چاند گرہن: ۲۰۰۷-۰۸-۲۸ در برج حوت دوپہر ۳:۳۲ منٹ (پاکستان میں نہیں دکھائی دے گا مکمل ہوگا)

سورج گرہن در برج سنبلہ: ۲۰۰۷-۰۹-۱۱ جزوی گرہن ہوگا شام ۵:۴۵ منٹ پر (پاکستان میں دیکھا جا سکے گا)

۲۰۰۷ء میں لگنے والے گرہن اور ان کے اوقات:

نمبر شمار	گرہن	در برج	آغاز	اختتام
۱	سورج گرہن ۱۹ مارچ	حوت	۰۵:۵۲:۳۸	۰۷:۴۰:۱۱
۲	سورج گرہن ۱۱ ستمبر	برج سنبلہ	۱۵:۲۵:۳۶	۱۹:۳۶:۰۹
۳	چاند گرہن ۴۔ مارچ	برج سنبلہ	۰۱:۱۶:۰۳	۰۷:۲۵:۰۰
۴	چاند گرہن ۲۸۔ اگست	در برج حوت	۱۳:۵۱:۰۰	۱۸:۲۲:۰۰

حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

(۱) جس شخص نے نماز فجر کو ترک کیا۔ اس کے چہرے کا نور ختم کیا جاتا ہے۔

(۲) جس شخص نے نماز ظہر کو ترک کیا اس کی روزی سے برکت ختم کر دی جاتی ہے۔

(۳) جس شخص نے نماز عصر کو ترک کیا، اس کے بدن سے طاقت ختم کر دی جاتی ہے۔

(۴) جس نے نماز مغرب کو ترک کیا، اس کو اولاد سے کوئی فائدہ نہ ہوگا۔

(۵) جس شخص نے نماز عشاء کو ترک کیا، اس کی نیند ختم کر دی جاتی ہے۔

فالنامہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام

یہ فالنامہ نہایت مجرب ہے جس شخص کو کوئی بہت بڑی جمع پیش آئے یا کسی مشکل وسختی کا سامنا ہو یا کسی بڑی مصیبت میں پڑ جائے یا رزق کی تلاش میں سرگرداں ہو تو چاہئے کہ پہلے وضو کرے پھر صلوٰۃ بر محمدؐ پڑھے۔اس کے بعد حضور قلب اور صدق دل سے انگشت شہادت اس فالنامے پر رکھے جس پر انگلی رکھے اس سے دلی مطلب دریافت کرے یہ فالنامہ قارئین کی تشویق وتفریح طبع کے لئے درج کیا جا رہا ہے اس پر پوری طرح وثوق نہیں کیا جاسکتا اور نہ اسے آسانی صحیفہ سمجھا جاسکتا ہے اور نہ یہ ضمانت دی جاسکتی ہیں کہ یہ معصومؑ سے منقول ہے جدول ملاحظہ فرمایئے۔

حضرت آدم علیہ السلام	حضرت شعیب علیہ السلام	حضرت ادریس علیہ السلام
حضرت یعقوب علیہ السلام	حضرت ابراہیم علیہ السلام	حضرت اسماعیل علیہ السلام
حضرت صالح علیہ السلام	حضرت یوسف علیہ السلام	حضرت ایوب علیہ السلام
حضرت خضر علیہ السلام	حضرت سلیمان علیہ السلام	حضرت محمد ﷺ

حضرت آدم علیہ السلام:

جو نیت ہے اچھی بات کی اس میں خوشی ہو اور دلی مراد برآئے الزام سے بری ہو اور محبوس کی رہائی پائے سلاطین سے رتبہ ملے۔

حضرت ادریس علیہ السلام:

رنجش و جھگڑا پیدا ہوگا اگر نیت سفر کی ہے دیر آئے چند روز تامل کرے اور جو مقصد ہو سفر کرنے سے حاصل ہو۔

حضرت خضر علیہ السلام:

جس نیت سے فال دیکھی ہو خوشی حاصل ہو خوشی کامل ہو اور جو حاجت ہو برآوے سفر اور تجارت میں فائدہ اٹھاوے۔

حضرت صالح علیہ السلام:

جس نیت سے فال دیکھی ہیں وہ چند دنوں میں برآوے اور صبر کرنے سے مشکل حل ہو جاوے جلدی میں نقصان اٹھاوے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام:

جس غرض سے فال دیکھی ہے وہ مقصد حاصل ہو اور مراد برآوے سفر اور تجارت میں فائدہ ہو فال بہتر نیک ہے۔

حضرت اسماعیل علیہ السلام:

جس امر کی خواہش ہو وہ عرصہ میں انجام پکڑے چند روز تامل کرنے پر مدعا پورا ہو ایک جانور سوموار کو اپنے اوپر سے بطور صدقہ قربان کرے تو مشکل حل ہو جاوے۔

حضرت یوسف علیہ السلام:

جو مراد ہو برآوے دوست شاد اور دشمن ذلیل ہووے۔ جو مراد دلی ہو وہ خیر خوبی کے ساتھ انجام پاوے۔ جلد فائدہ اٹھاوے بہت ہی سویرے جو فقیر آوے اس کو اچھی طرح کھانا کھلاوے۔

حضرت شعیب علیہ السلام:

چند روز تامل کرنے سے مقصد حاصل ہوگا۔

حضرت ایوب علیہ السلام:

جو مراد ہو بخیر انجام پاوے اور مطلب برآوے۔

حضرت یعقوب علیہ السلام:

دلی مقصد پاوے لیکن کچھ عرصہ صبر کرے ہجر کے صدمے سے بعد میں معشوق مدعا سے ملے وال ماش فقیر کو دیوے۔

حضرت محمد ﷺ:

اے صاحب داں تو نہایت نصیب والا ہے اور خوشی اور خوبی دیکھے گا اندیشہ وفکر وغم سے دور ہوگا۔فضل کبریا سے تو اپنی مراد پائے گا اور اپنے دلی مقصد کو پہنچ جائے گا۔(ماخوذ از نماز جعفریہ سید اقرار حسین کاظمی)

لوح تسخیر

یہ لوح تسخیر علم جفر کا کمال ہے جس میں قرآن کا اعجاز پوشیدہ ہے اور کلام الٰہی کا زندہ معجزہ ہے یہ ایک پر تاثیر اور چلتا ہوا عمل ہے جس شخص کے پاس لوح تسخیر ہوگی اس کا بند شدہ کاروبار کھل جائے گا دکان اور کاروبار میں برکت ہوگی منافع بہت ہوگا جس لڑکی کی شادی کے پیغام نہ آتے ہوں اس کی برکت سے چند ماہ میں بات پکی ہو جائے گی طالب علم اپنے پاس رکھے تو امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی ہوگی مقدمات میں کامیابی، حسب خواہش شادی اور ملازمت ملے۔

تمام جائز خواہشات پوری ہوں صاحب اولاد ہو، بچوں کی زندگی کو کوئی گزند نہ پہنچے پوشیدہ دشمنوں کے شر اور حاسدوں کے حسد سے محفوظ رہے اور اگر مقروض ہو تو ادائیگی قرض کے اسباب پیدا ہوں۔کسی قسم کا سحر جادو اثر نہ کرے ہر شخص آپ کی عزت کرے گا جائیداد کی خرید وفروخت کے لیے گاہک حسب منشاء ملے میاں بیوی میں محبت رہے طلاق کا خطرہ نہ رہے گا کاروبار اس قدر ترقی کرے کہ آپ حیران رہ جائیں گے غرض لوح تسخیر تمام زندگی کی ضامن ہے کون کہتا ہے کہ کلام الٰہی میں طاقت نہیں۔

ماہر علم جفر حکیم سرفراز احمد زاہد

ایم۔اے پولیٹکل سائنس، فاضل طب والجراحت

مکان نمبر 1 گلی نمبر 5 کالونی، کالر روڈ

اللہ شافی چوک، نزد پل براراں، ملتان (پاکستان)

Ph:061-4512350 موبائل:0300-6331210

قرآنی مستجاب دُعائیں

ہر قسم کی بیماری سے شفا

ہر قسم کی بیماری سے شفا حاصل کرنے کیلئے 7 یا 11 مرتبہ جس جگہ تکلیف ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھیں اور پھونک دیں۔

وَاِنْ یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۱۷﴾

ترجمہ: ''اور اگر اللہ تمہیں کوئی سختی پہنچائے تو کوئی دُور کرنے والا نہیں اس کو اس کے سوا، اور اگر وہ کوئی بھلائی پہنچائے تمہیں تو وہ ہر شے پر قادر ہے''۔
(پارہ نمبر 7، سورۃ الانعام، آیت نمبر 17)

رزق کی تنگی

رزق کی تنگی دُور کرنے کیلئے یا کسی خاص چیز کے کھانے کی حاجت ہو تو 7 مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں اور دُعا پوری ہونے کے بعد اللہ رب العزت کا ضرور شکر ادا کریں۔

رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ﴿۱۱۴﴾

ترجمہ: ''ہمارے رب! ہم پر آسمان سے خوان اُتار کہ ہمارے پہلوں اور پچھلوں کیلئے عید ہو اور تیری طرف سے نشان ہو اور ہمیں روزی دے، تُو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے''۔ (پارہ نمبر 7، سورۃ المائدہ، آیت نمبر 114)

دل کی بیماری اور گھبراہٹ

دل کی بیماری اور گھبراہٹ دُور کرنے کیلئے 41 مرتبہ پانی پر دَم کر کے پئیں۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ؕ ﴿۲۸﴾

ترجمہ: ''جو لوگ ایمان لائے اور اطمینان پاتے ہیں جن کے دل اللہ کی یاد سے، یاد رکھو! اللہ کی یاد (ہی) سے دل اطمینان پاتے ہیں''۔
(پارہ نمبر 13، سورۃ الرعد، آیت نمبر 28)

مقدمہ کی کامیابی

مقدمہ کی کامیابی کیلئے روزانہ کسی بھی نماز کے بعد 133 مرتبہ پڑھیں۔ حق پر ہو تو پڑھے، ناحق پڑھنے والا خود مصیبت میں گرفتار ہو سکتا ہے۔

وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿۸۱﴾

ترجمہ: ''اور کہہ دیں حق آیا اور باطل نابود ہو گیا، بیشک باطل ہے ہی مٹنے والا (نیست و نابود ہونے والا)''۔ (پارہ نمبر 15، سورۃ بنی اسرائیل، آیت نمبر 81)

رشتہ نہ ہونے کے باعث

جس کی اولاد کا رشتہ نہ ہوتا ہو وہ اُٹھتے بیٹھتے اس کا ورد جاری رکھے۔

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ

ترجمہ: ''بھلا کون ہے؟ جو بے قرار (کی دُعا) قبول کرتا ہے جب وہ اُسے پکارتا ہے اور برائی دُور کرتا ہے''۔ (پارہ نمبر 20، سورۃ النمل، آیت نمبر 62)

معاشی تنگی

اگر کسی کے پاس رہنے کی جگہ یا مکان نہ ہو یا روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق سے تنگ ہو یا مسافر ہو اور اس کے پاس کوئی سامان نہ ہو تو وہ اِس آیت کو 151 مرتبہ روزانہ پڑھے، جب تک کامیابی نہ ہو۔ اِنشاء اللہ العزیز کامیابی ہو گی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾

ترجمہ: ''اور بے شک ہم نے تمہیں زمین میں ٹھکانہ دیا، اور ہم نے اس میں تمہارے لئے زندگی کے سامان بنائے، تم بہت کم ہو جو شکر کرتے ہو''۔
(پارہ نمبر 8، سورۃ الاعراف، آیت نمبر 10)

باشمیہ جنتری ○ باشمیہ جنتری ○ باشمیہ جنتری ○ باشمیہ جنتری

Scanned with CamScanner

کسی کی نظروں میں عزت قائم رکھنا

اگر کوئی شخص لوگوں کی نظر سے گر گیا ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی عزت قائم ہو جائے تو وہ اس آیت کو 11 مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر پھونک لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اُسے کامیابی ہو گی۔

فَسُبۡحٰنَ الَّذِیۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ اِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۸۳﴾

ترجمہ: ''سو پاک ہے وہ (ذاتِ واحد) جس کے ہاتھ میں ہر شے کی بادشاہت ہے، اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے''۔

(پارہ نمبر 23، سورۃ یٰسین، آیت نمبر 83)

میاں بیوی میں اختلاف ہو تو

اگر میاں بیوی میں اختلاف ہے، آپس میں پیار و محبت نہیں ہے تو اس آیت کو 99 مرتبہ کسی مٹھاس پر 3 دن پڑھ کر دَم کریں اور دونوں کھائیں۔

وَ مِنۡ اٰیٰتِہٖۤ اَنۡ خَلَقَ لَکُمۡ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ اَزۡوَاجًا لِّتَسۡکُنُوۡۤا اِلَیۡہَا وَ جَعَلَ بَیۡنَکُمۡ مَّوَدَّۃً وَّ رَحۡمَۃً ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوۡمٍ یَّتَفَکَّرُوۡنَ ﴿۲۱﴾

ترجمہ: ''اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لئے پیدا کئے تمہاری جنس سے جوڑے (بیویاں) تا کہ تم ان کے پاس سکون حاصل کرو، اور اس نے تمہارے درمیان محبت اور مہربانی (پیدا) کی، بیشک اس میں البتہ ان لوگوں کیلئے نشانیاں ہیں جو غور وفکر کرتے ہیں''۔

(پارہ نمبر 21، سورۃ الروم، آیت نمبر 21)

لڑکی کے کیلئے رشتہ

اگر کسی لڑکی کیلئے رشتہ نہ آتا ہو، یا آتا ہو مگر پسند نہ آتا ہو تو وہ 113 مرتبہ اس دُعا کو اور تین مرتبہ سورۃ الضحیٰ پڑھیں۔ ہر مہینے 11 دِن تک پڑھیں اور 3 مہینے یہ عمل جاری رکھیں۔

رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ﴿۲۴﴾

ترجمہ: ''اے میرے پروردگار! بیشک جو نعمت تُو میری طرف اُتارے، میں اُس کا محتاج ہوں''۔ (پارہ نمبر 20، سورۃ القصص، آیت نمبر 24)

کند ذہن بچے کیلئے

اگر کند ذہن بچے کو یا طالب علم کو 121 مرتبہ پانی پر دَم کر کے روزانہ پلائیں تو انشاء اللہ العزیز اس کی برکت سے عالم فاضل ہو جائے گا۔

وَ عَلَّمَکَ مَا لَمۡ تَکُنۡ تَعۡلَمُ ؕ وَ کَانَ فَضۡلُ اللّٰہِ عَلَیۡکَ عَظِیۡمًا ﴿۱۱۳﴾

ترجمہ: ''اور آپ کو سکھایا جو آپ ﷺ نہ جانتے تھے اور آپ پر اللہ کا بڑا فضل ہے''۔ (پارہ نمبر 5، سورۃ النساء، آیت نمبر 113)

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے

اولاد کی فرمانبرداری کیلئے اور خدا کے پسندیدہ عمل کرنے کیلئے 3 مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ انشاء اللہ العزیز یہ عمل مفید ثابت ہوگا۔

رَبِّ اَوۡزِعۡنِیۡۤ اَنۡ اَشۡکُرَ نِعۡمَتَکَ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ وَ عَلٰی وَالِدَیَّ وَ اَنۡ اَعۡمَلَ صَالِحًا تَرۡضٰہُ وَ اَدۡخِلۡنِیۡ بِرَحۡمَتِکَ فِیۡ عِبَادِکَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۹﴾

ترجمہ: ''اے میرے رَبّ! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تُو نے مجھ پر انعام فرمائی اور میرے ماں باپ پر اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تُو پسند کرے اور میرے لئے میری اولاد میں اصلاح کر دے، بیشک میں نے تیری طرف توبہ کی اور بیشک میں فرمانبرداروں میں سے ہوں''۔ (پارہ نمبر 26، سورۃ الاحقاف، آیت نمبر 15)

بھٹکے ہوئے کو راستے پر چلانے کا عمل

اگر کوئی شخص سیدھی راہ سے بھٹک جائے، اسے اچھائی برائی کی کوئی تمیز نہ رہے تو اس کو 313 مرتبہ پانی پر دَم کر کے اُس وقت تک پلائیں جب تک اُس کی حالت سدھر نہ جائے۔

وَ ہَدَیۡنٰہُمَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ﴿۱۱۸﴾

ترجمہ: ''اور ان دونوں کو ہم نے سیدھے راستے کی ہدایت دی''۔

(پارہ نمبر 23، سورۃ الصّٰفٰت، آیت نمبر 118)

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے

رزق کی ترقی اور برکت کیلئے یا کوئی کام بس سے باہر ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو یا اگر کسی کام میں آسانی اور جلدی مطلوب ہو تو سورۃ الْمُزَّمِّلُ ایک بیٹھک میں 41 مرتبہ تین دن تک پڑھیں۔ اس عمل سے دوسروں کو نقصان پہنچانا مقصود نہیں ہونا چاہیے۔

دل میں اور چہرے پر نور پیدا کرنے کیلئے

دل میں اور چہرے پر نور پیدا کرنے کیلئے روزانہ ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونکیں۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۳۵﴾

ترجمہ: ''اللہ نور ہے زمین اور آسمانوں کا، اس کے نور کی مثال (ایسی ہے) جیسے ایک طاق ہو، اس میں ایک چراغ ہو، چراغ ایک شیشہ کی (قندیل) میں ہو وہ شیشہ گویا ایک چمکدار ستارہ ہے، وہ روشن کیا جاتا ہے مبارک درخت زیتون سے (جس کا رخ) نہ مشرق ہے، نہ مغرب ہے، قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے خواہ اُسے آگ نہ چھوئے، نورٌ علیٰ نور (سراسر روشنی) ہے، اللہ جس کو چاہتا ہے اپنے نور کی طرف راہنمائی کرتا ہے، اور اللہ لوگوں کیلئے مثالیں بیان کرتا ہے، اور اللہ ہر شے کو جاننے والا ہے''۔ (پارہ نمبر 18، سورۃ النور، آیت نمبر 35)

محبت اور اتفاق پیدا کرنے کیلئے

جس شخص کے دل میں اپنی محبت ڈالنی ہو یا جس خاندان میں نا اتفاقی ہو تو اتفاق پیدا کرنے کیلئے یہ آیت 11 مرتبہ روزانہ پڑھے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّاۤ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾

ترجمہ: ''اور اُلفت ڈال دی اُن کے دلوں میں اگر تم سب کچھ خرچ کر دیتے جو زمین میں ہے اِن کے دلوں میں اُلفت نہ ڈال سکتے لیکن اللہ نے اُن کے درمیان اُلفت ڈال دی، بیشک وہ غالب حکمت والا ہے''۔ (پارہ نمبر 10، سورۃ الانفال، آیت نمبر 63)

بے اولاد جوڑے کیلئے

بے اولاد جوڑے 41 دن تک 300 مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دَم کر کے میاں بیوی دونوں کھائیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نیک صالح اولاد نصیب ہوگی۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾

ترجمہ: ''اور اللہ کیلئے سلطنت ہے آسمانوں کی اور زمین کی اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، وہ پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے''۔ (پارہ نمبر 6، سورۃ المائدہ، آیت نمبر 17)

یہ تمام دعائیں ''بک کارنر جہلم'' کی طبع شدہ مشہور و معروف کتاب
''قرآنی مستجاب دُعائیں''
سے لی گئی ہیں۔ رابطہ کیلئے پتہ درج ذیل ہے:
بک کارنر شوروم
بالمقابل اقبال لائبریری، بک سٹریٹ، جہلم
0544-614977 - 831734
0321-5440882
www.bookcorner.com.pk

دینی کتب کے لیے آپ کا اپنا مرکز کریم پبلی کیشنز سمیع سنٹر 38 اردو بازار لاہور فون: 042-7122772

نور القرآن	4 مسالک کے تراجم	400/-	آل محمد کون؟	محمد رفیق بٹ مرحوم	15/-	قلب قرآن	آیت اللہ دستغیب	90/-
ظہور القرآن	4 شیعہ علماء کے تراجم	400/-	مسلمانوں میں فرقے	محمد رفیق بٹ مرحوم	15/-	سید الشہداء	آیت اللہ دستغیب	75/-
قرآن پاک	ترجمہ مولانا فرمان علی	ورائٹی	تحفۃ العوام جعفری	محمد رفیق بٹ مرحوم	200/-	انوار زہرا	آقائے حسن الہی	135/-
قرآن پاک	ترجمہ علامہ ذیشان جوادی	ورائٹی	ارجح المطالب	عبید اللہ امرتسری	300/-	پرواز روح	آقائے حسن الہی	90/-
قرآن پاک	ترجمہ علامہ صفدر حسین نجفی	ورائٹی	اقبال اور مدح آل محمد	علامہ محمد اقبال	100/-	ریاض الاحزان	آقائے قزوینی	175/-
قرآن پاک	ترجمہ مولانا شیخ محسن علی نجفی	ورائٹی	تاریخ اعثم کوفی	اعثم کوفی	200/-	رجعت	آقائے محمد خادی شیرازی	125/-
تفسیر نمونہ 15 جلدیں	ترجمہ علامہ صفدر حسین نجفی	200/-	تذکرۃ الخواص	سبط ابن جوزی	150/-	سیرت رسول ۲ جلد	مولانا ظفر حسین	675/-
شیعیت کا مقدمہ	حسین الامینی	225/-	حضرت جعفر طیار	علامہ نصیر اختر	120/-	سیرت النبی	جعفر سبحانی	175/-
بنانے کا الہ	جی۔ آر اعوان	150/-	سیرت حسن مجتبیٰ	خواجہ لطیف انصاری	100/-	سیرت امیر المومنین	مفتی جعفر حسین	350/-
سیدنا علی المرتضیٰ	ابو عمار	100/-	اصول دین	علامہ محمد حسین اکبر	120/-	مولا علی	کوثر نیازی	100/-
احسن القول	ابو عمار	130/-	روحوں کا سفر		40/-	مولا حسین	کوثر نیازی	100/-
قرآنی سورتوں کا تعارف	مسعود اختر رضوی	125/-	حضرت رباب	ذاکر مجتبیٰ حسن	20/-	مختار آل محمد	نجم الحسن کراروی	150/-
سیرت فاطمہ	آغا سلطان مرزا	175/-	حسین سب کا	سردار رضوی	100/-	تاریخ اسلام	نجم کراری	260/-
مجالس ام رباب	کنیز ام رباب	110/-	سیرت بتول	آغا عبد الحسین بسمل سرحدی	100/-	تاریخ بنی ہاشم	مرتضیٰ بن رضا	80/-
چہل حدیث	شیخ عباس قمی	60/-	دیوان ابو طالب	علامہ رضی جعفر	100/-	تاریخ اسلام	علی نقی	75/-
وظائف الابرار	مولانا حافظ فرمان علی	75/-	شان علی	پروفیسر شوکت علی عابد	105/-	حفاظت قرآن	مولانا غضنفر مہدی	140/-
وظائف الابرار مجلد	مولانا حافظ فرمان علی	100/-	سچی کہانیاں	مرتضیٰ مطہری ۲ جلدیں	180/-	الفاطر	ڈاکٹر سید اشرف	150/-
اف تک نہ کہو	مولانا حافظ فرمان علی نجفی	130/-	جادو شکن	علامہ عابد عسکری	200/-	زندگانی سید الشہداء	سیدہ گلشن بتول	100/-
اسماء الحسنیٰ	مولانا نیاز محمد ہمدانی	40/-	سندھ اور اہل بیت	علامہ طالب جوہری	85/-	علی کی بیٹی	ڈاکٹر علی آقا	300/-
حدیث کساء	مع اردو ترجمہ	12/-	الشہباز	سوانح لعل شہباز قلندر	130/-	تاریخ اسلام کا سفر	سید علی اکبر رضوی	650/-
دعائے کمیل	مع اردو ترجمہ	12/-	آئینہ زیارات	مولانا محمد نواز کربلائی	30/-	انقلاب کربلا میں خواتین کا کردار		60/-
تعقیبات نماز	مع اردو ترجمہ	12/-	اسلام اور میرا اسلام		45/-	تاریخ تشیع		90/-
ہدیۃ المتقین	مع اردو ترجمہ	36/-	مولا حسن	سید رضی جعفر	100/-	جزیرہ خضرا		35/-
ہدیۃ المتقین	آرٹ پیپر	50/-	عصر ظہور	علی الکورانی	200/-	نگارشات سید العلماء	علامہ علی نقی	150/-
ہدیۃ الصالحین	مع اردو ترجمہ	10/-	سراج الحسین	فوق بلگرامی	225/-	تجلیات ولایت	علامہ ابو الحسن موسوی	70/-
معراج خطابت	سید العلماء	300/-	برکات عزاداری	علی رضا رجائی	50/-	اساس عزاداری	علامہ ابو الحسن موسوی	90/-
روایات عزا	پانچ علماء کی زبانی مصائب	250/-	ذبح عظیم	چوہدری غلام رضا	100/-	احیاء الاموات	علامہ ابو الحسن موسوی	80/-
سیرت امیر المومنین	مفتی جعفر حسین مرحوم	300/-	حضرت زینب	نمونہ صبر	100/-	حضرت شہربانو	علامہ ابو الحسن موسوی	70/-
نہج البلاغہ اردو	مفتی جعفر حسین مرحوم	125/-	آدم اور علی	سید حکیم محمود گیلانی	20/-	اقوال علی انسائیکلوپیڈیا	یوسف مثالی	250/-
صحیفہ کاملہ	مفتی جعفر حسین مرحوم	175/-	الیا	حکیم سید محمود گیلانی	20/-	انوار معرفت ترجمہ مصباح الشریعہ	مولانا احمد نواز	100/-
آؤ رب کو پہچانیں	مفتی جعفر حسین مرحوم	150/-	صحیفہ قدس	علامہ افتخار نقوی	200/-	امام علم و عرفان امام جعفر صادق		175/-
مصائب آل محمد	مولانا موسیٰ بیگ نجفی	150/-	سرزمین انقلاب	سید علی اکبر رضوی	200/-	منبر کا دوسرا امام	امیر حسین چمن	100/-
دنیائے شہر تا دنیا	محمد خاتمی (صدر ایران)	350/-	سرداری طیبہ	آل محمد رزمی	150/-	مجالس المومنین	نور اللہ شوستری	300/-
عدالت اجتماعی	ہاشمی رفسنجانی (صدر ایران)	500/-	سیرت امام رضا	موسیٰ خسروی	135/-	عیون اخبار الرضا جلد اول	شیخ صدوق	200/-
سورہ یٰسین	آفسٹ پیپر	5/-	سردار کربلا	شیخ عباس اسماعیل یزدی	300/-	عیون اخبار الرضا جلد دوم	شیخ صدوق	200/-
سورہ یٰسین	آرٹ پیپر	6/-	کربلا سے کربلا تک		135/-	خلافت و ملوکیت	سید ابو الاعلیٰ مودودی	150/-
پنج سورہ خورد	معری	25/-	مشکل کشاء	دو جلدیں	450/-	میری یادگار ملاقاتیں	امیر حسین چمن	150/-
پنجسورہ کلاں	ترجمہ مولانا فرمان علی	40/-	اسلام کے عظیم ہیرو	حضرت علی، جلد اول	90/-	پھر حضرت علیؑ آئے	ڈی۔ ایف کراکا	60/-
رسول کی نماز	مولانا فیض علی کرپالوی	120/-	اسلام کے عظیم ہیرو	حضرت علی، جلد دوم	85/-	فلسفہ ذبح عظیم	آغا امیر حسین	60/-
حکمتیں	مولانا فیض علی کرپالوی	200/-	بہترین احادیث	شیخ عباس قمی	60/-	آؤ مولا کے آستانے چلو	نجم زیدی	100/-
چودہ ستارے	نجم الحسن کراروی	200/-	فلسفہ عشق	سید تقی رضا عابدی	50/-	منہاج الزائرین	مولانا رائے ظفر علی	90/-
تاریخ اسلام	نجم الحسن کراروی	300/-	مصباح الارواح	حکیم سرور شباب	200/-	ہدیۃ المتقین		40/-
سیرت مصطفیٰ	پروفیسر اعجاز حسین نقوی	80/-	مقتل کربلا	ہندوؤں کی نظر میں	90/-	ظہور امام مہدی قریب تر ہے	(دو حصے) 45/- فی جلد	45/-
بیعت رضوان	پروفیسر اعجاز حسین نقوی	50/-	اقوال حضرت علی	رضا بختیاری	50/-	جہاد اور غلبہ اسلام		45/-
سیرت امام سجاد	پروفیسر محمد عالم مرحوم	60/-	تقلید اور اجتہاد	ابن حسن نجفی	75/-	مقتل حسین		35/-
حیات امام علی نقی	خواجہ لطیف انصاری مرحوم	80/-	اسلامی تعلیم	بچوں کے لیے	45/-	ظہور قائم بالعدل		60/-
سیرت النبی 30 جلدیں	شہید علامہ کرپالوی	100/-	اصول دین	علامہ حسین اکبر	120/-	آداب علم و معاشرت		40/-
تاریخ اسلام 10 جلدیں	شہید علامہ کرپالوی	100/-	مناسک حج	علامہ محمد حسین اکبر	150/-	ہدیۃ الصالحین		10/-
مناقب الصحابہ 15 جلدیں	شہید علامہ کرپالوی	100/-	سائنس اور غلبہ اسلام	ڈاکٹر کلب صادق	50/-	علی مولا		200/-
المیہ کربلا	خواجہ لطیف انصاری	60/-	جن اور شیطان	علی رضا رجائی	75/-	زینب بنت علی		90/-
توحید اور شرک	محمد رفیق بٹ مرحوم	15/-	شمع عدل	ابراہیم امینی	100/-	علمدار کربلا		90/-
حقیقت فقہ جعفریہ	محمد رفیق بٹ مرحوم	20/-	مصائب زہرا	محمد دشتی	40/-	سکینہ سکینہ ہے		50/-
مقام نبوت	محمد رفیق بٹ مرحوم	25/-	کربل دا واقعہ	عارف بصیر	100/-	کربلا کا ننھا شہید		50/-
نبی اور بشر	محمد رفیق بٹ مرحوم	15/-	نفس المہموم	شیخ عباس قمی	300/-	مختار نامہ		125/-